مجالسِ رمضان

افادات

مولانا ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی

ترتیب : جنید احمد نور

ناشر: الاحسان اکیڈمی، بہرائچ

مجالسِ رمضان

مولانا ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی

ترتیب

جنید احمد نور

الاحسان اکیڈمی بہرائچ

سلسلہ برقی اشاعت الاحسان اکیڈمی بہرائچ-۱۰

کتاب	:	مجالسِ رمضان
مصنّف	:	مولاناڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی
مرتب	:	جنید احمد نور، بہرائچ
سرورق	:	وصی اللہ قاسمی بہرائچ
صفحات	:	۱۲۰
اشاعت	:	اپریل ۲۰۲۴ء م/شوال مکرم ۱۴۴۵ھ
ناشر	:	الاحسان اکیڈمی بہرائچ

Majalis-e- Ramazan

by

Maulana Dr.Mohammad Raziul Islam Nadvi

Compiled by

Juned Ahmad Noor, Bahraich

Edition: April 2024 (Shawwal Mukarram 1445 A.H.)

Pages : 120 Price: ₹ 0

Cover: Wasi Ullah Qasmi, Bahraich

Publisher: Al-Ehsan Academy Bahraich

فہرست

الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ
الاحسان اکیڈمی بہرائچ
Al-Ehsan Academy Bahraich
۱۴۴۲ھ
۲۰۲۰ء

حرفے چند

اس کتاب میں جو سوالات و جوابات جمع کیے گئے ہیں وہ ماہ رمضان المبارک ۱۴۴۵ھ میں راقم الحروف سے دریافت کیے گئے تھے۔ روزانہ جن سوالات کے جوابات میں انفرادی طور پر دیتا تھا انہیں شام کو جمع کر کے فیس بک پیج اور واٹس ایپ پر عام کر دیتا تھا۔ اس سلسلے کو احباب نے بہت پسند کیا اور خواہش کی کہ انہیں جمع کر کے عام کر دیا جائے۔ مصروفیت کی بنا پر یہ کام جلد ہو پانا ممکن نہیں تھا، لیکن عزیزی جنید احمد نور نے اس کا بیڑا اٹھایا اور چند دنوں کی محنت سے اسے پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا۔ عزیزی نور بہت صالح نوجوان ہیں۔ علم و ادب سے گہری وابستگی رکھتے ہیں۔ ریاست اتر پردیش کا ضلع بہرائچ ان کا وطن ہے۔ اس نسبت سے بہرائچ کی تاریخ اور وہاں کی مشہور شخصیات کا تذکرہ و سوانح ان کی تحریری و تصنیفی سرگرمیوں کا خاص میدان ہے۔ اس پر ان کی کئی کتابیں شائع ہو کر اہل علم سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ اس خدمت پر میں عزیز موصوف کا شکر گزار ہوں اور ان کے لیے دست بہ دعا ہوں۔

اس مجموعے میں عموماً روزہ اور زکوۃ سے متعلق سوالات ہیں۔ کچھ سوالات دیگر موضوعات پر بھی ہیں۔ ان کے جوابات عموماً بہت مختصر دیے گئے ہیں۔ دلائل سے احتراز کیا گیا ہے۔ دلائل کے طالب میری کتاب 'زندگی کے عام فقہی مسائل' ملاحظہ کریں، جس کی چھ جلدیں مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے طبع ہو چکی ہیں۔

۵/شوال ۱۴۴۵ھ/ ۱۵/ اپریل ۲۰۲۴ء — محمد رضی الاسلام ندوی

مجالسِ رمضان

سوال نمبر 1

میری ایک کڈنی خراب ہو گئی ہے، جسے دو سال پہلے آپریشن کر کے نکال دیا گیا ہے۔ شوگر بھی بڑھ گئی ہے ۔ میرے لیے روزہ کا کیا حکم ہے؟

جواب :

ڈاکٹر سے مشورہ کر لیں۔ اگر ہمت ہو تو اس کے مشورہ سے روزہ رکھ لیں ۔

ورنہ فدیہ ادا کریں۔ ایک روزہ کا فدیہ دو وقت کا کھانا ہے ۔

سوال نمبر 2

بینک انٹرسٹ کیا کسی غریب رشتے دار کو، جس پر بہت سا قرض ہو، دیا جا سکتا ہے؟

جواب :

بینک انٹرسٹ کی رقم کسی غریب کو اس کا قرض اتارنے کے لیے دی جا سکتی ہے، بغیر یہ بتائے کہ یہ انٹرسٹ کی رقم ہے ۔

سوال نمبر 3

میرے بھائی نے ایک پلاٹ خریدا ہے۔ ابھی اسے فروخت کرنے کا ارادہ نہیں ہے۔ کیا اس پر زکوٰۃ ہے؟ جس سال اسے فروخت کرنے کا ارادہ ہو جائے کیا صرف اسی سال کی زکوٰۃ نکلے گی؟

جواب :

اگر پلاٹ خریدتے وقت ارادہ ہو کہ اسے کبھی نہ کبھی فروخت کرنا ہے تو اس پر زکوٰۃ ہے، ہر سال ۔

سوال نمبر 4

آج کل ساعتِ قرآن کا بہت دور دورہ ہے، مگر تلاوت نہیں کی جاتی، صرف قرآن کا ترجمہ اور تفسیر پڑھتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا صحیح ہے؟ سالوں سے یہی ہو رہا ہے۔ اگر منع کریں تو کہتے ہیں: قرآن ختم کرنا ہے، چاہے ترجمہ پڑھا جائے یا تلاوت ۔

جواب :

ترجمہ پڑھنے کا اپنا فائدہ ہے، لیکن وہ تلاوت کا بدل نہیں ہو سکتا ۔

سوال نمبر 5

ایک لڑکی نے ایک غیر مسلم نوجوان سے شادی کرلی تھی۔کچھ عرصہ کے بعد اس کی علیٰحدگی ہوگئی۔اب وہ نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا چاہتی ہے۔وہ دریافت کر رہی ہے کہ اب اسے کیا کرنا ہے؟ کیا کسی کے سامنے کلمہ پڑھنا ہے؟

جواب:

وہ مسلمان ہے۔اسے کچھ نہیں کرنا ہے۔توبہ واستغفار کرے، اللہ تعالیٰ سے گڑ گڑا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور نماز و روزہ کا اہتمام کرے ۔

سوال نمبر 6

ایک خاتون دوسری خاتون سے عمرہ بدل کروانا چاہتی ہے۔وہ ناپاکی کی حالت میں ہے۔جو عورت عمرہ کرے گی وہ پاکی کی حالت میں ہے؟ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

جواب :

حج بدل ہوتا ہے، عمرہ بدل نہیں ہوتا۔ویسے کوئی دوسرے کو عمرہ کرنے کے لیے بھیجے تو اسے اجر ملے گا۔ عمرہ کے دوران عمرہ کے لیے بھیجنے والی عورت کا پاکی کی حالت میں ہونا ضروری نہیں ۔

سوال نمبر 7

ایک شخص کی کپڑوں کی چھوٹی سی دکان ہے۔کیا وہ اپنی زکوٰۃ کپڑوں کی شکل میں نکال سکتا ہے، یا نقد نکالنی ضروری ہے؟

جواب :

زکوٰۃ میں کپڑے بھی دیے جاسکتے ہیں، البتہ بہتر ہے کہ زکوٰۃ نقد نکالی جائے، تاکہ جس کو دی جائے وہ اپنی ضرورت کے کسی بھی کام میں اسے خرچ کر سکے ۔

سوال نمبر 8

بعض کتابوں میں کھانا کھانے کے بعد کی مسنون دعا یہ لکھی ہوئی ہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ ہمارے یہاں کے ایک عالم نے بتایا کہ یہ ضعیف حدیث سے ماخوذ ہے۔ کیا اسے پڑھنا درست نہیں؟

جواب :

یہ بات درست ہے کہ سند کے لحاظ سے یہ حدیث ضعیف ہے، لیکن اسے پڑھنے میں حرج نہیں۔ حدیث سمجھ کر نہ پڑھی جائے ۔

سوال نمبر 9

میرے پاس سو گرام سونے کے زیورات ہیں۔ اس کی زکوٰۃ ڈھائی فی صد کے حساب سے نکالنی ہے۔ کیا میں زیورات میں سے ڈھائی گرام کا کوئی زیور نکال سکتی ہوں، یا رقم کی شکل میں زکوٰۃ نکالنی ضروری ہے؟

جواب:

سونے کے زیورات کی زکوٰۃ سونے میں نکالنا ضروری نہیں۔ زیورات کی قیمت کا اندازہ کرکے نقدی میں زکوٰۃ نکالی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 10

ایک کالج میں مسلم طلبہ کو ماہِ رمضان المبارک میں افطار اور نماز کے لیے ہال دیا گیا ہے۔ اس ہال میں پوجا بھی ہوا کرتی ہے۔ فی الوقت وہاں صفائی کروادی گئی ہے۔ وہاں نماز ادا کرنے میں کوئی حرج تو نہیں؟

جواب:

کوئی حرج نہیں۔ بس سامنے کوئی مورتی یا فوٹو نہ ہو۔ اگر ہو تو اس پر کپڑا ڈھک دیا جائے ۔

سوال نمبر 11

اگر کسی کو بیس سورتیں یاد ہوں تو کیا وہ تراویح میں انہیں پڑھ سکتا ہے یا اَلَم تَرَکَیفَ سے پڑھنا ضروری ہے؟

جواب:

قرآن مجید میں سے جتنا یاد ہے وہ سب تراویح میں پڑھا جا سکتا ہے ۔

سوال نمبر 12

عمرہ کا احرام باندھنے کے بعد کیا چشمہ لگایا جا سکتا ہے ؟ چشمہ کے بغیر نظر نہیں آتا۔ کیا چشمہ لگانے کی صورت میں دم لازم ہو گا ؟

جواب:

حالت احرام میں چشمہ کا استعمال کرنا جائز ہے۔ دم کی ضرورت نہیں ۔

سوال نمبر 13

آج کے حالات میں سونا چاندی اور روپے سب ملا کر کل ویلو ساڑھے باون تولے چاندی کے برابر ہو جائے، لیکن ساڑھے سات تولے سونے کی قیمت کے برابر نہ ہو تو کیا آدمی صاحب نصاب ہو گا ؟

جواب :

فتویٰ اسی پر ہے کہ نصابِ زکوٰۃ چاندی ہے، لیکن سونے کو اسٹینڈرڈ ماننا قابلِ غور ہے ۔

سوال نمبر 14

کچھ خواتین تراویح کا نظم اپنے گھر میں کرتی ہیں۔ امام صاحب کے ساتھ پہلی صف گھر کے مردوں کی بنتی ہے۔ دوسرے کمرے میں پورے محلے کی خواتین ہوتی ہیں۔ کیا ایسا کرنا درست ہے ؟

جواب :

ایسا کیا جا سکتا ہے ۔

سوال نمبر 15

کیا گھر میں تین خواتین جماعت بنا کر نماز پڑھ سکتی ہیں ؟

جواب:

جی، پڑھ سکتی ہیں ۔

سوال نمبر 16

میں دوسرے شہر میں ملازمت کرتا ہوں۔ کبھی وہاں رہتا ہوں، کبھی اپنے شہر میں۔ رمضان میں میری تراویح کبھی ملازمت والے شہر میں ہوگی، کبھی اپنے وطن میں۔ یہاں ایک صاحب منع کر رہے ہیں کہ پوری تراویح کسی ایک جگہ ہی پڑھی جائے، دو جگہوں پر پڑھنا درست نہیں ۔

جواب:

جس دن جہاں رہیں وہاں تراویح پڑھ لیں ۔

سوال نمبر 17

ایک شخص کے تین بیٹے اور پانچ بیٹیاں تھیں۔ اس شخص کے انتقال کے وقت اس کی بیوی، دو بیٹے اور پانچوں بیٹیاں حیات ہیں، جب کہ ایک بیٹے کا انتقال ہو چکا ہے، جس کے دو بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں۔ کیا ان یتیم بچوں کا اپنے دادا کی وراثت میں کوئی حصہ ہوگا، جب کہ کسی قسم کی وصیت بھی نہ کی گئی ہو؟

جواب:

پوتوں پوتیوں کا وراثت میں کوئی حصہ نہیں۔ دادا کو اپنی زندگی میں ہبہ کرنا چاہیے تھا۔ اسے اختیار تھا، وہ جتنا چاہتا ہبہ کر سکتا تھا۔ اسے وصیت کرنی چاہیے تھی۔ وہ ایک تہائی (33.3٪) تک وصیت کر سکتا تھا۔ اس نے نہ ہبہ کیا، نہ وصیت۔ جب اسے ہمدردی نہیں ہوئی تو دوسروں کو ہمدردی جتانے کا حق نہیں ہے ۔

سوال نمبر 18

میں نے کچھ رقم تجارت میں لگا رکھی ہے۔ مجھے زکوٰۃ پرافٹ پر نکالنی ہے یا اصل رقم پر؟

جواب:

زکوٰۃ پرافٹ پر نہیں، سرمایہ پر عائد ہوتی ہے، 2.5٪۔

سوال نمبر 19

کیا عورت کے کفن پر خوش بو لگائی جا سکتی ہے؟

جواب :

جی، لگائی جا سکتی ہے ۔

سوال نمبر20

میرے دانت میں شدید درد ہے۔ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ دانت نکالنا پڑے گا۔کیا روزہ کی حالت میں دانت نکلوایا جاسکتا ہے؟

جواب:

خون حلق سے نیچے نہ اترے تو روزہ کی حالت میں دانت اکھڑوایا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر21

کیا روزے کی حالت میں ملٹی وٹامن انجیکشن لے سکتے ہیں؟

جواب:

انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا، لیکن محض جسمانی کمزوری دوٗر کرنے کے لیے انجیکشن لگوانا پسندیدہ نہیں ۔

سوال نمبر22

کیا خون نکلنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

فقہ حنفی میں خون نکلنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے، فقہ شافعی میں نہیں ٹوٹتا ۔

سوال نمبر23

کیا کچن میں کام کرتے ہوئے یوٹیوب پر قرآن مجید سنا جاسکتا ہے؟ بے ادبی تو نہیں ہوگی۔

جواب:

کچن میں کام کرتے ہوئے یوٹیوب پر قرآن مجید سنا جاسکتا ہے ۔

سوال نمبر 24

اگر کسی کی آمدنی ماہانہ دس بیس ہزار روپے ہے تو کیا اسے روزے کا فدیہ یا زکوٰۃ دی جاسکتی ہے؟

جواب:

آمدنی چاہے جتنی ہو، اگر وہ خرچ ہو جاتی ہو، پھر بھی وہ ضرورت مند رہتا ہو تو اسے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 25

میری آنکھ میں تکلیف ہو گئی ہے۔ ڈاکٹر نے ہر دو گھنٹے پر دوا ڈالنے کو کہا ہے۔ کیا میں روزے کی حالت میں آنکھ میں دوا ڈال سکتا ہوں، یا مجھے روزہ چھوڑنا اور بعد میں اس کی قضا کرنی ہو گی؟ دوا ڈالنے سے حلق میں اس کا اثر آجاتا ہے۔

جواب:

روزے کی حالت میں آنکھ میں دوا ڈالی جاسکتی ہے۔ حلق میں اثر محسوس ہو تو اسے نگلا نہ جائے، بلکہ تھوک دیا جائے۔(بین الاقوامی فقہ اکیڈمی جدہ کے ایک اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا۔)

سوال نمبر 26

ایک خاتون تراویح کی نماز اَلَم تَرَکَیفَ سے پڑھاتی ہیں۔ ان کے پیچھے ایسی خواتین نماز پڑھتی ہیں جنہیں صحیح طریقے سے نماز پڑھنا نہیں آتا، یا انہیں سورتیں یاد نہیں ہیں۔ دوسرے محلے میں ایک حافظ صاحب تراویح پڑھاتے ہیں اور وہاں خواتین بھی جاتی ہیں۔ سوال نمبر یہ ہے کہ ان خاتون کے لیے کیا بہتر ہے؟ اپنے یہاں نماز پڑھاتے رہنا یا دوسرے محلے کی تراویح میں شریک ہونا؟ کس صورت میں ان کے لیے زیادہ اجر ہے؟

جواب:

جیسا چاہیں کرلیں، اجر دینے والا اللہ ہے، جتنا چاہے دے۔

سوال نمبر 27

کیا قرآن ہاتھ میں لے کر اور اس میں دیکھ کر تراویح پڑھی جاسکتی ہے؟

جواب:

فقہ حنفی میں ایسا کرنا درست نہیں، دوسرے ائمہ اجازت دیتے ہیں۔

سوال نمبر 28

زیورات کو بینک میں گروی رکھ کر لون لیا گیا ہے۔ کیا ان پر زکوٰۃ ہے؟

جواب:

گروی رکھنے کی صورت میں زیورات پر زکوٰۃ نہیں۔

سوال نمبر29

ایک شخص نے مجھے کچھ پیسے ایک کام میں خرچ کرنے کے لیے دیے۔ کیا میں اسے کسی دوسرے رفاہی کام میں خرچ کر سکتا ہوں؟

جواب:

کوئی شخص جس کام کے لیے پیسے دے اسی کام میں خرچ کرنا چاہیے، دوسرے کام میں خرچ کرنا درست نہیں ہے۔

سوال نمبر30

کیا روزہ کی حالت میں خون کا سیمپل دیا جاسکت ہے؟ روزہ فاسد تو نہیں ہو گا۔

جواب:

دیا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر 31

ہم ہر سال رمضان میں فہم القرآن کا پروگرام کرتے ہیں، جس میں کچھ خواتین اکٹھا ہوتیں ہیں۔ کوئی ایک خاتون قرآن کا ترجمہ پڑھتی ہے اور دوسری سنتی ہیں۔ کیا ایسا کرنا صحیح ہے؟

جواب:

ایسا کیا جاسکتا ہے، البتہ یہ خیال رہے کہ صرف ترجمۂ قرآن پڑھنا یا سننا قرآن کی تلاوت کرنے کا بدل نہیں ہو سکتا۔ رمضان میں ہر ایک کو تلاوتِ قرآن کا بھی اہتمام کرنا چاہیے۔

سوال نمبر 32

کیا 8 رکعت تراویح پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

رکعاتِ تراویح کو اختلاف و تنازعہ کی بنیاد نہیں بنانا چاہیے۔ جتنی توفیق ہو اتنی تراویح پڑھ لینی چاہیے۔

سوال نمبر33

ایک فلیٹ تجارتی مقصد سے خریدا تھا۔ اچھی قیمت نہ ملنے کی وجہ سے اب تک فروخت نہ ہو سکا۔ اس کی زکوۃ ہر سال ادا کی ہے۔ اب اسے کرایے پر اٹھا دیا ہے۔ کیا اب بھی اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ہے؟

جواب:

اگر اب بھی اسے فروخت کرنے کا ارادہ بر قرار ہے تو اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی، ہر سال ۔
کرایہ جو آرہا ہے اگر وہ جمع رہے تو دوسرے پیسوں میں شامل کرکے زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی ۔

سوال نمبر 34

میرے بھائی کے پاس ایک مشین ہے، جس سے وہ کاروبار کرتا ہے اور اس سے جو کمائی ہوتی ہے اس کی زکوٰۃ ادا کرتا ہے۔ کیا مشین کی بھی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی؟

جواب:

مشین کی زکوٰۃ نہیں ۔

سوال نمبر 35

کیا نماز میں اردو میں دعا مانگ سکتے ہیں؟

جواب:

فرض نماز میں صرف وہ تسبیحات پڑھنی چاہییں جو اللہ کے رسول ﷺ سے ثابت ہیں۔ نفل نماز میں دوسری کوئی دعا مانگ سکتے ہیں، لیکن عربی زبان میں ۔

سوال نمبر 36

کیا وتر کے بعد نوافل پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

حدیث میں ہے کہ رات کی آخری نماز وتر کو بنانا چاہیے، لیکن اس کے بعد بھی نفل پڑھنے کی گنجائش ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ کبھی کبھی وتر کے بعد دو رکعت نفل پڑھا کرتے تھے۔ اگر تراویح کے بعد باجماعت وتر پڑھ لی ہو تو سحری کے وقت کچھ نوافل مزید پڑھے جاسکتے ہیں ۔

سوال نمبر 37

کیا بغیر وضو کے قرآن مجید پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

بغیر وضو کے قرآن پڑھا جاسکتا ہے، البتہ مصحف ہاتھ میں لینے سے جمہور علماء نے منع کیا ہے۔ بعض علماء جائز کہتے ہیں۔ احتیاط اسی میں ہے کہ باوضو قرآن ہاتھ میں لیا جائے ۔

سوال نمبر 38

تراویح کی بیس رکعت میں ہر چار رکعت کے بعد جو تسبیح پڑھی جاتی ہیں، اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

جواب:

حدیث سے ثابت نہیں ہے۔ علماء نے تجویز کی ہے۔ چاہیں پڑھیں، چاہیں نہ پڑھیں ۔

سوال نمبر 39

ایک خاتون کو اس کے شوہر نے ایک طلاق دی تھی، وہ اسی کے گھر میں عدّت گزار رہی تھی۔ دوسرے مہینے شوہر نے دوسری طلاق دے دی۔

کیا اب بھی رجوع کی گنجائش ہے؟

جواب:

دو طلاق کے بعد بھی رجوع کی گنجائش رہتی ہے۔ شوہر زبان سے رجوع کرلے، یا ازدواجی تعلق قائم کرلے، رجوع ہو جائے گا ۔

سوال نمبر 40

عدت کے دوران کیا خاتون سماعتِ قرآن یا کسی دینی اجتماع میں شرکت کے لیے گھر سے باہر جاسکتی ہے؟

جواب:

عدّت کے دوران میں عورت کو بلا کسی ناگہانی ضرورت کے گھر سے باہر جانے کی اجازت نہیں، البتہ وہ کسی آن لائن پروگرام میں شرکت کرسکتی ہے ۔

سوال نمبر 41

میری امی کا انتقال ہو گیا ہے۔ ابو کہتے ہیں کہ انہیں یاد نہیں کہ مہر ادا کیا تھا یا نہیں۔ اب وہ کیا کریں؟

جواب:

اگر شوہر نے بیوی کا مہر نہ ادا کیا ہو تو وہ شوہر کے ذمے قرض رہتا ہے۔ بیوی کا انتقال ہو جانے کی صورت میں وہ اس کے ورثہ میں تقسیم ہو گا۔

شوہر 25٪

بیٹا 30٪

ہر بیٹی کو 15٪

سوال نمبر 42

کیا پلاٹ کی بھی زکوۃ دینی ہو گی؟ اگر ہاں تو جس قیمت پر لیا گیا تھا اس پر، یا آج کی قیمت پر؟

جواب:

پلاٹ اگر برائے فروخت لیا گیا ہے تو اس پر زکوۃ ہے، ہر سال، موجودہ قیمت پر۔

سوال نمبر 43

کیا اپنے مال میں سے انکم ٹیکس کو منہا کر کے زکوۃ نکالی جائے گی؟

جواب:

جب زکوۃ نکالنی ہو تو پہلے اپنے اموال کی فہرست بنائیں: نقد، سونا، چاندی، شیئر، قابلِ فروخت پلاٹ وغیرہ۔ دوسری فہرست اس رقم کی بنائیں جو کسی کو ادا کرنی ہے: قرض یا ٹیکسز وغیرہ۔ اسے پہلی فہرست میں سے منہا کر کے باقی پر زکوۃ عائد ہو گی، 2.5٪۔ واجب الآداء انکم ٹیکس کو بھی منہا کیا جائے گا۔

سوال نمبر 44

کیا مکان کے لیے حاصل کیے گئے لون کو منہا کر کے زکوۃ نکالی جائے گی؟

جواب:

لون کسی بھی مقصد کے لیے حاصل کیا گیا ہو، اسے اپنے پاس موجود مال میں سے منہا کر کے زکوۃ نکالی جائے گی۔

سوال نمبر 45

ایک صاحب نے مجھ سے 50 ہزار روپے قرض لیے تھے۔ اب تک واپس نہیں کیے۔ میں بھی دیکھ رہا ہوں کہ ان کے حالات اچھے نہیں ہیں۔ کیا میں اپنی زکوٰۃ کو قرض میں ایڈجسٹ کر سکتا ہوں کہ ان سے کہہ دوں کہ وہ اب قرض واپس کرنے کی فکر نہ کریں اور میں اپنی زکوٰۃ ادا مان لوں ۔

جواب:

زیادہ تر فقہاء نے اسے ناجائز کہا ہے۔ اس لیے کہ یہ اپنے ڈوبے ہوئے مال کو نکالنے کی ایک ترکیب ہوئی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کی ایک شرط یہ ہے کہ جب کسی کو مال دیا جائے اس وقت زکوٰۃ کی نیت کی جائے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ ہو سکتا ہے کہ آدمی اپنی زکوٰۃ اس شخص دے اور وہ اسی رقم سے اپنا قرض ادا کر دے اور اسی کو لوٹا دے۔ یا وہ کسی اور سے مزید قرض لے کر اپنا سابق قرض ادا کر دے اور اسے زکوٰۃ دے دی جائے، جس سے وہ بعد والا قرض اتار دے ۔ بعض فقہاء کہتے ہیں کہ یہ سب کرنے کی ضرورت نہیں۔ زکوٰۃ کو قرض میں ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے ۔

سوال نمبر 46

حاملہ عورت کے لیے روزے چھوڑنے کی اجازت صرف کم زوری یا حمل میں کسی پیچیدگی کی صورت میں ہے، یا پوری طرح صحت مند ہوتے ہوئے اور روزہ رکھنے کی طاقت رکھتے ہوئے بھی وہ روزے چھوڑ سکتی ہے؟

جواب :

حاملہ عورت کو صحت مند ہوتے ہوئے بھی روزہ نہ رکھنے اور بعد میں قضا کرنے کی اجازت ہے۔ اس لیے کہ دورانِ حمل روزہ رکھنے سے جنین پر کچھ اثر پڑ سکتا ہے۔ لیکن اگر عورت صحت مند ہو اور وہ سوچے کہ بعد میں روزہ قضا کرنے میں دشواری ہوگی، جب کہ ابھی وہ بہ آسانی روزہ رکھ سکتی ہے تو اس کی بھی اجازت ہے ۔ مسافر کو بھی روزہ نہ رکھنے اور قضا کرنے کی اجازت ہے۔ ایک صحابی نے اللہ کے رسول ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے قضا کرنے میں دشواری ہے، جب کہ میں حالتِ سفر میں روزہ رکھ سکتا ہوں۔ آپ نے اسے اجازت دے دی ۔

سوال نمبر 47

ایک صاحب نے کسی کی مدد کے لیے کچھ رقم زید کو دی اور کہا کہ وقتِ ضرورت اس رقم میں سے اُس آدمی کو دیتے رہنا۔ زید اُس رقم میں سے اُس آدمی کو حسبِ ہدایت دیتا رہا۔ ابھی کچھ رقم باقی ہے اور ایک سال گزر گیا ہے۔ کیا زید پر اس رقم کی زکاۃ واجب ہے؟ یہ رقم زید کے پیسوں میں ملی ہوئی ہے۔ زید کے پاس اس کا مکمل حساب ہے ۔

جواب :

زکوٰۃ یااعانت کے لیے دی گئی رقم اگر ایک سال تک کسی کے پاس رہے تو اس پر زکوٰۃ نہیں ۔

سوال نمبر 48

ایک خاتون کا حمل ضائع ہو گیا۔ ابارشن کروانا پڑا۔ وہ روزہ رکھنا چاہتی ہیں۔ کیا اسے اجازت ہے۔ کہا جاتا ہے کہ پیدائش یا اسقاط کے 40 دن کے بعد عورت پاک ہوتی ہے۔ اس سے قبل روزہ رکھنا جائز نہیں ۔

جواب:

بچے کی پیدائش کے بعد عموماً 40 دن خون آتا ہے۔ اسے 'نفاس' کہتے ہیں۔ اس مدت میں نماز پڑھنا، روزہ رکھنا ممنوع ہے ۔ جو حمل چار مہینے پورے ہونے پر یا اس کے بعد ضائع ہو اس کے بعد نظر آنے والا خون 'نفاس' ہو گا۔ لیکن اگر حمل چار مہینے مکمل ہونے سے پہلے ضائع ہو جائے تو اس کے بعد نظر آنے والا خون 'نفاس' کا نہیں مانا جائے گا۔ اس صورت میں دیکھا جائے گا کہ اگر کم از کم تین دن تک خون آیا تو یہ خونِ حیض شمار ہو گا، ورنہ نہیں۔ اس صورت میں عورت روزہ رکھ سکتی ہے ۔

سوال نمبر 49

جس عورت کا بچہ ایک برس کا ہو گیا ہو، کیا وہ روزہ رکھ سکتی ہے؟

جواب:

جو عورت اپنے بچے کو دودھ پلاتی ہو، اگر وہ طاقت محسوس کرتی ہے اور روزہ رکھ سکتی ہے تو اسے اجازت ہے ۔

سوال نمبر 50

میرے ایک رشتے دار کا انتقال سعودی عرب میں ہو گیا۔ وہاں غسل دینے، کفن پہنانے اور نماز جنازہ پڑھنے کے بعد ان کی نعش کو بھیج دیا گیا۔ کیا دوبارہ غسل اور تکفین کی ضرورت ہے، یا اسی طرح نمازِ جنازہ پڑھ کر دفن کیا جا سکتا ہے؟

جواب:

دوبارہ غسل دینے اور دوسرا کفن پہنانے کی ضرورت نہیں۔ اسی طرح نماز جنازہ پڑھ کر دفن کیا جا سکتا ہے ۔

سوال نمبر 51

میرا بار بار وضو ٹوٹ جاتا ہے، کسی صورت میں اس پر قابو نہیں۔ پھر میں قرآن کیسے پڑھوں؟ کیا بغیر وضو قرآن پڑھنے کی گنجائش ہے؟

جواب:

اگر بار بار پیشاب ہوتا تو اسے 'سلس البول' کہتے ہیں اور اگر بار بار ریاح خارج ہوتی ہے تو اسے 'سلس الریح' کہتے ہیں۔ دونوں صورتوں میں حکم یہ ہے کہ ایک نماز کے وقت میں ایک بار وضو کرلیا جائے، یہ پورے وقت کے لیے کافی ہوگا۔ مثلاً ظہر کا وقت شروع ہو تو وضو کرلیا جائے، عصر تک نماز اور تلاوتِ قرآن جو بھی کرنا ہو کیا جائے، عصر کا وقت شروع ہو تو پھر وضو کرلیا جائے ۔

سوال نمبر 52

کیا روزے میں سر کے بال کٹوائے جاسکتے ہیں؟

جواب:

جی، کٹوائے جاسکتے ہیں ۔

سوال نمبر 53

ایک صاحب عمرہ کرنے کے ارادے سے مکہ مکرمہ پہنچ گئے، لیکن انہیں پتہ ہی نہیں تھا کہ عمرہ کے لیے احرام باندھا جاتا ہے۔ اب وہ کیا کریں؟

جواب:

کوئی شخص جو عمرہ کرچکا ہو اس سے احرام مانگ لیں، یا بازار سے خرید لیں اور اسے پہن کر عمرہ کریں اور دم دیں۔ یا واپس میقات تک جائیں اور وہاں سے احرام باندھ کر آئیں اور عمرہ کریں ۔

سوال نمبر 54

قرآن کو بنا سمجھے صرف ناظرہ پڑھنا کیسا ہے؟ کیا اس سے ثواب حاصل ہوتا ہے؟

جواب:

ثواب تو قرآن کو محبت سے چومیں گے تو بھی اللہ تعالیٰ دے گا، لیکن بغیر سمجھے قرآن پڑھنا مطلوب نہیں ہے۔ قرآن اللہ کا ہدایت نامہ ہے۔ ہر مسلمان کو جاننے کی کوشش کرنی چاہیے کہ قرآن میں کن کاموں کا حکم دیا گیا

ہے ؟اور کن کاموں سے روکا گیا ہے ؟اس لیے ناظرہ پڑھنے کے ساتھ کچھ وقت قرآن کا ترجمہ پڑھنے میں بھی لگانا چاہیے ۔

سوال نمبر55

میری شادی کو دس برس ہوگئے ہیں ، تین بچے ہیں ، شوہر خوش ہیں ، ہمارے درمیان کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ لیکن میری ساس، جو اپنے شوہر کی دوسری بیوی تھیں، میرے شوہر پر دوسری شادی کے لیے دباؤڈال رہی ہیں۔ کہتی ہیں کہ ماں کا کہنا ماننا ضروری ہے،ورنہ نافرمانی شمار ہوگی اور ماں کے نافرمان کے لیے جہنم کی سزا ہے۔میرے شوہر پریشان ہیں۔رہ نمائی فرمائیں ۔

جواب:

اگر ازدواجی زندگی خوش گوار ہے اور شوہر خود دوسری شادی کی ضرورت محسوس نہیں کرتا تو اس معاملے میں ماں کا کہنا ماننا ضروری نہیں ۔

سوال نمبر 56

میرے گردے میں پتھری تھی، جس کا آپریشن کروایا ہے۔ان دنوں گھر پر آرام کررہاہوں۔کچھ دوٗر پر مسجد ہے ،جہاں سے نماز کی آواز صاف آتی ہے۔ امام صاحب کی قراءت سنائی دیتی ہے۔ کیا میں گھر پر رہتے ہوئے مسجد کی نماز کی اقتدا کرسکتاہوں ۔

جواب:

قرآن سنتے رہیں، لیکن نماز اپنی الگ پڑھیں۔گھر پر رہتے ہوئے مسجد کے امام کے پیچھے نماز نہیں ہوگی ۔

سوال نمبر57

میں نے اپنے لڑکے کی شادی دوماہ پہلے کی ہے۔ بہو کے پاس جو زیورات ہیں اگر ابھی ان کی زکوٰۃ ادا نہ کی جائے تو اگلے رمضان میں چودہ مہینے ہوجائیں گے۔ کیا ابھی زکوٰۃ ادا کی جاسکتی ہے ؟

جواب:

زکوٰۃ کو ماہ رمضان المبارک میں نکالنا ضروری نہیں۔ جب ایک سال پورا ہوجائے تب زکوٰۃ واجب ہوگی۔ ابھی زیورات خریدے ہوئے دوماہ ہی ہوئے ہیں، اس لیے زکوٰۃ واجب نہیں ہوئی۔ البتہ زکوٰۃ واجب ہونے سے پہلے

بھی ادا کی جاسکتی ہے اور واجب ہونے کے بعد میں بھی۔ اگر رمضان ہی میں ادا کرنا چاہتے ہیں تو اِس رمضان میں ادا سکتے ہیں اور اگلے رمضان میں بھی ۔

سوال نمبر 58

کوئی شخص عشاء کی نماز پڑھنے مسجد آئے۔ نماز ہو چکی ہو اور امام تراویح پڑھا رہا ہو تو وہ کیا کرے؟ ایک فتوٰی دیکھا کہ وہ امام کے ساتھ تراویح میں نمازِ عشاء کی نیت سے شریک ہو جائے۔ امام جب دو رکعت پڑھا کر سلام پھیر دے تو وہ کھڑے ہو کر باقی دو رکعت ادا کر لے۔ اس طرح اس کی عشاء کی نماز با جماعت ہو جائے گی؟

جواب:

حنفی فقہ میں امام اور مقتدی کی نیتوں میں یکسانیت ہونی چاہیے ۔ دوسرے فقہاء کے نزدیک ضروری نہیں ۔

سوال نمبر 59

میری امی کی شادی 2001 میں ہوئی تھی۔ ان کا مہر پانچ ہزار اکیاون روپے طے ہوا تھا، جو اب تک انہیں نہیں ملا۔ اب ابو جان دینا چاہتے ہیں۔ کیا امی کو اتنا ہی ملے گا جتنا 2001 میں طے ہوا تھا، یا اس میں کچھ اضافہ کر کے ۔

جواب:

مہر اگر ادا نہ ہوا ہو تو اس کی حیثیت قرض کی ہوتی ہے اور قرض کو اضافہ کے ساتھ واپس لینا جائز نہیں۔ ہاں قرض لینے والا اپنی مرضی سے کچھ بڑھا کر واپس کرے تو جائز ہے۔ اس بنا پر آپ کی امی کے لیے پانچ ہزار اکیاون روپے سے زیادہ مانگنا جائز نہیں، ہاں آپ کے ابو جتنا چاہیں اضافہ کر کے دے سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 60

کسی کو ہارٹ کی تکلیف ہے۔ تھوڑی دیر میں منھ سوکھنے لگتا ہے اور پیاس لگتی ہے۔ کیا وہ روزہ چھوڑ سکتا ہے ؟

جواب:

وہ شخص ڈاکٹر سے مشورہ کر لے اور اس کے مطابق عمل کرے۔ اگر روزہ رکھنا اس کے لیے دشوار ہو تو نہ رکھ کر فدیہ ادا کرے۔ ایک روزہ کا فدیہ دو وقت کا کھانا ہے ۔

سوال نمبر 61

ایک فرد روزہ رکھنے کے ارادے سے ہی سحری کھاتا ہے تو کیا یہ نیت کے لیے کافی نہیں ہے؟ کیا اس کو روزانہ علیٰحدہ سے نیت کرنی ہوگی؟

جواب:

نیت دل کے ارادے کا نام ہے۔ آپ سحری کھانے کے لیے اٹھے، آپ کی روزے کی نیت ہوگئی۔ زبان سے نیت کرنا ضروری نہیں ہے۔

سوال نمبر 62

ہم لوگ گھر میں افطار کرتے ہیں۔ نماز کے لیے مسجد جانے پر وہاں جگہ تنگ رہتی ہے۔ کیا ہم مغرب کی نماز گھر پر ہی باجماعت پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

جن لوگوں کی وجہ سے مسجد تنگ ہو جاتی ہے وہ مسجد جلد پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کیا آپ لوگ افطار کم کھا کر مسجد نہیں جاسکتے، تاکہ جگہ مل جائے؟ مسجد جاکر باجماعت نماز ادا کریں گے تو زیادہ ثواب ملے گا۔ گھر پر نماز باجماعت ادا کرلیں گے تو نماز تو ہوجائے گی، لیکن ثواب کم ملے گا۔

سوال نمبر 63

تقریباً دو سال قبل جماعت کی بلاسودی سوسائٹی میں شیئر لیے گئے تھے۔ شیئرز کی رقم ایک طرح سے saving ہے تو کیا جتنے کے شیئرز لیے گئے تھے اس پر زکوۃ دینی ہوگی؟

جواب :

شیئر کی اِس وقت جو قیمت ہو اس کے حساب سے زکوۃ نکالنی ہوگی۔

سوال نمبر 64

کچھ علماء کی یہ رائے ہے کہ عورت حالتِ حیض میں روزے رکھ سکتی ہے، کیوں کہ روزے کے لیے طہارت شرط نہیں ہے۔ اس سلسلے میں سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی ایک روایت بھی پیش کرتے ہیں کہ "حالتِ حیض میں ہمیں نماز سے منع کیا جاتا تھا، روزے سے نہیں۔" اس سلسلے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب:

اگر واقعی یہ بعض علماء کی رائے ہے تو یہ صحیح نہیں ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے یہ الفاظ ہیں :

أن امرأة سألت عائشة : أتقضي الحائض الصلاة؟ فقالت: أحرورية أنت؟ لقد كنا نحيض عند رسول الله ﷺ، فلا نقضي، ولا نؤمر بالقضاء، وزاد فيه : فنؤمَرُ بقضاءِ الصَّومِ ولا نؤمَرُ بقضاءِ الصَّلاةِ.(صحيح أبي داود:٢٦٣)

آخری جملے کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں روزے کی قضا کا حکم دیا جاتا تھا، نماز کی قضا کا حکم نہیں دیا جاتا تھا۔یعنی حیض کی حالت میں نہ روزہ رکھنا ہے نہ نماز پڑھنی ہے، لیکن روزوں کی قضا کی جائے گی، نمازوں کی قضا نہیں کی جائے گی

سوال نمبر 65

عدت کا حکم کیوں دیا گیا ہے؟

جواب:

عدّت کا حکم استبراءِ رحم کے لیے دیا گیا ہے، یعنی رحم خالی یا نہیں، حمل تو نہیں ہے، یہ جاننے کے لیے ۔

اور رشتہ ختم ہونے یا شوہر کا انتقال ہونے پر افسوس کا اظہار کرنے کے لیے ۔

سوال نمبر 66

ایک آدمی کے پاس پانچ لاکھ روپے ہیں۔ اس نے قسط پر پندرہ لاکھ کی گاڑی نکال لی۔ یہ اس کے اوپر قرض ہوا۔ اس صورت میں کیا پانچ لاکھ روپے پر زکوۃ واجب ہوگی؟

جواب:

ایک سال میں جتنی قسطیں واجب ہوتی ہیں اتنا کم کرلے، باقی پر زکوٰۃ دے۔ مثلاً گاڑی دس لاکھ کی ہے، ہر سال دو لاکھ کی قسط ادا کرنی ہے تو پانچ لاکھ میں سے دو لاکھ منہا کرکے تین لاکھ کی زکوٰۃ ادا کرے ۔

سوال نمبر 67

روزے میں سحری کے اختتام کا وقت 5:26 ہے اور اذان 5:38 کو ہوتی ہے۔ لیکن ہمارا آفس ٹائم ایسا ہے کہ ہمیں 5:30 پر نکلنا ہوتا ہے۔ لوکل ٹرین کا سفر ہونے کی وجہ سے کبھی بیٹھنے کی بھی جگہ نہیں مل پاتی۔ ایسے میں فجر کی نماز قضا ہو جاتی ہے۔ کیا ہم سحری ختم ہوتے ہی نمازِ فجر پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

سحری کا وقت ختم ہوتے ہی فجر کی نماز پڑھی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 68

کیاہم زکوۃ نقد نکالنے کے بجائے غریبوں کوراشن کٹس دے سکتے ہیں؟

جواب :

زکوۃ کسی بھی شکل میں ادا کی سکتی ہے، لیکن بہتر ہے کہ نقد ادا کی جائے، تاکہ غریب حسبِ ضرورت اس سے اپنا جوکام چاہے پورا کرسکے۔ آپ راشن کٹس دیں اور ممکن ہے اس کے پاس راشن پہلے سے موجود ہو ۔

سوال نمبر 69

ایک صاحب کو کینسر آخری اسٹیج میں ہے۔کم زوری بھی بہت زیادہ ہے۔انہیں غسل کی حاجت پیش آگئی۔نہانے میں زحمت ہے۔وہ کیا کریں؟

جواب:

اگر غسل نہ کرسکیں تو اس کا بدل تیمم ہے۔البتہ پانی گرم کرواکے، کسی کے سہارے غسل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، تاکہ آدمی کا آخری وقت آئے تو وہ پاک ہو ۔

سوال نمبر70

میں جاب کے سلسلے میں سعودی عرب آیاہوا ہوں۔ عمرہ کرناچاہتاہوں۔کیا عمرہ بدل ہوتا ہے؟ اگر میں ایک سے زیادہ عمرہ کروں تو کیابار بار سر منڈوانا پڑے گا؟

جواب:

حج بدل ہوتا ہے، عمرہ بدل نہیں ہوتا۔ایک سے زیادہ عمرے کرنے ہیں تو ہر بار حلق کروانا ہو گا ۔

سوال نمبر 71

آٹھ دن ہوگئے، ہماری بہن کا انتقال ہوئے۔کیاہم نئے کپڑے پہن سکتے ہیں؟ دل نہیں چاہ رہاہے ۔

جواب:

دل نہیں چاہ رہاتو نہ پہنیں۔ویسے تین دن سے زیادہ سوگ منانا جائز نہیں ۔ ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے ایک عزیز کا انتقال ہوا تو تین دن کے بعد انھوں نے خوش بو منگوا کر لگائی اور کہا کہ اللہ کے رسول ﷺ نے تین دن سے زیادہ سوگ کرنے سے منع کیا ہے ۔

سوال نمبر 72

میرے ایک دوست کے یہاں لڑکے کی ولادت ہوئی ہے۔ وہ اس کے عقیقہ کا گوشت رشتہ داروں میں تقسیم کرنے کی بجائے اس جگہ دینا چاہتے ہیں جہاں مسافروں اور ضرورت مند افراد کے لیے روزانہ مفت سحری کا نظم کیا جاتا ہے۔ کیا اس عقیقہ کے گوشت کو وہاں دینا درست ہے؟

جواب:

عقیقہ خوشی کا اظہار ہے۔ آدمی اس کے گوشت کو جہاں چاہے دے سکتا ہے۔

سوال نمبر 73

میرا بیٹا دس برس کا ہے۔ کیا میں اس کے پیچھے اس کی امامت میں نماز پڑھ سکتی ہوں؟

جواب:

نفل نماز نابالغ کے پیچھے پڑھنے کی گنجائش ہے، فرض نماز نہیں۔

سوال نمبر 74

میری بیوی کے پاس 5 تولے سونا اور 40 تولے چاندی کے زیورات ہیں۔ ان کی زکوٰۃ کیسے نکلے گی؟

جواب:

دونوں کی موجودہ قیمت نکال لیے اور اس کی 2.5٪ زکوٰۃ نکال دیجیے۔

سوال نمبر 75

کیا زکوٰۃ کا پیسہ قبرستان میں غیر قانونی قبضہ کو خالی کرانے اور اس کی ترقی کے لیے خرچ کیا جاسکتا ہے۔؟

جواب:

زکوٰۃ کے جو 8 مصارف سورہ التوبۃ:60 میں بیان کیے گئے ہیں، انہی میں زکوٰۃ خرچ کرنی چاہیے۔ قبرستان کے کسی کام میں اسے خرچ کرنا جائز نہیں۔

سوال نمبر 76

قصص الانبیاء نامی کتاب میں بہت سے واقعات ایسے مذکور ہیں جو قرآن میں نہیں ہیں۔ کیا وہ صحیح ہیں؟ قصص الانبیاء پر کوئی مستند کتاب بتائیے۔

جواب:

ضروری نہیں کہ وہ صحیح ہوں ۔ مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی کی 'قصص القرآن' مستند کتاب ہے ۔

سوال نمبر 77

کیا ناک سے خون آنے پر روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟

جواب :

اگر خون حلق سے نہ اترے تو نہیں ٹوٹے گا ۔

سوال نمبر 78

اگر کوئی شوگر کا مریض ہو اور ساتھ ہی اس کو کمر اور پیروں میں درد ہو تو کیا وہ بیٹھ کر یا کرسی پر نماز پڑھ سکتا ہے ؟

جواب:

جی ہاں، اگر رکوع اور سجدہ وغیرہ کرنے میں تکلیف ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر79

اگر بچہ نماز کے دوران کچھ اِدھر اُدھر کرے تو کیا ماں اس کو نماز کی حالت میں روک سکتی ہے، جب کہ وہاں کوئی اور اسے روکنے والا نہ ہو ؟

جواب :

نہیں، نماز میں عمل کثیر کی اجازت نہیں۔ اگر بچہ کوئی بڑی شرارت کر رہا ہو تو عورت نماز توڑ کر اسے روکے اور پھر نماز پڑھے ۔

سوال نمبر80

بارہویں جماعت کے بورڈ کے امتحانات چل رہے ہیں۔ امتحان کا وقت دوپہر 3 تا شام 6 ہے۔ دھوپ اور گرمی کی وجہ سے روزے سخت ہو رہے ہیں۔ کیا ایسے میں پیپر کے دن روزہ چھوڑا جاسکتا ہے ؟

جواب :

ماں باپ کو اپنے بچوں پر ضرورت سے زیادہ ترس آنے لگتا ہے۔ بچہ اگر روزہ رکھنا چاہے تو رکھنے دینا چاہیے۔ ہاں، اگر اسے زحمت ہوتی ہو اور وہ ہلکان ہو جاتا ہو تو پیپر کے دن روزہ نہ رکھ کر بعد میں اس کی قضا کرنے کی گنجائش ہو گی ۔

سوال نمبر 81

روزے کی حالت میں شوہر کا بیوی کو گلے لگانا اور بوسہ دینا کیسا ہے؟ کیا اس سے روزے کی صحت پر کوئی اثر ہو گا؟

جواب:

شوہر کو چاہیے کہ تھوڑا سا صبر کر لے، پھر غروبِ آفتاب سے طلوعِ فجر تک جو چاہے کرے۔ دورانِ روزہ بوس و کنار سے روزہ نہیں ٹوٹتا، لیکن عمداً روزہ توڑنے کی نوبت آسکتی ہے، اس لیے بچنا اولی ہے ۔

سوال نمبر 82

کیا خواتین الگ سے تراویح کی نماز کسی عورت کی امامت میں جماعت سے پڑھ سکتی ہیں؟

جواب:

فقہ حنفی میں خواتین کی نماز باجماعت کو مکروہ کہا گیا ہے، ساتھ یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایسا کر لیا جائے تو نماز ہو جائے گی ۔ دیگر فقہاء عورت کے ذریعے عورتوں کی جماعت کی امامت کو جائز کہتے ہیں ۔

سوال نمبر 83

میری بیوی کے پاس تقریباً پچاس ہزار کے زیورات ہیں۔ کیا ان کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو گی؟

جواب:

جی ہاں، ان کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو گی ۔

سوال نمبر 84

میں نے بینک میں فکسڈ ڈپارٹ کروا رکھا ہے۔ کیا وہاں سے ملنے والی اضافی رقم میرے لیے جائز ہے؟

جواب:

فکسڈ ڈپازٹ میں انٹرسٹ شامل رہتا ہے، اس لیے کروانا جائز نہیں ۔ کسی نے کروا رکھا ہو تو اپنی جمع کی ہوئی رقم استعمال کرے اور اضافی رقم غریبوں میں تقسیم کر دے ۔

سوال نمبر 85

ایک مسجد کا بجلی کا بل بہت زیادہ باقی ہے، جس کا خاصا حصہ انٹرسٹ کا ہے۔ کیا اس مسجد میں نماز پڑھنی جائز ہے؟

جواب:

ایسی مسجد میں نماز ہو جائے گی۔ لیکن مسجد کمیٹی کو بجلی بل اور دیگر واجبات جلد از جلد ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

سوال نمبر 86

ایک دینی جماعت نے لوگوں سے زکوٰۃ وصول کی، لیکن اسے پورے سال خرچ نہیں کیا۔ کیا اب اس جمع شدہ رقم پر بھی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی؟

جواب:

زکوٰۃ کی جمع کی گئی رقم جلد از جلد خرچ کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، لیکن ایک سال میں اسے خرچ کرنا ضروری نہیں ہے۔ جو رقم بچی ہے اسے اگلے سال خرچ کر دیں۔ اس رقم پر زکوٰۃ نہیں۔

سوال نمبر 87

قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے درمیان میں سجدۂ تلاوت آتا ہے۔ کیا اسی وقت سجدہ کرنا ضروری ہے، یا بعد میں سجدہ کر سکتے ہیں؟ یہ بھی بتایئے کہ قرآن کا ترجمہ پڑھا جا رہا ہو، اس میں سجدۂ تلاوت والی آیت آئے تو کیا اس وقت بھی سجدہ کیا جائے گا؟

جواب:

قرآن مجید کی تلاوت کے دوران میں جب سجدۂ تلاوت آئے تو فوراً کرنا بہتر ہے، البتہ کوئی پروگرام چل رہا ہو، یا کسی اور سبب سے اُس وقت سجدہ کرنے میں دشواری ہو تو بعد میں کیا جا سکتا ہے۔ قرآن مجید کا ترجمہ پڑھنے پر سجدۂ تلاوت نہیں۔

سوال نمبر 88

گزشتہ سال کسی رشتہ دار غریب لڑکی کی شادی ہونے والی تھی، لیکن نہیں ہوئی۔ اُس سال کی زکوٰۃ رکھی ہوئی ہے۔ کیا امسال کی زکوٰۃ بھی اُس لڑکی کی شادی کے مصارف کے لیے نکال کر رکھ سکتے ہیں؟

جواب:

جی ہاں، ایسا کر سکتے ہیں، البتہ اس کا اُس غریب کو مالک بنا دیں، یا اس کو بتا کر اس کی اجازت سے اپنے پاس محفوظ رکھیں۔

سوال نمبر 89

ایک صاحبہ نے عمرے کے لیے 90 ہزار روپے جمع کرر کھے تھے۔ اس پر ایک سال گزر گیا ہے۔ کیا اس کی زکوٰۃ نکالنی ہو گی؟

جواب:

جی ہاں، عمرہ کے لیے رکھی ہوئی رقم پر اگر ایک سال گزر جائے تو اس کی بھی زکوٰۃ دینی ہو گی ۔

سوال نمبر 90

ایک مہینہ پہلے میرے بڑے بھائی نے مجھے 40 ہزار روپے ایڈمیشن کے لیے دیے تھے۔ میرا ایڈمیشن دو مہینے بعد ہونا ہے۔ یہ رقم بھائی کے پاس کب سے تھی، میں نہیں جانتا۔ کیا اس رقم پر زکوٰۃ دینی ہو گی؟

جواب:

یہ رقم آپ کو کیوں دی گئی ہے؟ یہ واضح نہیں ہے۔ اگر یہ بہ طور قرض ہے تو اس کی زکوٰۃ آپ کو نہیں نکالنی ہے، آپ کے بھائی کو نکالنی ہے۔ اگر بہ طور تعاون ہے اور آپ کے پاس دیگر رقمیں بھی ہیں تو اگر سب ملا کر کل رقم نصاب کو پہنچ جاتی ہے تو زکوٰۃ دینی ہو گی، ورنہ نہیں ۔

سوال نمبر 91

جن لوگوں کو قرآن پڑھنا نہیں آتا اکثر وہ لوگ قرآن کو کھولتے ہیں اور آیتوں پر انگلی پھیرتے ہوئے بِسمِ اللہِ، الحمد اللہ، اللہ اکبر یا اور کوئی تسبیح پڑھتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

جواب:

یہ قرآن سے محبت کا اظہار ہے، بس۔ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر بھی اجر دے ۔

سوال نمبر 92

میرا بھائی ایک کمپنی میں دو برس کے ایگریمنٹ پر گیا تھا۔ یہ مدّت پوری ہو گئی ہے۔ اس کے بعد بھی کمپنی تین مہینے سے اسے سیلری دے رہی ہے، لیکن کوئی کام نہیں لے رہی ہے۔ کیا بغیر کام کے سیلری لینا جائز ہے؟

جواب:

کمپنی آپ کے بھائی کو سیلری دے رہی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ان سے آئندہ ابھی اور کام لینا چاہتی ہے، اگرچہ ابھی کام نہیں لے رہی ہے۔ چوں کہ کمپنی انہیں روکے ہوئے ہے اس لیے ان کے لیے سیلری حلال ہے ۔

سوال نمبر 93

روزہ کے فدیہ کا پیسہ کیا سگے بھائی کو دیا جاسکتا ہے، اس کی فیس کے لیے یا کوئی اور مجبوری ہو؟

جواب:

اگر بھائی زیرِ کفالت نہیں ہے تو اسے دے سکتے ہیں، اگر وہ زیرِ کفالت ہے تو اسے دینا جائز نہیں ۔

سوال نمبر 94

میں نماز الحمدللہ کھڑے ہو کر ادا کرتا ہوں، مگر آخری قعدہ میں کرسی پر بیٹھتا ہوں۔ میں کرسی صف میں رکھوں یا صف کے پیچھے؟

جواب:

صف میں رکھیے، چاہے اس کی وجہ سے آپ کو کچھ آگے رہنا پڑے ۔

سوال نمبر 95

میری بیوی کے پاس تقریباً پچاس ھزار کے آس پاس کے زیورات ھیں۔ کیا اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ھو گی؟

جواب:

ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کتنی ہے؟ یہ معلوم کر لیجیے ۔ اگر زیورات کی مالیت اس سے زیادہ ہے تو ان پر زکوٰۃ ہے ۔

سوال نمبر 96

نکاح مسیار کیا ہے؟ کیا یہ جائز ہے؟

جواب:

نکاح مسیار یہ ہے کہ لڑکی شوہر سے کہے کہ مجھے کوئی خرچ نہیں چاہیے، نہ سکنی (رہائش) چاہیے ۔ نکاح مسیار عارضی اور وقتی نکاح نہیں ہے۔ عارضی اور وقتی نکاح جائز نہیں ہے ۔

سوال نمبر 97

میں نے صبح بھول کر بیڑی پی لی۔ میرا روزہ باقی ہے یا ٹوٹ گیا؟

جواب:

اگر بھول کر پی ہے تو روزہ باقی ہے ۔

سوال نمبر 98

کیا نیبولایزر (Nebulizer) استعمال کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

نیبولائزر میں چوں کہ دوا شامل ہوتی ہے اس لیے اس کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جائے گا۔ یہ بر صغیر کے فقہاء کا فتویٰ ہے۔ عالم عرب کے فقہاء نے جواز کی رائے دی ہے، اس لیے کہ بھاپ مع دوا پھیپھڑے میں جاتی ہے، غذائی نالی میں نہیں ۔

سوال نمبر 99

ایک خاتون کا ذاتی مکان ہے۔ اس کے شوہر سعودی عرب میں ملازمت کرتے ہیں۔ اس خاتون نے پیسے بچا بچا کر ایک فلیٹ اور ایک دکان خرید لی ہے۔ ان سے اسے ہر ماہ کرایہ ملتا ہے۔ کیا اسے فلیٹ اور دکان کی مالیت اور اس سے حاصل ہونے والے کرایے پر زکوٰۃ ادا کرنی ہے ۔

جواب:

مکان، فلیٹ اور دکان کو اگر فروخت کرنے کا ارادہ نہیں ہے تو اس پر زکوٰۃ نہیں۔ ان سے حاصل ہونے والا کرایہ اگر سال بھر تک محفوظ رہے تو دوسرے مال کے ساتھ ملا کر اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی ۔

سوال نمبر 100

اگر کوئی شخص صاحبِ استطاعت ہے، مگر فی وقت بہت مقروض ہے، کیا وہ صدقہ لے سکتا ہے؟

جواب:

صاحبِ استطاعت کا مطلب اگر یہ ہے کہ اس پر زکوٰۃ فرض ہے تو وہ زکوٰۃ نہیں لے سکتا۔ ہاں، عام صدقات وصول کر سکتا ہے ۔

سوال نمبر 101

کیا بینک لون ہونے کے باوجود زکوٰۃ فرض ہے؟

جواب:

بینک لون میں سے جتنا ایک سال میں قابلِ ادائیگی ہو اتنا کم کر کے باقی مال اگر نصاب سے زائد ہو تو زکوٰۃ واجب ہوگی، ورنہ نہیں ۔

سوال نمبر 102

ایک بستی میں پرانی جامع مسجد سے متصل ایک نئی مسجد تعمیر کی گئی۔ دونوں کے درمیان میں صرف ایک صف کا فاصلہ ہے۔ لوگ صرف جمعہ کی نماز نئی جامع مسجد میں پڑھتے ہیں، باقی نمازیں پرانی مسجد میں۔ کیا ایسا کرنا صحیح ہے؟

جواب:

صحیح ہے۔ نماز کسی ایک میں پڑھی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 103

میری بیٹی کی طلاق ہوگئی ہے۔ وہ اپنے 3 بچوں کے ساتھ علیٰحدہ کرایے کے مکان میں رہتی ہے۔ کیا اس کی زکوٰۃ سے مدد کی جاسکتی ہے؟

جواب:

اگر وہ ضرورت مند ہیں اور صاحبِ نصاب نہیں ہیں تو انہیں زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔ لیکن ماں باپ کے لیے اولاد کو زکوٰۃ دینا درست نہیں، دوسرے رشتے دار دے سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 104

'منزل' پڑھنا کیسا ہے؟

جواب:

منزل کی کوئی شرعی حیثیت نہیں۔ جتنا ہوسکے، قرآن پڑھنا چاہیے ۔

سوال نمبر 105

ایک غیر مسلم، جو پولیس محکمہ میں کام کرتے ہیں، انھوں نے افطار کروانے کے لیے پانچ ہزار روپے دیے ہیں۔ کیا ان کے پیسوں سے افطار کروایا جاسکتا ہے؟

جواب:

اگر اطمینان ہو کہ ان کی کمائی حلال ہے تو اس سے افطار کروایا جاسکتا ہے ۔

سوال نمبر 106

سرکاری ملازمین کے gpf اور nps اکاؤنٹ ہوتے ہیں۔ماہانہ تنخواہ میں سے کچھ نہ کچھ رقم کاٹ لی جاتی ہے۔ بعض ملازمین زائد رقم اختیاری بھی کٹوا دیتے ہیں۔یہ ان کا سیونگ ہے۔ریٹائرمنٹ پر یہ رقم ملتی ہے۔کیا اس پر زکوۃ لگے گی؟

جواب:

جو رقم لازمی طور پر کٹتی ہے اس پر زکوۃ نہیں،جب تک وہ قبضے میں نہ آجائے۔جو رقم اختیاری طور پر کٹوا دی جاتی ہے،اس پر زکوٰۃ ہے ۔

سوال نمبر 107

کیا صدقۂ فطر ماہ رمضان المبارک شروع ہونے سے پہلے ادا کیا جاسکتا ہے؟

جواب :

صدقۂ فطر رمضان سے پہلے ادا کیا جاسکتا ہے،البتہ بہتر رمضان کے آخری دنوں میں دینا ہے ۔

سوال نمبر 108

ایک شخص نے جنابت کی حالت میں سحری کی ، پھر یہ سوچ کر سو گیا کہ اٹھ کر غسل کر لیں گے ۔ کیا اس کا روزہ درست ہے؟

جواب:

ایسے شخص کا روزہ ہو جائے گا،لیکن اسے جلد از جلد غسل کر لینا چاہیے ۔

سوال نمبر 109

ایک شخص سعودی عرب میں چاند کے حساب سے روزہ رکھنا شروع کرتا ہے اور روزہ رکھنا ختم کرتا ہے۔کیا اس کا یہ عمل درست ہے؟

جواب:

اس کا یہ عمل درست نہیں۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا ہے کہ رمضان کے روزے رکھنا شروع کرنا، عید الفطر منانا اور عید الاضحیٰ منانا اپنے یہاں کے حساب سے کرنا چاہیے۔(ترمذی:697،ابن ماجہ:1660)

سوال نمبر 110

ایک خاتون کو غسل کے ذریعہ پاکی کا طریقہ معلوم نہیں تھا۔ وہ اہتمام سے کلّی نہیں کرتی تھی اور ناک میں پانی نہیں ڈالتی تھیں، نہ غسل سے قبل وضو کرتی تھی۔ کیا اس کی سابقہ نمازیں درست نہیں ہوئیں؟ کیا انہیں دہرانا پڑے گا؟

جواب:

آئندہ وہ صحیح طریقے سے غسل کرے۔ سابقہ نمازوں کو دہرانے کی ضرورت نہیں ۔

سوال نمبر 111

میرے والد کو ٹائیفائڈ ہو گیا ہے۔ ڈاکٹر نے انجکشن لگوانے کو کہا ہے۔ کیا وہ روزہ کی حالت میں انجیکشن لگوا سکتے ہیں؟

جواب:

انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا ۔

سوال نمبر 112

بائیک چلاتے ہوئے کیا بغیر وضو کے تلاوتِ قرآن کی جا سکتی ہے؟

جواب:

بغیر وضو قرآن پڑھا جا سکتا ہے۔ مصحف ہاتھ میں لینے کے لیے وضو ضروری ہے ۔

سوال نمبر 113

فسخ نکاح کے بعد عدت کی مدت کیا ہے؟ کیا ایک حیض کے بعد اس عورت کا نکاح کہیں اور ہو سکتا ہے؟

جواب:

ہر صورت میں عدّت تین حیض ہے۔ بعض فقہاء نے خلع کی عدت ایک حیض قرار دی ہے ۔

سوال نمبر 114

وتر پڑھنے کے بعد میں سو گیا۔ پھر اٹھ کر دو چار رکعتیں پڑھیں تو کیا یہ تہجد کہلائیں گی، یا ان کے بعد پھر ایک رکعت وتر پڑھنی ہو گی؟

جواب:

ایک بار وتر پڑھنا کافی ہے ۔ اللہ کے رسول ﷺ سے کبھی کبھی وتر کے بعد نوافل پڑھنا ثابت ہے ۔

سوال نمبر 115

کیا تراویح کی نماز سنتِ موکدہ ہے ؟ تراویح میں مکمل قرآن پڑھنے کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

جواب:

اللہ کے رسول ﷺ نے 8 رکعت سال بھر تنہا پڑھی ہے، چند دن باجماعت پڑھائی ہے۔ تراویح میں قرآن ختم کرنا بہتر ہے، ضروری نہیں ۔

سوال نمبر 116

میرا بھائی غریب ہے۔ اس کے بچے اسکولوں میں پڑھ رہے ہیں۔ کیا میں اپنے بھتیجوں بھتیجیوں کے تعلیمی مصارف کے لیے زکوٰۃ دے سکتی ہیں ۔

جواب:

غریب بھائی کو بھتیجوں اور بھتیجیوں کے تعلیمی مصارف کے لیے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 117

کیا روزہ کی حالت میں نشتر لگوایا جاسکتا ہے ؟

جواب:

کسی بھی صورت میں خون نکلوانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا ۔

سوال نمبر 118

میں نے اپنی زکوٰۃ بغیر حساب لگائے دے دی، بعد میں معلوم ہوا کہ مجھ پر زکوٰۃ واجب ہی نہیں تھی۔ میری طلاق شدہ بیٹی پر زکوٰۃ واجب ہے۔ کیا میرے ذریعے ادا کی گئی زکوٰۃ بیٹی کے حسابِ زکوٰۃ میں شامل ہو سکتی ہے ؟

جواب:

زکوٰۃ ٹرانسفر نہیں ہوتی۔ آپ نے جو مال کسی کو دیا وہ زکوٰۃ نہیں تو صدقہ شمار ہو گا۔ آپ کی بیٹی کو الگ سے زکوٰۃ دینی ہو گی ۔

سوال نمبر119

سرکار کی طرف سے لڑکیوں کے لیے 'سُجنّیا یوجنا' چلائی جارہی ہے۔اس میں ہر سال کچھ پیسہ جمع کیا جاتا ہے۔لڑکی کے بالغ ہونے پر وہ رقم اضافی رقم کے ساتھ واپس ملتی ہے۔کیا یہ جائز ہے؟

جواب :

یہ اسکیم انٹرسٹ پر مبنی ہوتی ہے، اس لیے جائز نہیں۔ کسی نے لے رکھی ہے تو جتنا پیسہ اس نے جمع کیا ہے اتنا استعمال کرسکتا ہے۔باقی صدقہ کردے۔

سوال نمبر120

کیا سود کا پیسہ کسی مسلمان کو دیا جاسکتا ہے؟

جواب:

سود کا پیسہ کسی بھی شدید ضرورت مند کو دیا جاسکتا ہے، مسلم ہو یا غیر مسلم۔بتانا ضروری نہیں کہ یہ سود کا پیسہ ہے۔

سوال نمبر121

تشہد میں شہادت کی انگلی اٹھانا تو سمجھ میں آتا ہے، لیکن انگلی کا مستقل حرکت دینا کیسا ہے؟

جواب:

دونوں طریقے ثابت ہیں، کسی پر عمل کیا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر122

تراویح میں بار بار وضو ٹوٹ جاتا ہے۔کیا کرنا چاہیے؟

جواب:

عذر کی صورت میں ایک وضو پوری تراویح کے لیے کافی ہے۔

سوال نمبر123

کیا منھ بھر کر قے کر دینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

قے منھ بھر کر خود بہ خود ہو جائے تو روزہ نہیں ٹوٹتا۔

سوال نمبر 124

قرآن مجید میں ہے: "اے ایمان والو! حرام نہ کرو پاک اور حلال چیزوں کو" (المائدۃ: 87) کیا اس قید میں یہ بھی آتا ہے کہ ہم کو گائے کا گوشت پسند نہیں، ہم وہ بالکل نہیں کھا رہے ہیں، صرف بکرے اور مرغ کا گوشت استعمال کرتے ہیں؟

جواب:

کوئی چیز نہ کھانا ایک بات ہے اور اسے حرام سمجھتے ہوئے نہ کھانا دوسری بات ہے۔ پہلی بات جائز ہے، دوسری بات جائز نہیں۔

سوال نمبر 125

میری دو سال کی بچی ہے۔ اگر میں باوضو ہوں اور اس حالت میں اس کا پیشاب پاخانہ دھلادوں تو کیا میرا وضو ٹوٹ جائے گا؟

جواب:

بچوں کا پیشاب پاخانہ دھلانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

سوال نمبر 126

ان دنوں ہمارے یہاں سحری کا آخری وقت 02-05 بتایا گیا ہے، جب کہ کیلنڈر میں ابتدائی وقتِ فجر 24-05 لکھا ہوا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ سحری کا وقت ختم ہوتے ہی فجر کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ ان دو میں سے کون سا وقت اختتام سحری کا ہے؟

جواب:

یہ بات صحیح ہے کہ سحری کا وقت ختم ہوتے ہی فجر کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ اس لیے اول الذکر وقت ہی اختتام سحری کا ہے۔

سوال نمبر 127

میرے پاس اتنے زیورات ہیں جن پر زکوٰۃ واجب ہے۔ اس کے علاوہ 10 گرام کا زیور بیٹی کی شادی کے لیے لیا ہے۔ کیا اس پر بھی زکوٰۃ ہے؟

جواب:

بیٹی کو اس کے زیور کا مالک بنادیں تو اس پر آپ کو زکوٰۃ ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔ مالک بنانے کا مطلب یہ ہے کہ بیٹی کو بتادیں کہ یہ زیور اس کا ہے اور پھر اپنی مرضی سے اس میں کوئی تصرّف نہ کریں۔

سوال نمبر 128

زکوٰۃ کی ادائیگی ہر سال ماہِ رمضان میں کی جاتی ہے، لیکن رمضان کے فوراً بعد بچوں کا تعلیمی سال شروع ہونے والا ہے، جس میں ان کی تعلیمی فیس ادا کی جانی ہے اور ایک بچہ کی فیس تین ماہ بعد یعنی جون میں ادا کرنی ہے تو کیا تعلیمی فیس کی رقم منہا کرکے زکوٰۃ ادا کی جائے، یا کل مال کی زکوٰۃ ادا کی جائے؟

جواب:

آدمی زکوٰۃ نکالتے وقت جتنے مال کا مالک ہے اس پر اسے زکوٰۃ نکالنی ہوگی۔ زکوٰۃ رمضان میں نکالنا ضروری نہیں۔ اگر اسکول فیس کا مسئلہ ہے تو آدمی اپنی زکوٰۃ نکالنے کی تاریخ بچوں کا تعلیمی سال شروع ہونے کے بعد متعین کرلے۔

سوال نمبر 129

بچے کی ماں کا دودھ نہیں اتر رہا ہے۔ کیا اس کی خالہ اسے دودھ پلا سکتی ہے؟

جواب:

خالہ دودھ پلا سکتی ہے۔ وہ خالہ ہونے کے ساتھ رضاعی ماں بھی ہو جائے گی۔

سوال نمبر 130

ایک صاحب حُقّہ کا کاروبار کرتے ہیں۔ وہ ہمارے پڑوسی ہیں۔ انھوں نے رمضان میں کھجور اور شربت کی بوتل بھیجی ہے۔ کیا اس کا استعمال ہمارے لیے جائز ہے؟

جواب:

بیڑی، سگریٹ، حقّہ کو مکروہ کہا جاسکتا ہے، حرام نہیں۔ اس لیے اس کا کاروبار کرنے والے کا تحفہ قبول کیا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر 131

غسلِ جنابت کی ضرورت ہو تو کیا فجر کی اذان سے پہلے نہانا ضروری ہے، یا اذان کے بعد نہا کر نماز پڑھی جاسکتی ہے؟

جواب:

فجر کی اذان سے پہلے غسلِ جنابت کرنا ضروری نہیں۔اس کے بعد بھی غسل کر سکتے ہیں۔لیکن فجر کی نماز قضا نہ کریں۔

سوال نمبر 132

ایک شخص نے کچھ رقم دوکان خریدنے کے لئے پگڑی پر دے دی تو کیا اس پر اسے زکوۃ ادا کرنی ہوگی؟

جواب:

پگڑی میں دی گئی رقم پر زکوۃ نہیں۔

سوال نمبر 133

کیا سود کا پیسہ کسی مسلمان کو دیا جاسکتا ہے؟

جواب:

سود کا پیسہ کسی بھی غریب کو دیا جاسکتا ہے،چاہے مسلم ہو یا غیر مسلم۔

سوال نمبر 134

کیا پورے دن کی نمازیں ایک ساتھ قضا کی جاسکتی ہیں؟

جواب:

نمازیں اپنے وقت پر ادا کرنی چاہییں۔اگر کسی وجہ سے قضا ہوگئی ہوں تو ان کی قضا ایک ساتھ کی جاسکتی ہے۔

سوال نمبر 135

کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہو تو اس کے کتنے آگے سے نکل سکتے ہیں؟

جواب:

نمازی کے آگے اتنی دوٗر سے گزرنا جائز ہے کہ اگر نمازی اپنی نظر سجدہ کے جگہ پر رکھے تو گزرنے والا اسے نظر نہ آئے۔کا اندازہ دو صف کا کیا گیا ہے—

سوال نمبر 136

کیا روزہ کی حالت میں ناک میں جھنڈو بام لگایا جاسکتا ہے؟

جواب:

ناک کے اوپر لگانے سے نہیں روزہ ٹوٹے گا،ناک کے اندر لگانے سے ٹوٹ جائے گا۔

سوال نمبر 137

کیا زکوۃ نکالنے کے لئے آج کی سونے کی قیمتِ خرید دیکھیں گے ، یا قیمتِ فروخت ؟ مثلاً آج سونا کی قیمت 60 ہزار روپے فی تولہ ہے اور سونا فروخت کرنا چاہیں تو 55 ہزار روپے فی تولہ ملیں گے تو کس حساب سے زکوۃ نکالیں گے ؟

جواب:

قیمت فروخت کے حساب سے نکالیں۔ اگر قیمتِ خرید کے حساب سے نکالیں تو اور اچھا ہے ۔

سوال نمبر138

ایک غیر مسلم میرے یہاں کام کرتا ہے۔ وہ اپنی سیلری سے شراب پیتا ہے۔ کیا میں اسے اپنے یہاں رکھ سکتا ہوں؟

جواب:

رکھ سکتے ہیں۔ ساتھ ہی سمجھاتے رہیے، شراب نہ پینے کی تلقین کرتے رہیے ۔

سوال نمبر139

اگر جماعت کے ساتھ عشاء اور تراویح کی نمازیں ادا کر رہے ہوں تو کیا وتر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنا ضروری ہے ؟ یا بعد میں تہجد کی نماز میں ادا کی جاسکتی ہے ؟

جواب:

کوئی بھی صورت اختیار کرسکتے ہیں ۔

سوال نمبر 140

کیا نماز میں قرآن مجید دیکھ کر پڑھ سکتے ہیں؟ کچھ خواتین گھر میں اکیلے تراویح کی نماز ادا کر رہی ہے اور اس میں قرآن مجید کا ایک پارہ دیکھ کر پڑھتی ہیں۔ کیا یہ صحیح ہے ؟

جواب:

فقہ حنفی میں یہ جائز نہیں ہے۔ دیگر فقہاء کے نزدیک گنجائش ہے ۔

سوال نمبر141

کیا زکوٰۃ میں کپڑے دیے جاسکتے ہے۔ مجھ کو گفٹ میں جو سوٹ ملے ہے وہ رکھے ہوئے ہیں۔ اس وقت کچھ تنگی ہے ۔ کیا انہیں دیا جاسکتا ہے ؟

جواب:

زکوٰۃ کسی بھی شکل میں ادا کی جاسکتی ہے، نقدی کی شکل میں ادا کرنا ضروری نہیں ۔

سوال نمبر 142

ہمارے یہاں گوشت دوسرے شہر سے آتا ہے۔ پتہ نہیں ذبیحہ کا ہے یا نہیں۔ کیا کریں؟

جواب:

اگر ظنِّ غالب ہے کہ گوشت ذبیحہ کا نہیں ہے تو اس کے استعمال سے بچنا چاہیے۔ دوسری صورت میں استعمال کیا جاسکتا ہے ۔

سوال نمبر 143

ہم شام 7:30 آن لائن ترجمۃ القران و تفسیر کی کلاس لیتے ہیں۔ اس دوران میں عشاء کی اذانیں شروع ہوتی ہیں تو کیا ہمارے لیے اذان کا جواب دینا لازمی ہے۔ کلاس کا ٹائم بہت مختصر ہوتا ہے۔ اگر تمام اذانوں کا جواب دیں گے تو دیتے دیتے سارا وقت اسی میں گزر جائے گا۔ کیا کریں؟

جواب:

اذان کا جواب دینا ضروری نہیں، مستحب ہے۔ جواب دینا ہو تو اپنے یہاں سے قریب کی مسجد کا اعتبار کریں۔ دو تین منٹ میں جواب ہو جائے گا ۔

سوال نمبر 144

میری ایک سال کی نوزائیدہ پوتی کو نقد اور زیورات کی شکل میں اتنے تحفے ملے ہیں کہ ان کی مقدار نصابِ زکوٰۃ کو پہنچتی ہے۔ کیا اس مالیت پر اس کی جانب سے اس کے مال سے زکوٰۃ ادا کی جائے گا، یا پوتی کے مال کو میرے بیٹے کے مال میں شامل کرکے میرے بیٹے کی جانب سے زکوٰۃ ادا کی جائے گی؟

جواب:

نابالغ احکام کا مکلّف نہیں ہے ۔ پوتی کو مالک بنا دیجیے تو اس کے بالغ ہونے تک اس کی ملکیت کی چیزوں پر زکوٰۃ نہیں ہوگی ۔

سوال نمبر 145

کیا روزہ کی حالت میں گلوکوز چڑھوا سکتے ہیں؟

جواب:

جی ہاں، چڑھوا سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 146

میری عمر چالیس سال ہے اور سر کے بال ضرورت سے زیادہ سفید ہو گئے ہیں۔ کیا میں کالی مہندی لگا سکتا ہوں؟

جواب:

جی ہاں، لگا سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 147

کیا عمیر Umair کسی صحابی کا نام تھا؟

جواب:

جی ہاں، عمیر نام کے متعدد صحابہ تھے: عمیر بن وھب، عمیر بن سعد، عمیر بن ابی وقّاص رضی اللہ عنہم، وغیرہ ۔

سوال نمبر 148

کیا غریبوں میں کھانے پینے کا سامان زکوۃ کی مد سے دیا جا سکتا ہے؟

جواب:

جی ہاں، دیا جا سکتا ہے ۔

سوال نمبر 149

ایک صاحبہ بچے ہونے کا علاج کروار ہی ہیں۔ اس کے لیے انجکشن لے رہی ہیں۔ کیا روزے میں انجکشن لگوا سکتی ہیں؟

جواب:

جی ہاں، لگوا سکتی ہیں ۔

سوال نمبر 150

کیا زکوۃ اپنی غریب بیٹی کو دی جا سکتی ہے؟

جواب:

کوئی شخص اپنی زکوۃ اپنے اصول (باپ، دادا، پردادا، نانا، پرنانا) اور اپنے فروع (بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی، پرپوتا، پرپوتی) کو نہیں دے سکتا ۔

سوال نمبر 151

کیا زکوٰۃ کی رقم سے بہن کے بچوں کی فیس ادا کی جاسکتی ہے؟

جواب:

غریب بہن کے بچوں کی تعلیمی فیس ادا کرنے کے لیے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 152

ایک خاتون نے رقم جمع کر کے پلاٹ خریدا تھا گھر بنانے کی خاطر، پھر اس پلاٹ کو فروخت کر دیا۔ اب وہ رقم اس کے پاس محفوظ ہے۔ اس رقم سے وہ کوئی اور پلاٹ خرید کر اپنا گھر بنانا چاہتی ہیں۔ کیا اس رقم پر زکوۃ دینی ہو گی۔ یہ خاتون ابھی کرائے کے مکان میں رہتی ہیں۔ اپنا ذاتی گھر بنانے کی کوشش میں ہے ۔

جواب:

پلاٹ فروخت کر دیا اور اس کی رقم ایک سال تک محفوظ رہی تو اس پر زکوٰۃ ہے۔ اگر فروخت کرنے کے بعد جلد ہی اس سے دوسرا پلاٹ رہائش کے لیے خرید لیا تو اس پر زکوٰۃ نہیں ۔

سوال نمبر 153

ایک آدمی کا کافی کا باغ ہے۔ اس نے پیداوار کا عشر نکال دیا ہے۔ اب بقیہ فصل بیچنے پر جو آمدنی ہو گی، کیا اس پر بھی زکاۃ نکالنی ضروری ہے؟

جواب:

نہیں، اس پر زکوٰۃ نہیں، الّا یہ کہ وہ رقم سال بھر تک رکھی رہے تو اس پر زکوٰۃ ہو گی ۔

سوال نمبر 154

کیا روزہ کی حالت میں تھوک حلق کے نیچے چلے جانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

نہیں ٹوٹتا ۔

سوال نمبر 155

کیا نماز میں ٹوپی لگانا ضروری ہے؟

جواب:

ضروری نہیں، بہتر ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ ہمیشہ سر ڈھک کر نماز پڑھتے تھے۔ آپ ٹوپی اور عمامہ یا صرف عمامہ یا صرف ٹوپی استعمال کرتے تھے۔

سوال نمبر 156

روزے کی حالت میں بیوی سے بوس و کنار کرتے وقت اگر منی خارج ہو جائے تو کیا قضا کے ساتھ کفارہ بھی لازم ہو گا؟

جواب:

ارے بھائی! آگ سے کیوں کھیلتے ہیں؟! روزہ کے دوران عبادت کریں، قرآن پڑھیں، اذکار و اوراد پڑھیں، اللہ سے دعا کریں، دینی کتابیں پڑھیں۔ بیوی کے ساتھ کھیلنے کا وقت غروبِ آفتاب کے بعد رکھیں۔
ویسے آپ نے جو صورت لکھی ہے اس میں صرف قضا ہے، کفارہ نہیں۔

سوال نمبر 157

ایک مریض کھانسی کی بیماری میں مبتلا ہے، بار بار کھانسی آرہی ہے۔ ڈاکٹر نے دواؤں کے ساتھ بھاپ لینے کے لئے کہا ہے۔ کیا وہ مریض روزے کی حالت میں بھپارہ لے سکتا ہے؟

جواب:

فقہاء نے روزہ کی حالت میں بھپارہ لینے کو ناجائز کہا ہے۔ روزہ نہ رکھ کر علاج کرائیں اور بعد میں چھوٹے ہوئے روزہ کی قضا کریں۔

سوال نمبر 158

آج سے چھ سال پہلے زیورات خریدے گئے تھے۔ کیا ان کی زکوٰۃ اِس وقت کے قیمت سے ادا کی جائے گی یا پہلے والے قیمت سے؟

جواب:

زیورات کی زکوٰۃ ہر سال اُس وقت کی قیمت کے اعتبار سے نکالی جائے گی۔

سوال نمبر 159

موزوں پر مسح کیا تھا۔ چند رکعتیں پڑھنے کے بعد موزے اتار دیے۔ کیا وضو باقی ہے، یا دوبارہ کرنا پڑے گا؟

جواب:

اس صورت میں اگر موزے اتار دیے تو وضو تو باقی رہے گا، البتہ پیر دھونے پڑیں گے۔

سوال نمبر 160

حیض زیادہ تر سات دن رہتا ہے ۔ اگر اس سے کم دنوں میں ہی خون آنا بند ہو جائے تو کیا غسل کر کے نماز روزہ شروع کیا جاسکتا ہے؟

جواب:

حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت دس دن بتائی گئی ہے۔ اس سے کم میں خون بند ہو جائے تو عورت غسل کر کے نماز روزہ کر سکتی ہے ۔

سوال نمبر 161

سورۂ توبہ کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں ہے۔ اگر ہم اس سورہ سے قرآن پڑھنا شروع کریں تو کیا بسم اللہ پڑھیں گے یا نہیں؟

جواب:

اگر سورۂ توبہ سے قرآن پڑھنا شروع کر رہے ہیں تو بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں گے۔ اگر پہلے سے پڑھتے ہوئے آرہے ہیں تو نہیں پڑھیں گے ۔

سوال نمبر 162

کوئی عورت صاحبِ نصاب ہے، لیکن بیوہ ہے۔ کیا اسے زکوۃ دی جاسکتی ہے؟

جواب:

صاحبِ نصاب کو زکوٰۃ نہیں دی جاسکتی، البتہ اگر وہ غریب ہے تو اس کے بچوں کو دی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 163

میرا ایک دوست ہے۔ اس کا کاروبار تین ماہ سے مکمل بند ہے۔ وہ قرض مانگ رہا ہے۔ میرا ارادہ ہے کہ اس کو کچھ زکوٰۃ دے دوں، بغیر کہے کہ یہ زکوۃ ہے۔ اگر بعد میں وہ واپس کر دے تو وہ زکوٰۃ میں کسی اور کو دے دوں گا۔ کیا ایسا کرنا صحیح ہے؟

جواب:

اگر آپ اسے زکوٰۃ تحفہ کہہ کر دیں گے تو وہ کیوں واپس کرے گا؟ قرض کہہ کر دیں گے تو ضرور واپس کرے گا۔ اس لیے آپ اسے تحفہ کہہ کر دیں ۔

سوال نمبر 164

کیا فدیہ کی رقم سے روزے داروں کو افطار کروایا جاسکتا ہے؟

جواب:

فدیہ کی رقم سے غریبوں کو افطار کروانا مناسب نہیں۔ فدیہ ان کو رقم کی شکل میں دینا چاہیے، تاکہ وہ اپنی کوئی بھی ضرورت پوری کر سکیں ۔

سوال نمبر 165

اگر کوئی بیوہ عورت صاحبِ نصاب ہو تو کیا اسے بھی زکوٰۃ نکالنی ہو گی، یا بیوہ ہونا زکوۃ کو معطل کر دیتا ہے ۔

جواب:

بیوہ ہونا زکوٰۃ کو معطل نہیں کرتا۔ صاحبِ نصاب بیوہ عورت کو بھی زکوۃ دینی ہو گی ۔

سوال نمبر 166

چھوٹی لڑکی کو گود میں اٹھالیا۔ بعد میں علم ہوا کہ ان کپڑوں میں اس بچی نے پیشاب کیا تھا، جو کہ سوکھ چکا ہے۔ تو گود میں لینے والے کے کپڑوں کا کیا حکم ہے؟

جواب:

بچی کے کپڑوں میں پیشاب سوکھ گیا تھا تو لینے والے کے کپڑوں تک نجاست منتقل نہیں ہوئی۔ اس لیے وہ پاک سمجھے جائیں گے ۔

سوال نمبر 167

ایک نوجوان شادی شدہ جوڑا، جن کا ایک بچہ بھی ہے، انہیں اب معلوم ہوا ہے کہ وہ رضاعی بھائی بہن ہیں۔ اس مسئلے کا کیا حل ہے؟ اگر نکاح باطل ہے تو بچے کا سرپرست کون ہو گا؟

جواب:

علیٰحدہ ہو جائیں۔ بچے کی پرورش باپ کرے گا ۔

سوال نمبر 168

غسلِ جنابت میں شروع میں وضو کرلینا کافی ہے، یا غسل مکمل ہونے اور کپڑے پہننے کے بعد پھر وضو کرنا ہوگا؟

جواب:

ابتدا میں وضو کافی ہے، دوبارہ وضو کی ضرورت نہیں ۔

سوال نمبر 169

کیا شرم گاہ کو چھوُنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

شرم گاہ کو چھوُنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ۔

سوال نمبر 170

کیا سوتیلی دادی ساس کو بہو یا داماد زکوۃ دے سکتے ہیں؟

جواب:

جی ہاں، دے سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 171

کیا ستر کھل جانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:

ستر کھل جانے سے وضو نہیں ٹوٹتا ۔

سوال نمبر 172

قرآن پڑھ رہے ہوتے ہیں، اس وقت اذان شروع ہو تو کیا قرآن پڑھنا بند کر دینا چاہیے؟

جواب:

اذان کا جواب دینا ہو تو بند کر دینا چاہیے ۔

سوال نمبر 173

کیا تہجد، تراویح اور وتر ایک ہی نماز ہے، یا الگ الگ نمازیں ہیں؟

جواب:

تہجد اور تراویح دونوں رات کی نمازیں (قیام اللیل) ہیں۔ انہیں ایک کہا جاسکتا ہے، لیکن وتر الگ نماز ہے ۔

سوال نمبر 174

میری دکان پر مختلف چیزوں کا اسٹاک ہے۔ کچھ گنتی کے حساب سے ہیں، کچھ تول کے حساب سے۔ میں ان کی زکوٰۃ کیسے نکالوں؟

جواب:

دکان میں جتنی چیزیں ہیں، چاہے وہ تول کر فروخت ہونے والی ہوں یا گن کر، ان کی قیمت نکالیں۔ جتنی قیمت نکلے اس کا 2.5 ٪ زکوٰۃ نکال دیں ۔

سوال نمبر 175

کیا روزہ کے دوران میں نزلہ ہونے پر نزلہ کا اسپرے (Nasal Spray) استعمال کیا سکتا ہے؟

جواب:

ناک کے اندر کوئی دوا ڈالیں گے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بیماری شدید ہے تو روزہ نہ رکھیں، پہلے علاج کرائیں، بعد میں قضا کر لیں ۔

سوال نمبر 176

دانت میں درد ہو رہا ہے۔ کیا اس پر جیلی لگا سکتے ہیں؟

جواب:

نہیں۔ منھ میں کوئی بھی دوا رکھیں گے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ البتہ درد کا انجیکشن لگوا سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 177

کیا Trans vaginal scan (عورت کی شرم گاہ میں آلہ داخل کرکے اندرونی اعضاء کا جائزہ لیا جاتا ہے ۔) سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:

عورت کی شرم گاہ میں آلہ جیلی لگا کر داخل کیا جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا، اگر خشک داخل کیا جائے تو نہیں ٹوٹے گا۔

سوال نمبر178

اگر کسی شخص نے روزے کی حالت میں بیوی سے ہم بستری کرلی اور اُسے معلوم نہ تھا کہ ایسا کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور کفارہ لازم آتا ہے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب:

وہ کیسا مسلمان ہے جسے اتنی موٹی بات نہیں معلوم ہے؟!وہ قضا کرے اور 60 مسکینوں کو کھانا کھلائے، یا اس کے بہ قدر رقم صدقہ کرے۔

سوال نمبر 179

مریض اور معمّر آدمی، جو روزہ نہ رکھ سکے، اس کا فدیہ کیا ہے؟ کیا فدیہ اپنے کسی قریبی رشتہ دار کو دیا جاسکتا ہے؟

جواب:

ایک روزے کا فدیہ دو وقت کا کھانا، یا اس کی قیمت ہے۔ فدیہ کسی غریب رشتے دار کو، جو اپنے زیرِ کفالت نہ ہو، دیا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر180

ملک میں الیکشن ہونے والے ہیں۔ ان کے سلسلے میں عوام میں بیداری لانے کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے جگہ جگہ جلسے کرنے پڑیں گے۔ کیا اس کام میں زکوٰۃ صرف کی جاسکتی ہے؟

جواب:

سورۃالتوبۃ:60 میں زکوٰۃ کے آٹھ مصارف بیان کیے گئے ہیں اور تاکید کی گئی ہے کہ صرف انہی میں زکوٰۃ خرچ کی جائے۔ مصارفِ زکوٰۃ کو بہت زیادہ وسعت دینے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ اگرچہ ایک مصرفِ زکوٰۃ 'فی سبیل اللہ' کو بعض علماء نے وسیع کرنے کی کوشش کی ہے اور اس میں اسلام کی اشاعت و استحکام کے ہر کام کو شامل کرلیا ہے، لیکن اس سے قرآن کی تخصیص و تحدید ختم ہو جاتی ہے۔

سوال نمبر181

میں صاحبِ نصاب ہوں۔ میرے دادھیال سے مجھے جو کھیت وراثت میں ملا تھا اس کو ایک ماہ پہلے ہی فروخت کیا ہے، تاکہ اس وقت میں جہاں ہوں وہاں پر دوسرا کھیت خرید سکوں۔ اس کی رقم چالیس لاکھ روپے ملے ہیں۔ کیا مجھے ان چالیس لاکھ کی زکوٰۃ نکالنی ہے؟

جواب:

زکوٰۃ نکالنے کی ایک تاریخ متعین کیجیے۔ اس تاریخ تک رقم موجود ہے اور دوسرے مال کے ساتھ مل کر نصاب کو پہنچ جاتا ہے تو اس پر زکوٰۃ ہے۔ اس سے پہلے کھیت خرید لیا گیا تو اس پر زکوٰۃ نہیں ۔

سوال نمبر 182

میں اپنے ذاتی گھر میں رہتا ہوں۔ میں نے ایک پلاٹ اس نیت سے خریدا تھا کہ اس پر کبھی گھر بناؤں گا اور کرایے پر دوں گا۔ اس پر ایک سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے۔ کیا مجھے اس پر زکوۃ ادا کرنی پڑے گی؟

جواب:

اس پر زکوٰۃ نہیں۔ صرف اس پلاٹ پر زکوٰۃ ہے جسے فروخت کرنے کی نیت ہو ۔

سوال نمبر 183

میں اعتکاف کرنا چاہتی ہوں۔ کیا دورانِ اعتکاف میں کھانا پکا سکتی ہوں؟

جواب:

اعتکاف اصلاً مسجد میں ہوتا ہے۔ مردوں کا بھی اور عورتوں کا بھی۔ امہات المؤمنین بھی مسجد ہی میں اعتکاف کرتی تھیں۔ فقہ حنفی میں چوں کہ عورتوں کا مسجد جانا مکروہ تحریمی قرار دیا گیا ہے، اس لیے انہیں گھروں میں اعتکاف کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ میرے نزدیک اعتکاف کے بجائے عورتوں کو جتنا ہو سکے اپنے اوقات عبادت میں صرف کرنا چاہیے۔ یہ کافی ہے ۔

سوال نمبر 184

مال جو بزنس میں لگایا گیا ہے، کیا اس پر زکوٰۃ ہو گی؟ پرافٹ جو آرہا ہے وہ تو گھر کے خرچ میں استعمال ہو جاتا ہے ۔

جواب:

مال، جو ایک سال تک رہے اور وہ نصاب سے زائد ہو، اس پر زکوٰۃ ہے۔ خواہ وہ اصل مال ہو یا منافع ۔

سوال نمبر 185

میں ڈاکٹر ہوں، حجامہ کرتی ہوں۔ ایک حدیث میں پڑھا ہے کہ حجامہ کرنے والا اور حجامہ کروانے والا، دونوں کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ کیا یہ بات درست ہے؟

جواب:

حجامہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔نہ کروانے والے کا،نہ کرنے والے کا۔ صحیح حدیث میں ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے روزہ کی حالت میں حجامہ کروایا۔ جن احادیث میں حجامہ سے روزہ ٹوٹنے کا ذکر ہے وہ ابتدائی زمانے کی ہیں اور منسوخ ہیں ۔

سوال نمبر186

استقرارِ حمل کی مصنوعی تدابیر اختیار کرنے IVF (In Vitro fertilization) کی شرعی حیثیت کیا ہے؟کیا اس کی کچھ گنجائش ہے؟

جواب:

تین شرطوں کے ساتھ IVF کروایا جاسکتا ہے:(1)نطفہ (Sperm) شوہر کا ہو۔(2)بیضہ (Ovum) بیوی کا ہو۔(3)رحم (Uterus) بھی بیوی کا استعمال کیا جائے ۔

سوال نمبر187

مجھے جو کھیت وراثت میں ملا تھا اس کو میں نے بیس سال پہلے بیچ دیا تھا۔اب میں بہنوں کا حصہ دینا چاہتا ہوں۔کیا اُس وقت کے مطابق قیمت دینی پڑے گی،یا آج کی قیمت کے لحاظ سے؟

جواب:

اُس وقت کی قیمت کے اعتبار سے،البتہ کچھ بڑھا کر دیں تو اچھا ہے ۔

سوال نمبر188

کیاعلاج کے طور سے کچھوا کھانا جائز ہے؟

جواب:

بعض فقہاء کچھوا کو حلال قرار دیتے ہیں اور بعض اسے حرام کہتے ہیں۔جو لوگ حرام کہتے ہیں ان کے نزدیک بھی دوا کے طور پر اسے کھانے کی گنجائش ہے ۔

سوال نمبر189

میرے نکاح کے موقع میرے والدین نے مجھے زیورات دیے تھے۔اس حساب میں صاحبِ نصاب ہوں،لیکن میرے شوہر غریب ہیں تو میں زکوۃ کیسے ادا کروں؟

جواب:

زیورات آپ کے ہیں تو ان کی زکوٰۃ ادا کرنے کی فکر بھی آپ کو ہی کرنی ہے۔ آپ کے شوہر پر ان کی زکوٰۃ ادا کرنے کی ذمے داری نہیں ہے۔ کیا پورے سال آپ کے ہاتھ میں کبھی کچھ پیسے نہیں آتے؟ اگر زکوٰۃ ادا کرنے کی فکر ہو تو تھوڑا تھوڑا کر کے اتنا بچایا جا سکتا ہے کہ زکوٰۃ ادا کی جا سکے۔

سوال نمبر 190

سفر میں کھانے کو کچھ نہ ہو تو کیا صرف پانی سے افطار کر سکتے ہیں؟

جواب:

کھانے کو کچھ نہ ملے اور پانی میسّر ہو تو اس سے افطار کر سکتے ہیں۔

سوال نمبر 191

کیا میاں بیوی ایک دوسرے کا فون چیک کر سکتے ہیں؟

جواب:

جب میاں بیوی کے درمیان جسمانی طور پر کوئی پردہ نہیں ہوتا تو دوسرے معاملات میں بھی رازداری نہیں ہونی چاہیے۔ ان میں سے ہر ایک کو دوسرے کے لیے کھلی کتاب ہونا چاہیے۔ اگر کسی نے موبائل میں پاس ورڈ لگا رکھا ہو تو بلا تکلّف دوسرے کو بتا دے، تا کہ اگر اس کے دل کے کسی گوشے میں کچھ شک و شبہہ پیدا ہو گیا ہو تو اسے دوٗر کر لے۔

سوال نمبر 192

کیا کسی غیر مسلم کے انتقال پر انا للہ و انا الیہ راجعون کہہ سکتے ہیں؟

جواب:

کہہ سکتے ہیں، اس لیے کہ اس میں اپنے لیے تنبیہ اور یاد دہانی ہے کہ اسی طرح ہمیں بھی مرنا ہے اور ہمیں بھی اللہ کے یہاں پہنچنا ہے۔

سوال نمبر 193

کیا ضرورت مند اور غریب امام اور مؤذن کو ہدیہ کے علاوہ زکوٰۃ بھی دے سکتے ہیں؟

جواب:

ان کی خدمت کی اجرت الگ دیں اور زکوٰۃ الگ دیں، تاکہ وہ کل رقم کو اپنی خدمت کی اجرت نہ سمجھ لیں ۔

سوال نمبر194

اگر کسی شخص پر قرض ہے تو کیا اسے بھی زکوٰۃ نکالنی ہو گی؟

جواب:

اپنے مال میں سے قرض کم کر دیں، باقی مال اگر نصاب سے زائد ہو تو اس کی زکوٰۃ ادا کریں ۔

سوال نمبر195

کیا عورت میت کے کفن میں خوش بوٗ لگانا جائز ہے؟

جواب:

میّت کے کفن میں خوش بوٗ لگانا جائز ہے، چاہے میّت مرد ہو یا عورت ۔

سوال نمبر196

اگر ہمارے گھر کے ملازم کے پاس ساڑھے باون تولہ چاندی یا اس کے بہ قدر نقدی ہو تو وہ صاحبِ نصاب ہوا۔ کیا اس صورت میں ہم اسے زکوٰۃ دے سکتے ہیں؟

جواب:

صاحبِ نصاب کو زکوٰۃ نہیں دی جا سکتی، لیکن اس کے بچوں کو دی جا سکتی ہے۔ ویسے بعض علماء کہتے ہیں کہ موجودہ دور میں سونا کو اسٹینڈرڈ بنانا چاہیے، یعنی جس کے پاس سونے کے نصاب (یعنی تقریباً ساڑھے چار لاکھ) کے بہ قدر ہو اسے صاحبِ نصاب ماننا چاہیے ۔

سوال نمبر 197

رسول اللہ ﷺ نے ہمیشہ 8 رکعت تہجد پڑھی ہے تو رمضان میں تراویح کے نام سے 20 رکعت کیوں پڑھی جاتی ہے؟

جواب:

جو لوگ یہ سوال نمبر اٹھاتے ہیں انہیں اس کا جواب دینا چاہیے کہ کیا وہ پورے سال تہجد پڑھتے ہیں؟ انہیں رمضان ہی میں یہ سوال نمبر کیوں یاد آتا ہے؟

رمضان میں قیام اللیل (رات میں نماز پڑھنے) کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے دور سے 20 رکعت تراویح کا آغاز ہوا اور تمام صحابہ نے اس سے اتفاق کیا۔ جسے اللہ کے رسول ﷺ کی سنت کا اتنا ہی خیال ہے اسے رمضان میں 8 رکعت پڑھنی چاہیے اور سال کے باقی مہینوں میں بھی ۔

سوال نمبر 198

صلاۃ التسبیح پڑھنے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب :

صلاۃ التسبیح پڑھنے کے چکر میں پڑنے کے بجائے، جتنی توفیق ہو، نارمل طریقے سے نوافل پڑھنے کی کوشش کرنی چاہیے ۔

سوال نمبر 199

کیا حمل اور رضاعت کے زمانوں میں چھُوٹے ہوئے روزوں کا فدیہ دیا جا سکتا ہے؟

جواب:

اگر عورت روزہ رکھنے پر قادر ہے تو اسے حمل و رضاعت کے زمانوں میں چھوٗٹے ہوئے روزوں کی قضا کرنی چاہیے ۔ اگر روزہ کی سکت نہ ہو یا روزہ رکھنے سے بہت زیادہ ہلکان ہو جاتی ہو تو فدیہ دے سکتی ہے ۔

سوال نمبر 200

کچھ لوگ پانچ دن یا سات دن میں تراویح میں پورا قرآن سن لیتے ہیں، پھر پورے رمضان تراویح نہیں پڑھتے۔ کیا ان کا ایسا کرنا صحیح ہے؟

جواب:

تراویح پورے رمضان میں پڑھنی چاہیے۔ اگر کوئی شخص کسی وجہ سے تراویح نہ پڑھ سکے تو اسے سحری سے کچھ پہلے اٹھ کر 8 رکعت، یا جتنی توفیق ہو، پڑھ لینی چاہیے ۔

رمضان میں تراویح میں پورا قرآن سننا ضروری نہیں ہے اور نہ یہ تصور درست ہے کہ چند دنوں میں پورا قرآن تراویح میں سن لیا جائے تو باقی دنوں میں تراویح کی نماز ساقط ہو جاتی ہے ۔

سوال نمبر 201

ہمارے کالج کی مسجد میں آج کل صرف دو یا تین وقت کی نمازیں باجماعت ادا کی جاتی ہیں : ظہر، عصر اور مغرب۔ سوال نمبر یہ ہے کہ کیا ایسی جگہ نمازِ جمعہ ہو جائے گی ؟ براہ کرم رہ نمائی فرمائیں ۔

جواب :

جی ہاں، ادا ہو جائے گی ۔

سوال نمبر 202

ماہِ رمضان میں کم سے کم ایک بار پورا قران پڑھنا سنّت ہے۔ میں جب قرآن پڑھتا ہوں تو سمجھنا بھی چاہتا ہوں اور صرف ترجمہ سے تسلّی نہیں ہوتی، تفسیر کی بھی ضرورت پڑجاتی ہے۔ ایسا کروں تو قرآن پورا نہیں ہو پائے گا۔ ان شاء اللہ تراویح میں 24 دن میں پورا ہو جائے گا۔ کیا پورا قرآن ختم کرنا افضل ہے، یا جتنا ترجمہ کے ساتھ پڑھنا ممکن ہو؟

جواب:

رمضان میں پورا قرآن ختم کرنا ضروری نہیں۔ آپ قرآن کی تلاوت بھی کریں اور کچھ وقت ترجمۂ قرآن پڑھنے میں بھی لگائیں۔ جتنا بھی ہو جائے، کافی ہے ۔

سوال نمبر 203

گاڑیوں کے شوروم کی بلڈنگ پر زکوۃ ہو گی؟

جواب:

شوروم کی عمارت پر زکوٰۃ نہیں ۔

سوال نمبر 204

شیئر کی پوری مالیت پر زکوۃ ہو گی یا صرف راس المال پر ؟

جواب:

شیئرز کی پوری مالیت پر زکوٰۃ ہے ۔

سوال نمبر 205

اعتکاف کو لے کر ہمارے یہاں بحث چل رہی ہے کہ اعتکاف صرف دس دن کا ہی ثابت ہے، ایک دن کا یا چند گھنٹوں کا اعتکاف نہیں ہوتا۔ کیا جن لوگوں کے لیے لگاتار دس دنوں کا اعتکاف کرنا ممکن نہیں ہے وہ اس عبادت سے محروم رہیں گے ؟

جواب:

مسنون اعتکاف رمضان کے آخری عشرے کا ہوتا ہے۔ جو لوگ دس دن کے لیے فارغ نہیں ہوسکتے وہ اعتکاف نہ کریں۔

سوال نمبر 206

میری اہلیہ کے پاس کچھ سونے کے زیورات ہیں، جن کی الحمد اللہ ہر سال زکوٰۃ نکالی جاتی ہے۔اب امسال حج کے سفر پر جانے کا ارادہ ہے۔ درخواست بھی دی گئی ہے، مگر ابھی ویٹنگ میں ہے۔ اگر جانا ہوا تو یہ سارے زیورات بیچنا ہوں گے۔ سوال نمبر یہ ہے کہ امسال ان زیورات کی زکوۃ نکالی جائے یا نہیں؟

جواب:

جب تک زیورات موجود ہیں، زکوٰۃ ادا کرنی ہے۔ فروخت کرکے مصارف حج کے لیے ادا کردیے گئے ہوتے تو زکوٰۃ واجب نہ ہوتی۔

سوال نمبر 207

ایک غیر مسلم مسجد میں اپنی طرف سے مسجد میں افطار کرانا چاہتا ہے۔ کیا اس سے رقم لی جاسکتی ہے؟

جواب:

جی ہاں، لی جاسکتی ہے، اگر اس کی کمائی کے حلال ہونے کا گمان ہو۔

سوال نمبر 208

قرآن مجہول طریقے سے پڑھنا کیسا ہے؟

جواب:

کسی قاری سے دریافت کرلیں، قرآن مجید کیسے پڑھنا چاہیے؟

سوال نمبر 209

میرے ایک دوست نے اپنے لڑکے کے نام پر LIC کھولی تھی۔ اب ان کی سمجھ میں آگیا ہے کہ یہ غیر اسلامی ہے۔ اصل رقم 8 لاکھ اور سود کی رقم ایک لاکھ ہے تو زکوۃ کتنی رقم پر نکالنی ہوگی؟

جواب:

زکوٰۃ سودی رقم پر نہیں، اصل رقم پر عائد ہوگی۔

سوال نمبر210

کیا حاملہ عورت کے رمضان میں جو روزے رہ جاتے ہیں ان کی اسے بعد میں قضا کرنی ہے؟

جواب:

جی ہاں، حمل کی وجہ سے چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا کرنی ہے۔

سوال نمبر 211

دو بھائی الگ الگ ایک دوسرے سے کئی میل کی مسافت پر رہتے ہیں۔ دونوں صاحبِ نصاب ہیں۔ ایک بھائی کی اوسط کمائی ہے، جب کہ دوسرا تنگ دست ہے۔ تنگ دست بھائی سخت بیمار ہے اور اپنے خرچ پر اپنا علاج نہیں کروا سکتا۔ کیا اوسط کمانے والا بھائی تنگ دست بھائی کو زکوٰۃ دے سکتا ہے؟

جواب:

صاحبِ نصاب کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں۔ ان کی امداد بھائی غیر زکوٰۃ سے کرے۔

سوال نمبر212

شادی شدہ عورتیں گلے میں منگل سوتر پہنتی ہیں۔ مسلم عورتوں کے لیے اسلام اس معاملے میں کیا رہ نمائی کرتا ہے؟

جواب:

منگل سوتر کی اسلام میں کوئی حیثیت نہیں۔ مسلم عورتوں کو غیر مسلموں کی نقّالی سے بچنا چاہیے۔

سوال نمبر213

میرے ابا کا انتقال پچھلے سال شعبان کے مہینے میں ہوا، جس کو ایک سال سے زیادہ ہوگیا ہے۔ ابا کچھ ہی دن قبل سرکاری نوکری سے ریٹائر ہوئے تھے۔ ان کے پاس بینک میں کچھ رقم تھی اور اس کے علاوہ زمین و مکان تھا۔ بعض سرکاری و قانونی رکاوٹوں کی وجہ سے پراپرٹی کا بٹوارہ اب تک نہیں ہو سکا ہے۔ فی الحال زمین و پیسہ کی دیکھ بھال ہم اور امّی کر رہے ہیں۔ جب تک ریٹائرمنٹ کے بعد پینشن کی تمام تر سرکاری کارروائیاں پوری نہیں ہو جاتیں تب تک بٹوارے کا امکان نہیں ہے۔ اس صورت میں زکوٰۃ کا کیا حکم ہے؟ ہم لوگوں پر ابا کی رقم میں سے زکوٰۃ نکالنا ضروری ہے یا نہیں؟ یا پھر اندازہ لگا کر ہر وارث اپنے حصے کی زکوٰۃ نکالے گا؟

جواب:

مالِ وراثت جب تک تقسیم نہ ہو جائے اس پر زکوٰۃ نہیں۔ تقسیم ہونے کے بعد وارثوں میں جس کے حصے میں جو مال آئے اگر وہ نصاب تک پہنچے تو اس پر وہ زکوٰۃ دے گا ۔

سوال نمبر 214

سونے کی زکوٰۃ اسے خریدنے کے اعتبار سے دینی ہوگی یا بیچنے کے اعتبار سے ؟

جواب:

بیچنے کے اعتبار سے ۔

سوال نمبر215

شب قدر کی مسنون دعا:اللھم اِنَّكَ عَفُوٌّ....ہے۔کیا اس کے علاوہ بھی کوئی مسنون دعا ہے؟

جواب:

شب قدر کے حوالے سے صرف یہی دعا حدیث میں مذکور ہے۔ویسے مسنون دعائیں بہت سی ہیں۔ان میں سے جو چاہیں مانگ سکتے ہیں ۔

سوال نمبر216

مچھروں کی بہتات ہو جائے تو کیا الیکٹرک بیٹ سے انہیں مارا جاسکتا ہے؟

جواب:

مچھر دوسرے ذرائع سے نہ ختم ہو رہے ہوں تو انھیں الیکٹرک بیٹ سے مارنے کی گنجائش ہے ۔

سوال نمبر217

کیا لڑکیاں اعتکاف میں بیٹھ سکتی ہیں؟

جواب:

اعتکاف صرف مسجد میں ہو سکتا ہے، چاہے مرد ہو یا عورت۔ فقہ حنفی میں چوں کہ عورتوں کے مسجد میں جانے کو مکروہ تحریمی کہا گیا ہے، اس لیے ان کے لیے گھر میں اعتکاف کی گنجائش نکالی گئی ہے ۔ ویسے بھی لڑکیوں کو اعتکاف کی فکر کرنے کے بجائے گھریلو کام شوق سے کرنا چاہیے۔گھر والوں کے لیے سحری، افطار اور رات کا کھانا پکانے میں وقت لگانا چاہیے ۔ بچے ہوئے وقت میں وہ جتنا چاہیں عبادت اور تلاوتِ قرآن کریں ۔

سوال نمبر218

میں نے کسی کو پیسے ادھار دے رکھے ہیں۔ کیا مجھے اس کی ابھی زکوٰۃ نکالنی ہے، یا وہ جب واپس آجائیں گے اس سال نکالی جائے گی؟

جواب:

جو رقم کا مالک ہے اسے زکوٰۃ ادا کرنی ہے، ہر سال۔ واپسی کا انتظار نہیں کیا جائے گا۔

سوال نمبر 219

مجھ پر 3 لاکھ روپے کا قرض ہے اور میں صاحبِ نصاب بھی ہوں۔ کیا قرض کے باوجود مجھے زکوٰۃ نکالنی ہے؟

جواب:

آپ کے پاس کتنی رقم ہے؟ اس کا حساب کیجیے۔ جتنا قرض ایک سال میں ادا کرنا ہے اسے کم کیجیے۔ باقی اگر نصاب تک پہنچے تو اس کی زکوٰۃ نکالیے۔

سوال نمبر 220

آپ نے ایک سوال نمبر کے جواب میں لکھا ہے کہ عورت سال بھر رقم جمع کرتی رہے، اس کے بعد زکوٰۃ ادا کرے۔ کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ وہ اپنا تھوڑا سونا (زکوٰۃ کی رقم کے برابر) بیچ کر زکوٰۃ ادا کر دے۔ کیوں کہ زکوٰۃ فرض ہے اور زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔

جواب:

عورتوں کی نفسیات یہ ہے کہ اپنے زیورات میں سے کچھ بیچنا ان پر بہت گراں گزرتا ہے۔ اس کے بجائے تھوڑی تھوڑی رقم اکٹھا کرکے زکوٰۃ ادا کرنا ان کے لیے آسان ہوتا ہے۔ اس لیے میں نے یہ رائے دی۔ جواب میں حکمت ملحوظ رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

سوال نمبر 221

میں نے ایک چار پہیے والی کار اپنے استعمال کے لیے خریدی ہے۔ اس کی قیمت قسط وار ادا کر رہا ہوں۔ ابھی اور قسطیں ادا کرنی باقی ہیں۔ کیا کار کی بھی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی؟

جواب:

نہیں، روز مرّہ کی استعمالی چیزوں پر زکوٰۃ نہیں۔ کار پر بھی زکوٰۃ نہیں۔

سوال نمبر222

کیا زکوۃ کے پیسے سے قبرستان کا کام کروایا جاسکتا ہے؟

جواب:

زکوٰۃ کی رقم سے قبرستان کا کوئی کام نہیں کروایا جاسکتا ۔

سوال نمبر223

میرے پاس ساڑھے چار تولے سونا ہے اور مجھ پر ایک لاکھ 20 ہزار کا قرض ہے۔ میں زکوٰۃ کیسے ادا کروں؟

جواب:

سونا کی قیمت نکالیے۔ قرض اگر ایک سال میں ادا کرنا ہے تو اسے اُس میں سے کم کیجیے۔ اگر کئی برس میں ادا کرنا ہے تو صرف اتنا قرض کم کیجیے جو ایک سال میں قابلِ ادائیگی ہو۔ باقی رقم کا ڈھائی فی صد (2.5٪) زکوٰۃ نکالیے ۔

سوال نمبر224

بیوی کے پاس ساڑھے سات تولے سونا ہے، لیکن شوہر پر تین لاکھ روپے کا قرض ہے تو کیا سونے کی زکوۃ ادا کرنی پڑے گی؟

جواب :

بیوی کو اپنے زیورات کی زکوٰۃ ادا کرنی ہے اور شوہر کو اپنے مال کی۔ دونوں کو ملایا نہیں جائے گا ۔ شوہر پر 3 لاکھ کا قرض ہے۔ اگر یہ ایک سال میں قابل ادائیگی ہے تو کُل اور اگر کئی سال میں اسے ادا کرنا ہے تو اس کا جتنا حصہ ایک سال میں قابل ادائیگی ہو اسے اپنے مال میں سے کم کر دے، باقی کی زکوٰۃ ادا کرے ۔

سوال نمبر225

اگر کوئی عورت بیوہ ہے اور اس کے لیے کمانے والا کوئی نہیں ہے۔ اس عورت کے پاس کچھ زیورات ہیں۔ کیا اس پر ان زیورات کی زکوٰۃ نکالنی فرض ہے؟

جواب:

اگر اس کے پاس نصاب کے بہ قدر زیورات ہیں تو اس پر ان کی زکوٰۃ نکالنی فرض ہے ۔

سوال نمبر226

عورت جو زیورات روز مرّہ استعمال کرتی ہے، کیا ان پر زکوٰۃ ہے؟

جواب:

حنفی مسلک میں ہر طرح کے زیورات پر زکوٰۃ ہے۔ دیگر ائمہ کے نزدیک استعمالی زیورات پر زکوٰۃ نہیں ۔

سوال نمبر227

کیا ایک ہی مسجد میں ایک ہی منبر سے جمعہ کے دو خطبے اور دو نمازیں ہو جائیں گی؟

جواب:

فقہ حنفی میں عام حالات میں مسجد میں ایک نماز کی دو جماعتیں کرنے سے منع کیا گیا ہے ۔ لیکن آج کل کے حالات میں، جب کہ مسجد میں نمازی زیادہ ہوتے ہیں، سڑکوں پر بھی نماز پڑھنے کی نوبت آجاتی ہے۔ اس صورت میں مسجد میں ایک ہی منبر سے جمعہ کے دو خطبے اور دو نمازیں ہو سکتی ہیں ۔

سوال نمبر228

مجھے پچھلے 11 دنوں سے bleeding ہو رہی ہے۔ کیا میں روزہ رکھ سکتی ہوں؟

جواب:

حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت 10 دن ہے، اس کے بعد استحاضہ ہے۔ اس میں نماز پڑھی جائے گی اور روزہ رکھا جائے گا۔

سوال نمبر229

پرانی مسجد سے متصل نئی مسجد تعمیر کی گئی ہے، جس میں ابھی ایک ماہ سے نماز شروع کی گئی ہے۔ پرانی مسجد کی عمارت کو ابھی منہدم نہیں کیا گیا ہے۔ باتھ روم نئی مسجد میں نہیں بنے ہیں، جب کہ پرانی مسجد میں ہیں۔ کیا پرانی مسجد میں اعتکاف کیا جاسکتا ہے؟

جواب:

پرانی مسجد میں اعتکاف ہو سکتا ہے اور یہ بھی کیا جاسکتا ہے کہ نئی مسجد میں اعتکاف کرتے ہوئے پرانی مسجد کا باتھ روم استعمال کیا جائے ۔

سوال نمبر230

میری لڑکی 11 برس کی عمر میں بالغ ہو گئی ہے۔ کیا اس پر روزے فرض ہو گئے ہیں؟ روزہ رکھنے سے وہ پریشان ہو جاتی ہے ۔

جواب:

میرا احساس ہے کہ لڑکیاں شوق سے روزہ رکھنا چاہتی ہیں، لیکن والدین کو ہی ان پر بہت ترس اور دُلار آتا ہے۔ بچیاں تو چھ سات برس کی عمر سے روزہ رکھنے لگتی ہیں۔ حضرت رُبَیّع بنت مُعوّذ بیان کرتی ہیں کہ رمضان کے روزے فرض ہونے سے پہلے ہم عاشوراء کے روزے رکھتے تھے اور اپنے بچوں کو بھی رکھواتے تھے۔ جب وہ شام کو نڈھال ہو جاتے تھے تو انہیں بہلانے کے لیے کھلونے دے دیتے تھے۔

خلاصہ یہ کہ بچوں کو روزہ رکھنے کی تلقین کرنی چاہیے اور ان کی ہمّت افزائی کرنی چاہیے، نہ کہ انہیں روزہ رکھنے سے روکنا چاہیے۔

سوال نمبر 231

ایسے فیشن کے جینس، جو گُھٹنے کے اُوپر تھوڑے پھٹے ہوتے ہیں، جس سے چمڑی دکھائی دیتی ہے، کیا انہیں پہن کر نماز پڑھی جاسکتی ہے؟

جواب:

اگر ستر کے اعضاء میں سے کسی عضو کا ایک چوتھائی حصہ کھلا ہو تو نماز درست نہیں ہوگی۔

سوال نمبر 232

آپ سے سوال نمبر کیا گیا تھا: "میرے پاس ساڑھے چار تولے سونا ہے اور مجھ پر ایک لاکھ 20 ہزار کا قرض ہے۔ میں زکوٰۃ کیسے ادا کروں؟" اس کا آپ نے یہ جواب دیا ہے: "سونا کی قیمت نکالیے۔ قرض اگر ایک سال میں ادا کرنا ہے تو اسے اُس میں سے کم کیجیے۔ اگر کئی برس میں ادا کرنا ہے تو صرف اتنا قرض کم کیجیے جو ایک سال میں قابلِ ادائیگی ہو۔ باقی رقم کا ڈھائی فی صد (2.5٪) زکوٰۃ نکالیے۔" یہ جواب سمجھ میں نہیں آیا۔ سائل کے پاس ساڑھے چار تولہ سونا ہے، جب کہ نصاب کی رُو سے ساڑھے سات تولہ سونا پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔ رہ نمائی فرمائیں۔

جواب:

آپ کی بات درست ہے۔ کسی کے پاس صرف سونا ہے تو اس پر زکوٰۃ نہیں۔

سوال نمبر 233

کیا فجر کا وقت شروع ہونے سے پہلے اذان دی جاسکتی ہے؟

جواب:

کسی نماز کا وقت شروع ہونے کے بعد اذان دینی چاہیے۔ لیکن اگر پہلے اذان دے دی گئی اور نماز پڑھ لی گئی تو نماز ہو جائے گی۔

سوال نمبر234

کہا جاتا ہے کہ حکومت کفر و شرک پر قائم رہ سکتی ہے، لیکن ظلم پر قائم نہیں رہ سکتی؟ پھر آخر فلسطین پر ظلم کی داستان کیوں ختم نہیں ہوتی؟ 75 سالوں سے وہاں ظلم رواں دواں ہے!

جواب:

قرآن مجید میں ہے: "اللہ تعالیٰ کا ایک دن ہمارے ایک ہزار سال کے برابر ہوتا ہے۔" (الحج:47، السجدہ:5) بلکہ سورۂ معارج، آیت 4 میں تو 50 ہزار سال کے برابر قرار دیا گیا ہے۔ بارگاہِ الٰہی میں دیر ہے، اندھیر نہیں۔

سوال نمبر235

اگر کوئی غیر مسلم مسجد کی تعمیر کے لیے زمین وقف کرے یا پیسے دے تو کیا اُس پر مسجد تعمیر کی جاسکتی ہے؟

جواب:

جی ہاں، اگر اس کی کمائی حلال ہو۔

سوال نمبر236

اگر کوئی شخص رمضان کے روزے رکھے، مگر نماز نہ پڑھے تو کیا اس کا روزہ مقبول ہو گا؟

جواب:

روزہ ہو جائے گا، نماز نہ پڑھنے کا گناہ ہو گا۔

سوال نمبر237

دودھ بخشنے کی بات کہی جاتی ہے۔ اس کی کیا حقیقت ہے؟

جواب:

کوئی حقیقت نہیں۔

سوال نمبر238

کیا روزہ کے دوران میں لِپ اِسٹِک لگا سکتے ہیں؟

جواب:

جی ہاں، لگا سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 239

کچھ رقم ایک جگہ انوسٹ کرر کھی ہے۔ کیاز کوٰۃ اس سے حاصل ہونے والے منافع پر ہو گی، یا اصل رقم پر بھی؟

جواب:

اصل رقم اور منافع دونوں پر زکوٰۃ ہے ۔

سوال نمبر 240

میں نے سحری کھا کر ہوائی جہاز کا سفر شروع کیا۔ افطار مجھے کہاں کے وقت سے کرنا ہے؟

جواب:

جہاں آپ پہنچے ہیں۔ اگر ابھی راستے میں ہیں تو اُس وقت کا اعتبار ہو گا جو گراؤنڈ پر ہے ۔

سوال نمبر 241

کیا شوہر کا بیوی کی طرف سے زکوٰۃ نکالنا جائز ہے؟

جواب:

بیوی کو اپنے زیورات کی زکوٰۃ خود نکالنی چاہیے۔ اگر شوہر نکال دے تو اس کا احسان ماننا چاہیے ۔

سوال نمبر 242

روزے میں پیاس کی شدت سے مجبور ہو کر میں نے پانی پی لیا۔ اب کیا کرنا ہو گا؟

جواب:

اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیے اور اس روزہ کی قضا کیجیے ۔

سوال نمبر 243

میری ہارڈویر کی دکان ہے۔ اس میں جو مال ہے، کیا مجھے اس کا حساب کرکے اس پر زکوٰۃ نکالنی ہو گی، یا اس سے ہونے والی آمدنی پر زکوٰۃ ہے؟

جواب:

دکان پر زکوٰۃ نہیں، لیکن اس میں جو مال ہے اس پر زکوٰۃ ہے۔ اس کا حساب کرکے اس کی زکوٰۃ نکالیں ۔

سوال نمبر 244

دکان میں مال کا کچھ حصہ dead ہو جاتا ہے، نہ فروخت ہو پاتا ہے، نہ اس کو واپس کرسکتے ہیں۔ زکوۃ کا حساب کرتے وقت اس کو کیا مانا جائے؟

جواب:

اس کو حساب سے خارج کر دیں۔

سوال نمبر 245

والد نے اگر بچوں کے نام پر کوئی پلاٹ کر دیا ہو کہ مستقبل میں اس کا مالکانہ حق بچوں کا ہو گا تو کیا اس پر بھی زکوۃ نکالنی ہو گی؟

جواب:

پلاٹ کو فروخت کرنے کا ارادہ نہ ہو تو اس پر زکوٰۃ نہیں۔

سوال نمبر 246

ایک بلڈنگ زیرِ تعمیر ہے۔ اس میں مسجد کی جگہ کے علاوہ بچوں کا اسٹڈی سینٹر، دار القضاء، اجتماع گاہ، کمپیوٹر سینٹر، سلائی سینٹر وغیرہ بھی ہوں گے۔ کیا اس میں زکوۃ دی جاسکتی ہے؟

جواب:

غریب لوگوں کے لیے رفاہی کاموں میں اور اشاعت اسلام کے کاموں میں زکوٰۃ کی رقم استعمال ہو سکتی ہے۔

سوال نمبر 247

الحمدللہ میرے پاس اپنی رہائش کے علاوہ بھی ایک فلیٹ ہے۔ شروع میں اسے investment کے ذہن سے لیا تھا، لیکن اب اسے فی الحال بیچنے کی نیت نہیں ہے۔ کیا اس کی قیمت پر زکوٰۃ ادا کرنی ہے؟

جواب:

فلیٹ کو بیچنے کی نیت نہ ہو تو اس کی قیمت پر زکوٰۃ نہیں۔ پہلے بیچنے کی نیت تھی تب اس پر زکوٰۃ تھی۔ جب سے نہ بیچنے کا ارادہ کر لیا ہے اس وقت سے اس پر زکوٰۃ نہیں۔

سوال نمبر 248

میں دن میں بخار میں مبتلا تھا اور روزہ بھی تھا۔ غلطی سے پانچ منٹ پہلے افطار کر لیا۔ کیا روزہ مکمل ہوا؟

جواب:

روزہ نہیں ہوا۔ اس کی قضا کریں ۔

سوال نمبر249

عموماً رمضان میں مغرب کی اذان ہونے کے پندرہ منٹ کے بعد جماعت کھڑی ہوتی ہے۔ کیا اس دوران میں کوئی شخص اگر نفل پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے؟

جواب:

جی ہاں، پڑھ سکتا ہے ۔

سوال نمبر250

اللہ کے رسول ﷺ نے بعض کافروں، مثلاً ابو جہل وغیرہ کے لیے بد دعا کی تھی۔ کیا ہم اپنے زمانے کے اسلام دشمنوں کے لیے بد دعا کر سکتے ہیں۔؟

جواب:

کر سکتے ہیں۔ قنوت نازلہ میں بد دعا ہی کی جاتی ہے ۔

سوال نمبر251

میرے پاس تقریباً پونے آٹھ تولے سونا ہے، مگر میں کمائی نہیں کرتی اور میرے شوہر کی کمائی بھی بہت زیادہ نہیں ۔ جو ہوتی ہے خرچ ہو جاتی ہے۔ گھر بھی کرایے کا ہے اور دکان بھی۔ ساتھ ہی قرض بھی ہے۔ زکوۃ نکال پانا بہت مشکل ہے۔ کیا کریں؟ رہ نمائی فرمائیں۔

جواب:

اپنے زیورات ساڑھے سات تولہ سے کم کر لیں ۔

سوال نمبر252

میں ایسی سوسائٹی میں رہتا ہوں جس میں اکثر لوگوں نے لون لے کر اپنے مکان بنوائے ہیں۔ ان کے یہاں سے افطاری یا کھانے کی چیزیں آتی ہیں۔ کیا ہمارے لیے انہیں کھانا جائز ہے؟

جواب:

کسی کی مکمل آمدنی حرام نہ ہو، حلال اور حرام دونوں کا مجموعہ ہو تو اس کے یہاں کھانا پینا جائز ہے۔ مزید احتیاط کرنا چاہیں تو جو کچھ آئے اس کی مالیت کے بہ قدر صدقہ کر دیں ۔

سوال نمبر 253

کیا عورتیں عید کی نماز گھر میں جماعت کے ساتھ پڑھ سکتی ہیں؟

جواب:

عید کی نماز گھر میں پڑھنی جائز نہیں ہے ۔

سوال نمبر 254

کیا غیر حافظ تراویح کی نماز میں پیچھے قرآن لے کر دیکھ سکتی ہے، جب کہ وہ نمازِ تراویح جماعت کے ساتھ پڑھ رہی ہو ؟

جواب:

نماز میں قرآن ہاتھ میں لے کر اور اس میں دیکھ کر پڑھنا فقہ حنفی میں جائز نہیں ہے۔ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک گنجائش ہے ۔

سوال نمبر 255

میں فی الحال کرایے پر رہتا ہوں۔ مکان لینے کے لیے پیسے جمع کر رہا ہوں۔ ابھی پیسے پورے نہیں ہوئے ہیں۔ کیا ان پیسوں پر ہر سال زکوٰۃ نکالنی ضروری ہے؟

جواب:

جو رقم بھی سال بھر تک محفوظ رہے، چاہے جس کام کے لیے رکھی گئی ہو، اس پر زکوٰۃ ادا کرنی پڑے گی، اگر نصاب سے زائد ہو ۔

سوال نمبر 256

کیا بینک کی سودی رقم سے مزدوروں کو تنخواہ دی جا سکتی ہے؟

جواب:

مزدور محنت کرتا ہے، اس لیے اس کا محنتانہ اپنے مال میں سے دینا چاہیے۔ سود میں سے دینا جائز نہیں ۔

سوال نمبر 257

کیا روزہ کی حالت میں انہیلر کا استعمال جائز ہے؟

جواب:

روزہ کی حالت میں انہیلر کے استعمال کو فقہاء نے ناجائز قرار دیا ہے، روزہ ٹوٹ جائے گا۔

سوال نمبر 258

کیا صدقۂ فطر غلّہ کی صورت میں نکالنا ضروری ہے، یا رقم بھی دے سکتے ہیں؟

جواب:

غلّہ کی قیمت بھی دے سکتے ہیں۔

سوال نمبر 259

کھیت سے کل آمدنی دس لاکھ روپے ہوئی، جب کہ اس پر خرچ چار لاکھ روپے ہوا ہے۔ زکوۃ کُل مال پر عائد ہوگی یا خرچ علیٰحدہ کرکے زکوٰۃ نکالی جائے گی؟ واضح رہے کہ کھیتی کنویں کے پانی سے ہوئی ہے۔

جواب:

کل مال پر 5٪ نکالنا ہے۔ اسے نصف عُشر کہتے ہیں۔

سوال نمبر 260

کیا LIC سے حاصل شدہ رقم پر زکوٰۃ عائد ہوگی؟

جواب:

زکوٰۃ اصل رقم پر عائد ہوگی، انٹرسٹ پر نہیں۔

سوال نمبر 261

کیا زکوٰۃ کی رقم سے مزدوروں کو تنخواہ دی جاسکتی ہے؟

جواب:

مزدور کو اس کی مزدوری اپنے اصل مال میں سے دینا چاہیے۔ ہاں، اس کی غربت کے پیش نظر الگ سے اسے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔

سوال نمبر 262

ایک میاں بیوی کے ہاں کوئی اولاد نہیں ہوئی اور ہونے کی توقع بھی نہیں ہے تو شوہر اپنے سگے ماموں کی بیٹی، جو ابھی پیدا ہوئی ہے، اسے لے کر پالنا چاہ رہے ہیں، ماموں بھی اسے دینے پر تیار ہیں۔ اب آدھار کارڈ بناتے وقت حقیقی ماں باپ کا نام لکھوانا چاہیے، یا پالنے والے ماں باپ کا نام لکھوایا جاسکتا ہے؟

جواب:

لاولد جوڑے کسی بھی بچے کو گود لے کر اس کی پرورش کرسکتے ہیں، لیکن ولدیت کی جگہ اس کے حقیقی باپ کا نام ہی لکھا جائے گا، پالنے والے کا نام گارجین کی حیثیت سے لکھوایا جاسکتا ہے ۔

سوال نمبر 263

چاند کی رؤیت کے لیے کتنے گواہوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

جواب:

اگر مطلع ابر آلود ہو تو دو دین دار اور قابلِ اعتبار مسلمانوں کی گواہی کافی ہے۔ اگر مطلع صاف ہو تو دیکھنے والوں کی تعداد اتنی ہونی چاہیے کہ ان کی گواہی پر اطمینان ہو جائے ۔

سوال نمبر 264

میری شادی کو پانچ سال ہوگئے ہیں۔ شادی کے وقت میرے پاس 4 تولہ سونا اور 30 تولہ چاندی تھی۔ پھر ایک سال گزرنے کے بعد ایک تولہ سونا اور ہوگیا۔ اب میرے پاس سات تولہ سونا ہے۔ میں نے اب تک زکوٰۃ نہیں نکالی، یہ سوچ کر کہ سونا اور چاندی کا نصاب الگ الگ پورا نہیں ہے۔ لیکن آپ کے سوال نمبرات اور جوابات دیکھے ہے، جن میں آپ نے ان سبھی صورتوں میں زکوٰۃ نکالنے کو کہا ہے۔ اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟

جواب:

بعض فقہاء کا وہی خیال ہے کہ سونا اور چاندی الگ الگ نصاب کو پہنچیں تب ان پر زکوٰۃ ہے، ورنہ نہیں۔ لیکن فقہ حنفی میں اگر سب کو جوڑنے پر کوئی ایک نصاب پورا ہو جاتا ہے تو زکوٰۃ نکالنے کو کہا گیا ہے۔ بہتر کہ پانچوں سال کی زکوٰۃ نکال دیجیے، ورنہ کم از کم اس سال کی تو ضرور نکالیے ۔

سوال نمبر 265

کیا کریڈٹ کارڈ کا استعمال کرنا جائز ہے؟

جواب:

کریڈٹ کارڈ لیتے وقت اس معاہدہ پر دستخط کرنے ہوتے ہیں کہ مقرر وقت سے تاخیر کرنے پر میں انٹرسٹ ادا کروں گا، اس لیے اصولی طور پر اس کا استعمال جائز نہیں، البتہ اگر کسی نے لے رکھا ہو تو کوشش کرے کہ وقت مقرر میں ادائیگی کردے، تاکہ اسے عملاً انٹرسٹ ادا نہ کرنا پڑے ۔

سوال نمبر 266

کیا سیونگ اکاونٹ سے حاصل شدہ انٹرسٹ سے لون کے انٹرسٹ کو ادا کیا جاسکتا ہے؟

جواب:

فقہاء نے اس صورت کو جائز قرار دیا ہے، ویسے بہتر ہے کہ انٹرسٹ کا استعمال اپنے کسی کام میں نہ کیا جائے ۔

سوال نمبر 267

کیا روزہ کا کفارہ رقم کی صورت میں دے سکتے ہیں، یا کھانا ہی دینا ہوگا؟ اور جسے دیا جارہا ہے، کیا اسے بتا کر دینا ہوگا؟

جواب:

جیسے چاہیں دیں۔ بتانا ضروری نہیں ۔

سوال نمبر 268

کیا ایک دفعہ پہنے ہوئے کپڑوں کی زکوۃ ہے؟

جواب:

استعمالی ملبوسات، چاہے نئے ہوں یا پہنے ہوئے ہوں، ان پر زکوۃ نہیں ۔

سوال نمبر 269

میں نے خاندان کی ایک لڑکی کو گود لیا ہے۔ اگر میرے بھائی کی بیوی اس بچی کو دودھ پلادے تو کیا مجھ سے بھی رضاعت کا رشتہ قائم ہو جائے گا اور پردے کی ضرورت باقی نہیں رہے گی ۔

جواب:

نسبی چچا محارم میں سے ہے۔ اسی طرح رضاعی چچا بھی ۔

سوال نمبر 270

کیا غصب کی ہوئی جگہ پر بنائی گئی مسجد میں نماز درست ہوگی؟

جواب:

ایسی مسجد میں جو لوگ نماز پڑھیں گے ان کی نماز ہو جائے گی، غصب کرنے والوں پر گناہ ہو گا ۔

سوال نمبر 271

میں سنگل مدر ہوں۔ گھر میں کپڑے بیچتی ہوں۔ میرے کچھ زیورات ہیں۔ کیا میں جو کپڑے بیچ رہی ہوں ان پر بھی زکوٰۃ ہے؟

جواب:

کپڑے بیچنے سے جو پیسے آتے ہیں وہ اگر ایک سال تک جمع رہیں اور دوسرے پیسوں کے ساتھ مل کر نصاب تک پہنچ جائیں تو ان پر زکوٰۃ ہے ۔

سوال نمبر 272

ہمارے پاس چھ تولہ سونا اور پندرہ تولہ چاندی ہے۔ کیا اس پر زکوۃ ہے؟

جواب:

دونوں کی قیمت نکال کر 2.5٪ زکوۃ نکالیں ۔

سوال نمبر 273

بھیڑ بکریوں پر زکوٰۃ کا کیا نصاب ہے؟ اور جب وہ نصاب کو پہنچیں تو کیا اسی وقت زکوٰۃ نکالنی ہے یا ایک سال انتظار کے بعد؟

جواب:

بکریوں کا نصاب چالیس پر ایک ہے۔ زکوٰۃ ایک سال کے بعد واجب ہوتی ہے ۔

سوال نمبر 274

میں نے سعودی اسٹاک مارکیٹ میں شیئر لے رکھے ہیں۔ ان کی زکوٰۃ کا کیا طریقہ ہو گا؟

جواب:

زکوٰۃ نکالنے کے لیے کوئی تاریخ متعین کیجیے ۔ اس تاریخ میں شیئر کی قیمت معلوم کیجیے، اسے دوسرے مال کے ساتھ ملا کر اس کی 2.5٪ زکوٰۃ ادا کیجیے ۔

سوال نمبر 275

کیا شوہر کے گزر جانے پر عدّت میں بیٹھی ہوئی خاتون کا بھتیجوں سے پردہ ہے؟

جواب:

محارم سے پردہ نہیں، عدت میں بھی نہیں۔ بھتیجا محرم ہے ۔

سوال نمبر 276

رسول اللہ ﷺ طاق راتوں میں کون سی عبادت کرتے تھے؟ آپ کا طریقہ کیا تھا؟

جواب:

رسول اللہ ﷺ جیسی عبادتیں رمضان کی دیگر راتوں میں کرتے تھے ویسی ہی طاق راتوں میں بھی کرتے تھی۔ نماز، قرآن کی تلاوت، غور و تدبر، اذکار، دعا، وغیرہ ۔

سوال نمبر 277

پاکستانی پنج سورہ میں رمضان کی پانچ راتوں میں مخصوص سورتوں کی تلاوت کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ اسی طرح نوافل پڑھنے کا طریقہ بھی بتایا گیا ہے۔ 11 مرتبہ سورۂ اخلاص اور 7 مرتبہ سورۂ قدر پڑھنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ کیا وہ درست ہے یا نہیں؟

جواب:

پنج سورہ میں بتائے گئے طریقے حدیثوں سے ثابت نہیں ۔

سوال نمبر 278

ایک جوڑا اپنے چھوٹے بچے کے ساتھ عمرہ کرنے گیا ہے ۔ طواف کے لیے مرد احرام میں ہو تو اسے نیچے سے طواف کرنے دیا جاتا ہے، ورنہ اوپر سے کرنا پڑتا ہے۔ اس صورت میں عورت اور بچے کے لیے دشواری ہوتی ہے ۔ اگر مرد احرام نہ باندھے تو دونوں کو علیٰحدہ ہونا پڑتا ہے۔ ملنے میں دشواری ہوتی ہے۔ کیا ہر روز عمرہ کرنے کے لیے روزانہ مسجد عائشہ جاکر احرام باندھنا ضروری ہے، یا جہاں پر قیام ہے وہیں سے احرام باندھ سکتے ہیں؟ یا عمرہ کا ارادہ نہ ہو تو بھی محض نیچے سے طواف کرنے کے لیے دکھاوا کے طور پر احرام باندھ سکتے ہیں؟

جواب:

ایک سے زائد عمرہ کرنے مسجد عائشہ جاکر وہاں سے احرام باندھنا ضروری ہے ۔ عمرہ کے معاملے دھوکہ دہی مناسب نہیں ۔

سوال نمبر279

ایک شخص نے روزہ کی نذر مانی تھی۔ اب وہ بیمار ہے، روزہ نہیں رکھ سکتا تو وہ کیا کرے؟

جواب:

جب بیماری دوٗر ہو جائے تب نذر پوری کرے۔ اگر بیماری ایسی ہے کہ زندگی بھر رہے گی اور وہ روزہ رکھنے پر قادر نہیں ہے تو فدیہ ادا کرے۔

سوال نمبر280

ایک ٹیلر کسی غریب سے کپڑا سلنے کی اجرت نہ لے اور اپنی اجرت کو زکوٰۃ میں ایڈجسٹ کر لے تو کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

جواب:

زکوٰۃ نقد پیسوں یا اشیاء کے ذریعہ ادا کرنی چاہیے۔ درزی سلائی کے پیسے لے لے، پھر کسی عنوان سے زکوٰۃ کی نیت سے دے دے۔ اجرت وصول کیے بغیر صرف نیت کرنے سے ادا نہیں ہو گی۔

سوال نمبر281

سیونگ کی زکوٰۃ کا نصاب کیا ہے؟

جواب:

سیونگ کا نصاب چاندی کا ہے، یعنی پچاس ہزار روپے کے بہ قدر۔

سوال نمبر282

اگر کسی نے روزہ کی حالت میں مشت زنی کی تو کیا اس پر صرف قضا ہے یا کفارہ بھی؟

جواب:

یہ بہت گندی عادت ہے، اس سے زندگی بھر پچھتانا پڑ سکتا ہے، اس لیے جلد از جلد اس سے باز آجانا چاہیے۔
ویسے اس پر صرف قضا ہے، کفّارہ نہیں۔

سوال نمبر283

ایک شخص نے اپنی بیوی کے انتقال کے بعد ایسی بیوہ عورت سے نکاح کیا جس کے کئی بچے ہیں۔ وہ بچے اس عورت کے مائیکے میں رہتے ہیں۔ رخصتی کے کچھ دنوں کے بعد وہ عورت اپنی ایک بیٹی موجودہ شوہر کے یہاں لے آئی۔ شوہر نے اس کی پرورش کی۔ اب اس لڑکی کی شادی کرنی ہے۔ جس نے اپنی اس سوتیلی بیٹی کی پرورش کی وہ

صاحبِ نصاب ہے۔ کیا وہ شخص اپنی سوتیلی بیٹی کی شادی زکوٰۃ کے پیسوں سے کر سکتا ہے؟ اسی طرح اس عورت کی اولاد، جو اس کے مائیکے میں ہیں، جن میں بیٹے اور بیٹیاں دونوں شامل ہیں، کیا ان کا نکاح بھی زکوٰۃ کے پیسوں سے کیا جاسکتا ہے؟

جواب:

کوئی شخص اپنی بیوی کے سابقہ شوہر سے ہونے والے بچوں پر زکوٰۃ کی رقم خرچ کر سکتا ہے، اگر وہ ضرورت مند ہوں۔

سوال نمبر 284

موجودہ وقت میں کتنے روپے پر زکوٰۃ فرض ہے؟

جواب:

چاندی کا نصاب تقریباً پچاس ہزار روپے ہے۔ اگر کسی کے پاس کچھ سونا، کچھ چاندی اور کچھ نقد ہے تو پچاس ہزار روپے کی مالیت پر زکوٰۃ فرض ہو جائے گی۔

سوال نمبر 285

اگر ہم کو شادی میں یا کسی فنکشن میں تحفے کے طور پر کپڑے ملے ہوں تو کیا ہم وہی کپڑے کسی کو زکوٰۃ میں دے سکتے ہیں؟

جواب:

اپنی ملکیت کی کوئی بھی چیز زکوٰۃ میں دی جاسکتی ہے۔

سوال نمبر 286

میری چچازاد بہن بیوہ ہے۔ صاحبِ نصاب ہے، لیکن آمدنی کا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ بچے ہیں، لیکن وہ بھی چھوٹے ہیں۔ کیا بچوں کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے؟

جواب:

جی ہاں، بچوں کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔

سوال نمبر 287

اگر کسی شخص کے پاس ایک بڑا مکان ہو اور اس کا آدھا حصہ اس نے کرایے پر اٹھا دیا ہو تو کرایے پر دیے گئے حصے سے جو رقم وصول ہو گی، کیا اس پر زکوۃ دی جائے گی؟

جواب:

سال بھر تک کرایے کی رقم محفوظ رہے تو دوسرے اموال کے ساتھ ملا کر اس کی زکوۃ ادا کرنی ہو گی، اگر نصاب کو پہنچ جائے ۔

سوال نمبر 288

دیور جیٹھ کے لڑکوں سے عدّت میں پردہ ہے ؟

جواب:

جی ہاں، دیور جیٹھ کے لڑکوں سے پردہ ہے، عدّت میں ہی نہیں، عدت سے پہلے بھی ۔

سوال نمبر 289

ایک صاحبہ کے گلے میں بہت درد ہے۔ ڈاکٹر نے دن میں پانچ چھ بار بھپارہ لینے کو کہا ہے۔ کیا روزے میں بھپارہ لیا جاسکتا ہے؟

جواب:

روزہ میں بھپارہ لینا جائز نہیں ۔ روزہ نہ رکھیں، بعد میں قضا کریں ۔

سوال نمبر 290

میرے شوہر دبئی میں کام کرتے ہیں۔ رمضان میں وہ انڈیا آنے والے ہیں ۔ ان کے روزے ہمارے یہاں سے ایک دن پہلے شروع ہوئے تھے۔ جس دن وہ سفر کریں اس دن روزہ نہ رکھیں تو کیا انہیں اس روزہ کی قضا رکھنی ہو گی؟

جواب:

سفر کے دن روزہ نہ رکھیں، لیکن اس دن کی انہیں قضا کرنی ہو گی ۔

سوال نمبر 291

مسجدوں میں تراویح الم ترکیف سے ہوتی ہے۔ بعض لوگوں کی جماعت چھوٹ جاتی ہے۔ وہ جب تک فرض نماز پڑھتے ہیں اتنی دیر میں ان کی تراویح کی کچھ اور رکعتیں چھوٹ جاتی ہیں۔ کیا وہ چھوٹی ہوئی رکعتیں وتر کے بعد پڑھ سکتے ہیں، یا وتر سے پہلے چھوٹی ہوئی رکعتیں پوری کریں؟

جواب:

چھوٹی ہوئی رکعتیں پوری کرنے کی ضرورت نہیں۔ آئندہ وقت پر آئیں، تاکہ نہ چھوٹیں۔

سوال نمبر 292

ایک صاحب نے فائننس پر کار خریدی، حالاں کہ ان کے پاس ایک کار پہلے سے تھی۔ اب مالی حالات کی خرابی کی وجہ سے اس کی قسط ادا نہ کر پا رہے ہیں۔ کیا ان کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے؟

جواب:

زکوٰۃ غریبوں کے لیے ہے، یہ بات کسی کو زکوٰۃ دیتے وقت پیش نظر رکھنی چاہیے۔

سوال نمبر 293

اگر شوہر بیوی پر تشدد کرے تو بیوی کیا کرے؟ پچھلے چار سال سے بیوی اپنے شوہر کی عزت کا خیال کرکے اور اس کی دوسری اچھائیوں کی وجہ سے برداشت کرتی رہی، لیکن یہ حضرت باز نہیں آتے ہیں، غصہ آتے ہی بچوں کے سامنے بیوی کو مارنا، بال کھینچنا، جہالت پر مبنی حرکتیں کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

جواب:

بیوی کو مارنا بہت بڑی جہالت اور ظلم ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا ہے: "جو لوگ اپنی بیویوں کو مارتے ہیں وہ اچھے لوگ نہیں ہیں۔ بہر حال بیوی کو چاہیے کہ اپنے خاندان والوں کو بتائے، بڑوں کو معاملہ میں شامل کرے۔ پھر بھی معاملہ نہ سلجھے تو وہ علیٰحدگی حاصل کر سکتی ہے۔ ایسے ظالم شوہر سے پیچھا چھڑا لینا ہی بہتر ہے۔

سوال نمبر 294

ایک شخص بڑھاپے کی وجہ سے روزہ نہیں رکھتا۔ اس کی طرف سے فدیہ ادا کیا جاتا ہے۔ کیا اس کی طرف سے صدقۂ فطر بھی ادا کیا جائے گا؟

جواب:

صدقۂ فطر گھر کے تمام افراد کی طرف سے ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ بوڑھے، جوان، مرد، عورت، بچے، روزہ رکھنے والے، نہ رکھنے والے، سب کی طرف سے۔

سوال نمبر 295

ہماری مسجد میں تراویح کی نماز ختم ہوتے ہی وتر کے لیے شافعی اور حنفی مسلک کی دو الگ الگ جماعتیں بن جاتی ہیں۔ کیا تراویح ایک امام کے پیچھے اور وتر دوسرے امام کے پیچھے پڑھ سکتے ہیں؟ مزید یہ جاننا ہے کہ کیا دو جماعتیں بنانے سے دونوں مصلّیوں کی نماز درست ہو جائے گی؟

جواب:

نماز تو ہو جائے گی، لیکن یہ بڑے شرم کی بات ہے کہ ایک مسجد میں مسلک کی بنیاد پر دو جماعتیں ہوں۔

سوال نمبر 296

میں نے زندگی میں اپنی ماں کے ساتھ کبھی کوئی زیادتی نہیں کی، ہمیشہ اچھا سلوک کیا۔ مگر میری شادی کے بعد گھر کے حالات ایک دم سے بدل گے اور ماں اپنی بڑی بیٹی کے حق میں بات کرنے لگی، جو واضح طور پر غلطیوں میں پائی جاتی تھی۔ اس بات پر میں نے ایک بار ماں کو ڈانٹا کہ آپ ناحق انسان کا ساتھ دے رہی ہو۔ اس پر وہ مجھ سے ناراض ہو گئی اور بہت روئی۔ اس کا رونا مجھے تکلیف دے رہا ہے کہ اللہ مجھ سے اس بارے میں سوال نمبر کرے گا تو میں کیا جواب دوں گا؟ برائے مہربانی مجھے بتائیے، میں کیا کروں کہ میرے دل کو سکون مل جائے؟

جواب:

آپ نے ماں کو ڈانٹ کر بہت بڑے گناہ کا ارتکاب کیا ہے۔ فوراً اس سے صاف الفاظ میں معافی مانگیے کہ آپ سے بہت بڑی غلطی ہو گئی، آئندہ کبھی دل نہیں دکھائیں گے۔

سوال نمبر 297

کیا امام فرض نماز میں قنوت نازلہ میں کشمیری زبان یا اور کسی زبان میں دعا کر سکتا ہے؟

جواب:

قنوت نازلہ کی دعا صرف وہ پڑھنی چاہیے جو اللہ کے رسول ﷺ سے ثابت ہے۔

سوال نمبر 298

صدقۂ فطر کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ غریب لوگوں کو دینا ہے۔ پھر غریب اپنا صدقۂ فطر کسے دے؟

جواب:

غریب پر صدقۂ فطر کی ادائیگی لازم نہیں ۔

سوال نمبر 299

ایک ڈاکٹر کی آپریشن فیس بیس ہزار روپے ہے ۔ ایک غریب مریض آتا ہے، جس کے پاس صرف دس ہزار روپے ہیں۔ کیاڈاکٹر اپنی طرف سے اسے اپنی زکوٰۃ میں سے دس ہزار روپے دے کر اس سے اپنی فیس بیس ہزار روپے وصول کر سکتا ہے؟

جواب:

جی ہاں، ایسا کرنا اس کے لیے جائز ہے ۔

سوال نمبر 300

صدقۂ فطر صرف گیہوں کی مقدار (پونے دو کلو) سے کیوں بتایا جاتا ہے؟ اللہ کے رسول ﷺ نے تو دوسری اشیاء بتائی تھیں ۔

جواب:

احادیث میں کھجور، کشمش، پنیر اور جَو میں سے کسی میں ایک صاع صدقۂ فطر ادا کرنے کا تذکرہ ملتا ہے۔ اس زمانے میں گیہوں بہت مہنگا تھا، اس لیے صحابہ نے اس کی مقدار نصف صاع طے کی۔ صدقۂ فطر کے لیے صرف گیہوں کو خاص کرنا درست نہیں، آدمی اپنی حیثیت کے مطابق مذکورہ اجناس میں سے کسی میں صدقۂ فطر ادا کر سکتا ہے، یا اس کی قیمت دے سکتا ہے۔

سوال نمبر 301

ایک عورت رات میں حیض سے پاک ہوئی۔ کیا سحری کا وقت ختم ہونے سے پہلے اس کا غسل کرکے پاک ہونا ضروری ہے، یا وہ سحری کھانے کے بعد غسل کر سکتی ہے؟

جواب:

روزہ ناپاکی کی حالت میں شروع ہو سکتا ہے۔ البتہ جلد غسل کر لینا چاہیے ۔

سوال نمبر 302

کیا اعتکاف شہر کی تمام مساجد میں ضروری ہے، یا کسی ایک مسجد میں ہونا کافی ہے؟

جواب:

اعتکاف ہر مسجد میں ہونا چاہیے، چاہے ایک آدمی کرے ۔

سوال نمبر 303

کیا کسی شخص کو اجرت پر اعتکاف کرواسکتے ہیں؟

جواب:

کسی شخص کو کچھ پیسے دے کر اس سے اعتکاف کروانا درست نہیں ۔

سوال نمبر 304

بہت سی مساجد میں امام صاحب تراویح کے بعد اعلان کرتے ہیں کہ جن لوگوں کی فرض نماز جماعت کے ساتھ نہ ہوئی ہو وہ وتر نہ پڑھیں۔ کیا یہ درست ہے؟ اس کی وجہ سے بہت سے لوگ صرف تراویح پڑھ کر چلے جاتے ہیں، وتر نہیں پڑھتے ۔

جواب:

یہ اعلان درست نہیں۔ چوں کہ وتر کو رات میں سب سے آخر میں پڑھنے کو کہا گیا ہے، اس لیے اگر کسی نے ابھی عشاء کی نماز نہ پڑھی ہو تو وہ وتر جماعت سے نہ پڑھے۔ بلکہ پہلے عشاء پڑھ لے، پھر وتر پڑھے ۔

سوال نمبر 305

قبرستان کے لیے زمین خریدنے کے لیے کیا زکوٰۃ استعمال کی جاسکتی ہے؟

جواب:

نہیں ۔

سوال نمبر 306

کیا تراویح کی نماز قضا پڑھی جاسکتی ہے؟

جواب:

نفل کی قضا نہیں ہوتی۔ جب جتنی توفیق ہو، نفل پڑھ لیں ۔

سوال نمبر 307

کیا غیر مسلم ملازم کو زکوۃ دی جاسکتی ہے؟

جواب:

نہیں ۔

سوال نمبر 308

کیا روزہ میں سالن یا شربت چکھ کر تھوک سکتے ہیں؟

جواب:

نہیں ۔

سوال نمبر 309

کوئی مسلمان اگر مستقل بیماری کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکتا ہو تو کیا وہ اعتکاف کر سکتا ہے؟

جواب:

نہیں۔ اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے ۔

سوال نمبر 310

صدقۂ فطر، جیسا کہ معروف ہے، عید سے پہلے ادا کرنا چاہیے۔ تو کتنا پہلے؟ کیا اس کو شروع رمضان ہی میں نکالا جاسکتا ہے، تاکہ جس کو دیا جائے وہ کچھ عید کے لیے خریداری کر سکے ۔

جواب:

رمضان شروع ہونے کے بعد سے عید کی نماز سے قبل تک کسی بھی وقت ادا کر سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 311

کیا روزہ رکھنے کے بعد چکّر آنے، بلڈ پریشر low ہونے پر روزہ توڑنا جائز ہے؟

جواب:

توڑ سکتے ہیں، بعد میں اس کی قضا کریں ۔

سوال نمبر312

حالتِ حیض میں سماعتِ قران کے دوران میں کبھی کبھی زبان سے آیتوں کے الفاظ دہرانے پڑتے ہیں۔ کیا ایسا کر سکتے ہیں؟

جواب:

ہاں، کر سکتے ہیں۔

سوال نمبر313

کیا حیض کی حالت میں قران کا ترجمہ پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

پڑھ سکتے ہیں

سوال نمبر314

ایک شخص نے ایک بیوہ عورت سے نکاح کیا ہے۔ اس عورت کے دو بچے ہیں۔ وہ ان کی بھی کفالت کر رہا ہے۔ کیا وہ ان کی تعلیم میں زکوۃ کا پیسہ لگا سکتا ہے؟

جواب:

جی ہاں، لگا سکتا ہے۔

سوال نمبر315

اگر کوئی شخص سعودی عرب میں کاروبار کرتا ہو اور وہاں اس کا انتقال ہو جائے تو کیا ہم اپنے یہاں اس کی نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

جہاں اس کا انتقال ہوا ہے وہاں کے لوگ تو پڑھیں گے ہی۔ پھر دوسری جگہ کے لوگوں کو پڑھنے کی کیا ضرورت ہے؟

سوال نمبر316

میں اعتکاف کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے کب مسجد پہنچنا ہے؟

جواب:

بیسویں رمضان میں غروبِ آفتاب سے قبل مسجد پہنچ جایئے۔ عید کا چاند ہونے کے بعد نکل سکتے ہیں۔

سوال نمبر 317

میری بیٹی کی شادی طے ہو چکی ہے۔ سسرال والوں نے اسے کچھ زیورات تحفہ میں دیے ہیں، جن کا وزن سات تولہ سے کم ہے۔ کیا مجھے اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو گی؟

جواب:

سونے کے زیورات ساڑھے سات تولہ سے کم ہوں تو ان پر زکوٰۃ نہیں۔ اس سے زیادہ ہو جائیں تو ایک سال کی مدت گزر جانے کے بعد زکوٰۃ واجب ہو گی اور وہ بھی اس پر جو ان کا مالک ہو۔

سوال نمبر 318

مساجد میں نماز کے موقع پر بچے مردوں کی صفوں میں شامل ہو کر نماز ادا کرتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

جواب:

جائز ہے، بلکہ ایسا ہی کرنا چاہیے۔ الگ رہ کر وہ بہت اودھم کرتے ہیں۔

سوال نمبر 319

نماز باجماعت میں آخری رکعت میں تشہد کے دوران امام کے سلام پھیرنے سے پہلے اگر وضو ٹوٹ گیا تو کیا نماز دہرانی ہو گی؟

جواب:

جی ہاں، نماز ٹوٹ گئی۔ دہرانی ہو گی۔

سوال نمبر 320

ظہر کا وقت شروع ہونے کے بعد اذان ہونے سے پہلے کیا مسجد میں سنت مؤکدہ کی چار رکعت پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

جی ہاں، پڑھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر 321

کیا کسی غریب کے یہاں شادی بیاہ کے اخراجات کی تکمیل کے لیے ہم زکوٰۃ سے مدد کر سکتے ہیں؟

جواب:

غریبوں کی شادی میں زکوٰۃ کی رقم خرچ کی جاسکتی ہے۔ لیکن اس سے شادی کے صرف ضروری مصارف پورے کیے جائیں، شادی کی خرافات میں نہ خرچ کیے جائیں ۔

سوال نمبر322

انوسٹمنٹ کی نیت سے خریدے گئے پلاٹس کی قیمتِ خرید پر زکوہ ادا کرنی ہوگی، یا ان کی قیمتِ فروخت پر؟

جواب:

جس وقت زکوٰۃ نکالی جارہی ہے اس وقت ان پلاٹس کی جو قیمت ہو، اس پر ۔

سوال نمبر323

کیا تجارت کے مقصد سے خریدے گئے پلاٹس پر زکوہ ہر سال ادا کرنی ہوگی، جب تک وہ فروخت نہ ہو جائیں؟

جواب:

جی ہاں، ان کی زکوٰۃ ہر سال ادا کرنی ہوگی ۔

سوال نمبر324

کیا میرے لیے جائز ہے کہ مجھ پر جتنی زکوٰۃ واجب ہوئی ہے اس کا کچھ حصہ فوراً خرچ کر دوں اور باقی رکھے رہوں کہ سال بھر تک مستحقین کو تھوڑا تھوڑا دیتا رہوں گا؟

جواب:

زکوٰۃ قسطوں میں نکال سکتے ہیں، بس جب کوئی رقم دیں تو اس وقت زکوٰۃ کی نیت کر لیں، بعد میں نیت کرنی درست نہ ہوگی ۔

سوال نمبر325

کیا روزوں کا فدیہ جماعت اسلامی کے بیت المال میں دیا جاسکتا ہے؟

جواب:

اگر آپ کو اپنے اطراف میں کوئی غریب نہیں ملتا اور آپ غریب کو تلاش کرنے کی زحمت نہیں کرنا چاہتے تو بیت المال میں دے سکتے ہیں ۔

سوال نمبر326

ایک شخص نے قرآن کی تلاوت کے دوران ایک بھی سجدۂ تلاوت نہیں کیا، پھر قرآن مکمل کرنے کے بعد ایک ساتھ چودہ سجدے کر لیے تو کیا ایسا کرنا درست ہے؟

جواب:

ایسا کرنا درست نہیں۔ جب بھی آیتِ سجدہ پڑھی جائے، سجدہ فوراً کرلینا چاہیے۔ فوراً سجدہ کرنا ممکن نہ ہو تو بعد میں، جب موقع ملے، کرلے۔

سوال نمبر327

اگر دورانِ نماز سجدۂ تلاوت والی آیت آجائے تو کیا نماز ہی میں سجدہ کرنا ضروری ہے، یا بعد میں بھی کرسکتے ہیں؟

جواب:

فوراً کرنا چاہیے۔

سوال نمبر328

کیا زکوٰۃ سے کسی غریب بچے کی تعلیمی فیس ادا کی جاسکتی ہے؟

جواب:

جی ہاں، ادا کی جاسکتی ہے۔

سوال نمبر329

میں عمرہ کرنا چاہتی ہوں۔ میرے اوپر کچھ قرض ہے؟ کیا عمرہ کرنے سے قبل قرض اتارنا ضروری ہے، یا واپس آکر بھی ادا کرسکتے ہیں؟

جواب:

قرض جلد ادا کرنے کی فکر کرنی چاہیے۔ہاں عمرہ کرنے کے بعد بھی ادا کرسکتی ہیں۔

سوال نمبر330

ایک خاتون کا 6 ماہ کا لڑکا ہے، پھر سے اس کو حمل ٹھہر گیا ہے۔ڈاکٹر کا مشورہ ہے کہ اس کا ابارشن کروادیا جائے۔ کیوں کہ پہلے بیٹے کی ولادت کے دوران کچھ ٹانکے آئے تھے، جو پوری طرح سے ٹھیک نہیں ہوئے ہیں۔ اس صورت میں کیا کرنا بہتر ہے؟

جواب:

ابارشن کی اجازت صرف دو صورتوں میں ہے: (1) عورت کی جان کو خطرہ ہو، یا مرض بڑھنے کا اندیشہ ہو ۔ (2) جنین میں کوئی ایسا نقص ہو، جس سے وہ پیدائش کے بعد نارمل زندگی نہ گزار سکے۔ بہتر ہے کہ ایک سے زائد ڈاکٹروں سے مشورہ کرکے کوئی فیصلہ کریں ۔

سوال نمبر 331

کیا معتکف درس اور تلاوت سننے کے لیے موبائل فون ساتھ میں رکھ سکتا ہے؟

جواب:

اگر واقعی موبائل کا اتنا ہی استعمال کرنا ہو تو رکھ سکتا ہے ۔

سوال نمبر 332

عورت کے یہاں بچے کی پیدائش کے موقع پر اس کے میکے کی طرف سے بچے اور اس کے لیے کپڑے دیے گئے، اس لیے کہ شوہر غریب ہے۔ بغیر رسم اور دکھاوا کے یہ چیزیں دی گئیں۔ کیا یہ جائز ہے؟

جواب:

بالکل جائز ہے۔ عورت کو اس کے ماں باپ کی طرف سے جو تحفے ملیں، ان کے لینے میں کیا شبہہ ہو سکتا ہے؟ ضرور لے۔ تحائف کے لین دین سے محبت بڑھتی ہے ۔

سوال نمبر 333

اعتکاف کی حالت میں خبر ملی کہ میرے تایا کا انتقال ہو گیا ہے۔ کیا میں ان کے جنازے میں جا سکتا ہوں؟

جواب:

چلے جائیں، لیکن اعتکاف ٹوٹ جائے گا ۔

سوال نمبر 334

کیا تراویح کی نماز کرسی پر بیٹھ کر پڑھا سکتے ہیں، جب کہ کوئی دوسرا شخص کھڑے ہو کر پڑھانے کے لیے تیار نہ ہو؟

جواب:

کوئی دوسرا نماز پڑھانے والا نہ ہو تو بیٹھ کر پڑھا سکتے ہیں ۔

سوال نمبر335

ایک خاتون کو یہ مسئلہ ہے کہ غسلِ جنابت فجر سے پہلے کرنے سے سر میں درد ہونے لگتا ہے اور تین دن لگاتار غسل کرنے سے سردی اور بخار آجاتا ہے، اس لیے وہ تیمم کرکے فجر کی نماز پڑھ لیتی ہے اور سورج نکلنے کے بعد غسل کرتی ہے۔ کیا اس کا یہ عمل درست ہے؟

جواب:

اگر ایسا ہے تو تین دن لگاتار غسل کی نوبت نہ آنے دیں۔ ویسے بھی رمضان صبر سکھاتا ہے ۔

سوال نمبر336

کچھ رشتہ دار ہر دس دن میں آکر ایک ایک ہفتہ رہ جاتے ہیں۔ میزبان کی طبیعت کا خیال نہیں رکھتے، حتیٰ کہ اس کی طبیعت ناساز ہو تو مدد بھی نہیں کرتے، بلکہ الگ الگ کھانے پینے کی فرمائش کرتے رہتے ہیں۔ ہر سال تقریباً پورا رمضان گزار دیتے ہیں، لیکن سحر میں آخری وقت میں اٹھنا اور سیدھے دستر خوان پر آبیٹھنا، بسا اوقات روزہ نہ رکھ کر میزبان روزے دار کو کھانے پینے کے متعلق پریشان کرنا معمول ہو گیا ہے۔ ایسے لوگوں کو صاف صاف کچھ کہنا مناسب نہیں لگتا، لیکن یہ میزبان کے لئے دردِ سر بن رہے ہوتے ہیں۔ اس کا کوئی حل بتا کر رہنمائی فرمائیں، کیا کیا جائے؟

جواب:

انہیں یہ حدیث سنادیں کہ مہمان نوازی صرف ایک دن یا زیادہ سے زیادہ تین دن ہوتی ہے۔ اس سے زیادہ رکنا ہو تو ہاتھ بٹائیں اور مصارف برداشت کریں ۔

سوال نمبر337

ایک خاتون اسلام لائی۔ اس نے اپنے دو بچوں کے ساتھ علیٰحدگی اختیار کرلی۔ کورٹ کے ذریعہ باقاعدہ طلاق ہو گئی ۔ کیا اب اسے عدّت گزارنی ہوگی؟

جواب:

دوسرے نکاح سے قبل کم از کم ایک ماہ واری انتظار کرنا ضروری ہے ۔

سوال نمبر338

کل تراویح میں امام صاحب (شافعی) نے عجیب وغریب اعلان کیا کہ پہلی رکعت میں احناف حضرات رکوع میں سجدہ کی نیت کرلیں۔

یہ سن کر میں اچھنبے میں رہ گیا کہ ہم رکوع میں سجدہ کی نیت کرلیں تو رکوع کب کریں؟ اور بغیر رکوع کے نماز کس طرح مکمل ہوگی؟ سوال نمبر یہ ہے کہ کیا اس طرح کے اعلانات کرنا درست ہے؟ اور کیا اس طرح رکوع میں سجدہ کی نیت کی جاسکتی ہے؟

جواب:

کنفیوز نہ ہوں۔ سجدہ کی آیت آئے تو سجدہ کرنا چاہیے۔ لیکن اگر آیتِ سجدہ کے بعد رکوع کرلیا جائے اور اسی میں سجدۂ تلاوت کی نیت کرلی جائے تو سجدۂ تلاوت نہیں کرنا پڑتا۔ نماز کا سجدہ تو رکوع کے بعد کیا ہی جائے گا۔

سوال نمبر339

ہمارے پڑوس میں ایک شخص ہے، جس کی 5 بیٹیاں ہے، دو شادی کی عمر کو پہنچ چکی ہیں۔ ابھی زیرِ تعلیم ہیں۔ ان میں سے ایک انجینئرنگ کررہی ہے۔ اگرچہ اس کے پاس زمین بھی ہے، لیکن اس کے اخراجات پورے نہیں ہوتے، اس وجہ سے اس نے ایک بیٹی کی تعلیم رکوادی ہے۔ کیا وہ شخص زکوٰۃ کا مستحق ہے؟

جواب:

زمین ہونے سے آدمی زکوٰۃ کا غیر مستحق نہیں ہوجاتا۔ اگر وہ صاحبِ نصاب نہیں ہیں تو انہیں زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔

سوال نمبر340

اگر کوئی عورت اعتکاف میں بیٹھنا چاہ رہی ہو تو کیا مخصوص ایام کے روکنے والی دوا استعمال کرکے بیٹھ سکتی ہے؟

جواب:

ایسا کرنا حرام نہیں، لیکن پسندیدہ بھی نہیں۔ ماہ واری روکنے والی دوا سے وہ ڈسٹرب ہوجاتی ہے تو پھر سدھارے نہیں سدھرتی۔

سوال نمبر341

حیض بہت مختصر بہاؤ کے ساتھ شروع ہوا اور 7 دنوں تک ایسا لگتا رہا کہ آج غسل کرکے پاک ہوجاؤں گی، لیکن کچھ قطروں کا اخراج ہوجاتا تھا۔ نویں دن سے تیز ہونا شروع ہوا اور دسویں دن بلا کی تیزی آگئی۔ براہ کرم روزہ اور دیگر عبادات کے تعلق سے رہ نمائی کریں کہ اب کیا کروں؟

جواب:

حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت دس دن ہے۔ اس کے بعد استحاضہ ہے، جس میں نماز روزہ کر سکتی ہیں ۔

سوال نمبر 342

کیا اعتکاف کی حالت میں موبائل استعمال کر سکتے ہیں؟ آج کل آن لائن بزنس چلتا ہے ۔ موبائل سے transactions ہو جاتا ہے۔ کیا اعتکاف میں موبائل سے یہ کام کر سکتے ہیں؟

جواب:

اعتکاف کی حالت میں وقتِ ضرورت موبائل استعمال کیا جاسکتا ہے۔ لیکن بہت زیادہ اس کے استعمال سے بچنا چاہیے ۔

سوال نمبر 343

کیا رمضان کے عشر اواخر میں اعتکاف فرض کفایہ ہے؟ اگر مسجد میں کوئی اعتکاف نہ کرے تو کیا بستی کے سارے لوگ گناہ گار ہوں گے؟

جواب:

اعتکاف فرض نہیں ہے۔ اسے سنّت کہہ سکتے ہیں۔ کوئی اعتکاف کر لے تو بہتر ہے۔ ویسے اس کی بہت زیادہ ترغیب نہیں دی گئی ہے ۔

سوال نمبر 344

زکوٰۃ جن غرباء کو دی جاسکتی ہے؟ اس کی کوئی حد متعین ہے، یا پھر جو صاحبِ نصاب نہ ہو اُس کو دی جاسکتی ہے؟

جواب:

جو صاحبِ نصاب نہ ہو اور ضرورت مند ہو اسے دے سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 345

میرے پاس 5 تولہ سونا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ چاندی اور کچھ نقدی ہے۔ میں ان کی زکوٰۃ کیسے نکالوں؟

جواب:

سب کو ملا کر جتنی رقم بنے اس کا 2.5٪ زکوٰۃ نکال دیں ۔

سوال نمبر 346

پچھلے سال میں نے زکوٰۃ کی کچھ رقم ایک مقروض کو اس کے قرض کی ادائیگی کے لیے دی تھی۔ مگر اب وہ صاحبِ حیثیت ہو گئے ہیں اور رقم واپس کر رہے ہیں۔ اب میں کیا کروں؟ کیا پچھلے سال کی زکوٰۃ ادا ہو گئی یا نہیں؟ اور اس رقم کا اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟

جواب:

آپ کو قرض کے نام سے نہیں دینا چاہیے تھا۔ اگر ہدیہ کے نام سے دیتے تو وہ کیوں واپس کرتے؟ بہر حال اگر انھوں نے واپس کر دی ہے تو اسے کسی اور کو دے دیجیے۔

سوال نمبر 347

کیا عالمہ قاریہ غیر عالم کے لیے کفو ہو سکتی ہے؟

جواب:

کفو کی بحثیں پرانی ہو چکیں، بہت زیادہ پرانی، انہیں ترک کر دینا چاہیے۔ اصل چیز ہے ہم آہنگی: سماجی، ذہنی، علمی، فکری، پیشہ وارانہ اور دیگر۔ جن رشتوں میں ہم آہنگی دیکھی جاتی ہے وہ کامیاب رہتے ہیں۔

سوال نمبر 348

ایک شخص کے پاس جمع پیسے نہیں ہیں، لیکن اس کے پاس سال بھر تقریباً 4 لاکھ روپیہ آتا جاتا رہتا ہے۔ کیا اس شخص پر زکوٰۃ واجب ہے؟

جواب:

اگر کسی کے پاس پیسہ ایک سال تک جمع نہ رہا ہو تو اس پر زکوٰۃ نہیں۔

سوال نمبر 349

ہوا خارج ہو گئی تو پورا وضو کرنا ضروری ہے یا صرف فرائضِ وضو کر لیں؟

جواب:

پورا وضو کر لیں تو بہتر ہے، کوئی پریشانی ہو تو فرائض پر اکتفا کریں۔

سوال نمبر350

ایک شخص بیماری کی وجہ سے رمضان المبارک کے روزے نہیں رکھ پایا۔ اس کا فدیہ کیا بنتا ہے؟ اسے کب ادا کرنا ہے؟ کیا فدیہ عید کے بعد ادا کر سکتے ہیں؟ فدیہ کن کو دیا جائے؟

جواب:

ایک روزہ کا فدیہ دو وقت کا کھانا ہے۔ کسی کو کھانا کھلا دیں، یا اس کی رقم صدقہ کر دیں۔ جتنے روزے نہ رکھ سکے ہوں ان کے بدلے حساب کر کے فدیہ ادا کریں۔ حسبِ سہولت جب چاہیں ادا کر دیں۔ رمضان کے بعد بھی ادا کر سکتے ہیں۔ فدیہ غریبوں کو دینا چاہیے ۔

سوال نمبر351

میں نے ایک شخص کو زکوٰۃ دی۔ بعد میں پتا چلا کہ اس کے پاس سونا، چاندی اور روپیے اتنے ہیں کہ وہ خود صاحبِ نصاب ہے۔ اس صورت میں کیا میری زکوۃ ادا ہوئی یا نہیں؟

جواب:

زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ آدمی ظاہر پر عمل کرنے کا مکلّف ہے ۔

سوال نمبر352

کیا معتکف راحت حاصل کرنے کے لئے غسل کر سکتا ہے؟

جواب:

جی ہاں، کر سکتا ہے۔ غسل تو کرنا ہی چاہیے ۔

سوال نمبر353

میں جس مسجد میں اعتکاف کر رہا ہوں اس میں جمعہ کی نماز نہیں ہوتی۔ جس مسجد میں جمعہ ہوتی ہے اس کی دوٗری میری مسجد سے تقریباً ڈیڑھ کلو میٹر ہے۔ کیا میں نماز جمعہ پڑھنے وہاں جا سکتا ہے؟

جواب:

آدمی جس مسجد میں اعتکاف کر رہا ہو اس میں اگر نماز جمعہ نہیں ہوتی تو وہ دوسری مسجد میں جا سکتا ہے، لیکن بس آخر وقت میں جائے اور نماز پڑھ کر فوراً واپس آجائے، کسی کام سے اِدھر اُدھر نہ جائے ۔

سوال نمبر 354

ایک بچے کو دودھ پیتے ہوئے دو برس ہو گئے ہیں۔ لیکن وہ اب بھی کبھی کبھی پی لیتا ہے۔ کیا اب اسے بالکل نہیں پلانا ہے، یا کبھی کبھی پلا سکتے ہیں؟

جواب:

دو برس کے بعد بچے کا دودھ آہستہ آہستہ چھڑائیں۔ دو برس کے بعد بھی اگر بچہ کچھ دن پی لے تو حرام نہیں ہے ۔

سوال نمبر 355

کیا روزوں کا فدیہ عید سے پہلے ادا کرنا ضروری ہے، یا بعد میں بھی ادا کیا جا سکتا ہے ؟

جواب:

جب سہولت ہو، ادا کر دیں ۔

سوال نمبر 356

میری آنکھ کا آپریشن ہوا ہے، جس کی بنا پر میں شب قدر میں پوری رات نہیں جاگ سکتی۔ کیا پوری رات جاگنا ضروری ہوتا ہے، یا چند گھنٹے بھی شب بیداری کر سکتے ہیں؟

جواب:

سہولت سے جتنے گھنٹے بھی جاگنا ممکن ہو، اس میں عبادت (نوافل و تلاوتِ قرآن) کی کوشش کریں ۔

سوال نمبر 357

میں طاق راتوں میں ہر رات صدقہ کرنا چاہتی ہوں، لیکن اس دوران میں کسی غریب کو نہیں پاتی تو کیا کروں؟

جواب:

کسی ادارہ یا جماعت کو دے دیجیے، جو غریبوں میں ضروریات کی چیزیں تقسیم کرتی ہے ۔

سوال نمبر 358

طاق راتوں کی نوافل میں سورتیں ترتیب سے پڑھنی چاہییں، یا پھر آگے پیچھے بھی پڑھ سکتے ہیں؟ جیسے پہلی رکعت میں سورۂ ملک اور دوسری رکعت میں سورۂ واقعہ پڑھ لوں تو کیا یہ درست ہو گا؟

جواب:

نماز میں سورتیں ترتیب سے پڑھنا آدابِ نماز میں سے ہے۔ ترتیب کا خیال نہ رکھنے سے نماز تو ہو جائے گی، لیکن ایسا کرنا پسندیدہ نہیں ہے ۔

سوال نمبر 359

کسی عورت کو دل کا مرض ہو، یا شرم کی جگہ کوئی بیماری ہو اور وہ مارے شرم کے علاج نہ کرائے۔ اس کی وجہ سے اس کا مرض بڑھ جائے، یا وہ مر جائے تو کیا یہ خودکشی ہو گی؟ اور وہ عورت گناہ گار ہو گی؟

جواب:

جی ہاں، بالکل گناہ گار ہو گی۔ اللہ کے رسول ﷺ نے بیماری لاحق ہونے پر علاج کروانے کا حکم دیا ہے۔ عورت کے علاج کے لیے کوئی لیڈی ڈاکٹر ملے تو بہتر ہے، نہ ملے تو مرد ڈاکٹر بھی علاج کر سکتا ہے اور وقتِ ضرورت اعضائے ستر بھی دیکھ سکتا ہے۔ جب شریعت نے اجازت دی ہے تو زیادہ تقویٰ نہیں بگھارنا چاہیے ۔

سوال نمبر 360

ایک حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ جو شخص چاہتا ہو کہ اس کی روزی میں برکت ہو اور عمر دراز ہو تو صلہ رحمی کرے۔ سوال نمبر یہ ہے کہ کس شخص کی کتنی عمر ہو گی یہ تو پہلے سے طے ہے، پھر یہاں درازیٔ عمر کا کیا مطلب ہے؟

جواب:

اللہ نے یہ طے کر دیا ہو گا کہ اگر وہ صلہ رحمی گا تو اس کی عمر مثلاً 75 ہو گی، اگر صلہ رحمی نہیں کرے گا تو عمر 45 سال ہو گی ۔

سوال نمبر 361

خواتین کی باجماعت نمازِ تراویح ہو رہی ہے۔ امام خاتون نے تلاوت میں کوئی غلطی کی۔ کیا وہاں بیٹھی ہوئی حائضہ خاتون لقمہ دی سکتی ہے؟ یا ایسا کرنے سے نماز فاسد ہو جائے گی؟

جواب:

امام کا نماز میں باہر سے لقمہ لینا درست نہیں ۔

سوال نمبر 362

کاروبار کے لیے جو دفتر لیا گیا ہے اور اس کے اندر جو سامان ہے، جیسے فرنیچر اور مشنری وغیرہ، کیا اس پر زکوۃ ہے؟

جواب:

اس پر زکوٰۃ نہیں ۔

سوال نمبر363

میں ایک سفر پر نکلا۔ موسم سخت ہے۔ میں نے سوچا کہ اگر میں نے کام جلد ختم کر لیا تو روزہ رکھ لوں گا۔ اگر دیر لگی تو روزہ نہیں رکھوں گا۔ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟ اگر ہاں تو روزہ کی نیت کب تک کر سکتے ہیں؟

جواب:

ایسا کرنا جائز ہے ۔ روزہ کی نیت نصف النہار (طلوع فجر سے غروب آفتاب تک کا درمیانی وقت) سے قبل تک کر سکتے ہیں ۔

سوال نمبر364

کیا عورتوں کی عید کی نماز عید گاہ / مسجد کے علاوہ کسی دوسری جگہ مثلاً کسی ہال میں ہو سکتی ہے؟

جواب:

عید کی نماز عید گاہ / مسجد کے علاوہ کہیں نہیں ہو سکتی ۔

سوال نمبر365

اگر کسی وجہ سے اعتکاف ٹوٹ جائے تو کیا اس کی قضا لازم ہے؟ اگر ہاں تو کس طرح قضا کی جاے؟

جواب:

ایک دن ایک رات کی قضا کرے، روزہ کے ساتھ ۔

سوال نمبر366

کئی لوگوں نے مل کر ایک کمپنی قائم کی۔ اگر کمپنی سالانہ زکوٰۃ نکال دیے تو کیا انوسٹر اپنے انوسٹمنٹ پر زکوٰۃ نکالنے سے بری ہو جائے گا؟

جواب:

جی ہاں، زکوٰۃ کوئی ایک نکال دے۔ اگر کمپنی نے سب لوگوں کی طرف سے زکوٰۃ نکال دی تو انوسٹرس کو اس میں انوسٹ کیے گئے مال کی زکوٰۃ نکالنے کی ضرورت نہیں ۔

سوال نمبر 367

اگر ہم کسی کو زکوٰۃ دیں اور بعد میں وہ ہمیں کوئی تحفہ دے تو کیا ہم اسے قبول کرسکتے ہیں ؟

جواب:

اگر شبہہ ہو کہ آپ کی دی ہوئی زکوٰۃ کی رقم ہی سے وہ آپ کو تحفہ دے رہا ہے تو نہ قبول کریں، بہ صورت دیگر قبول کرسکتے ہیں ۔

سوال نمبر 368

میرے والد کی وراثت سے مجھے دو پلاٹ ملے، جن کی قیمت تقریباً 7 لاکھ روپے ہے۔ میں نے لون لے کر ایک مکان خریدا ہے، جس کی ہر ماہ 35 ہزار روپے قسط ادا کر رہی ہوں۔ کیا مجھے ان پلاٹس کی قیمت پر زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی؟

جواب:

اگر پلاٹ کو بیچنے کا ارادہ نہیں ہے تو اس پر زکوٰۃ نہیں۔ ایک سال میں کتنا لون ادا کرنا ہے؟ اس کا حساب کرلیں، اسے کم کرکے اگر باقی مال نصاب کو پہنچے تو اس کی زکوٰۃ نکالیں ۔

سوال نمبر 369

میں ایک سرکاری سکول میں کام کرتا ہوں، جہاں بچے عام غریب گھروں سے آتے ہیں، جن کے پاس بہ مشکل لکھنے کے لیے کاپیاں اور پنسل موجود ہوتے ہیں۔ کیا میں اپنی زکوٰۃ کی رقم سے ان کے لیے کاپیاں خرید سکتا ہوں؟

جواب:

جی ہاں، ایسا کرسکتے ہیں ۔

سوال نمبر 370

نماز میں امام کی ہوا خارج ہوگئی۔ وہ نماز پڑھاتا رہا۔ اس نے مقتدیوں کو نہیں بتایا۔ کیا وہ گناہ گار ہوگا؟ کیا مقتدیوں کی نماز ہوجائے گی؟

جواب:

جی ہاں، بالکل گناہ گار ہوگا۔ مقتدیوں کو معلوم نہ ہوپائے تو ان کی نماز ہوجائے گی ۔

سوال نمبر 371

کھانا کھانے کے دوران معتکف کے گلے میں کوئی چیز اٹک گئی، جو بہت کوشش کے باوجود نہیں نکل سکی۔ ڈاکٹر کا مشورہ ہے کہ Endoscopy سے ہی یہ اٹکی ہوئی چیز باہر نکل سکتی ہے۔ کیا معتکف کے ڈاکٹر کے پاس جانے سے اعتکاف ٹوٹ جائے گا؟

جواب:

ایسی حالت میں معتکف علاج کرائے، لیکن اعتکاف تو بہر حال ٹوٹ جائے گا۔ بعد میں ایک دن اور ایک رات کا اعتکاف کرے، روزہ کے ساتھ ۔

سوال نمبر 372

ایک پیر کے پنجے میں چوٹ لگ گئی۔ ڈاکٹر نے 10 دن کے لیے پٹی باندھ دی۔ اب وضو کا مسئلہ ہے۔ پورا وضو کیا جاسکتا ہے، لیکن جس پیر میں پٹی بندھی ہوئی ہے، اس کا کیا کریں؟

جواب:

اس پر مسح کرلیں ۔

سوال نمبر 373

کیا فطرہ کے پیسوں سے کسی غریب لڑکی کی شادی میں کوئی برتن دلایا جاسکتا ہے؟

جواب:

بہتر ہے کہ فطرہ نقدی کی شکل میں ادا کیا جائے، تاکہ غریب اپنے جس کام میں اسے خرچ کرنا چاہے، کرسکے ۔

سوال نمبر 374

کیا سحری کرنے کے بعد 10 بجے تک حیض کا خون آنا بند ہو جائے تو غسل کرکے روزہ رکھ سکتے ہیں؟

جواب :

جی نہیں، طلوع فجر کے بعد خون آتا ہے تو روزہ نہیں ہو گا ۔

سوال نمبر 375

سعودی عرب میں ایک دن پہلے روزہ رکھا جاتا ہے ۔ کوئی وہاں سے یہاں آئے تو وہ یہاں کے حساب سے روزہ رکھے گا؟ یا اسے روزہ چھوڑ دینا چاہیے؟

جواب :

اسے یہاں کے حساب سے روزہ رکھنا ہے، یہاں کے حساب سے عید منانا ہے ۔

سوال نمبر 376

میرے سیونگ اکاؤنٹ میں 5 لاکھ 20 ہزار روپے ہیں۔ اس میں سے 20 ہزار سود کے ہیں ۔ کیا مجھے زکوٰۃ 5 لاکھ 20 ہزار پر ادا کرنی ہے یا 5 لاکھ پر؟

جواب:

5 لاکھ پر زکوٰۃ واجب ہوگی، سود پر زکوٰۃ نہیں عائد ہوتی ۔

سوال نمبر 377

میری بہن کی معاشی حالت خراب ہے اور میں ہر ماہ اسے کرائے اور راشن وغیرہ کے لیے پانچ ہزار روپے دیتا ہوں ۔ کیا میں اس رقم کو زکوہ کی نیت کرکے دے سکتا ہوں؟

جواب:

جی ہاں، زکوٰۃ کی نیت سے دے سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 378

ہماری ملازمہ کی عمر 65 برس ہے۔ وہ diabetic ہے، جس کی وجہ سے وہ روزہ نہیں رکھ سکتی۔ غریب ہونے کی وجہ سے روزہ کا فدیہ بھی نہیں دے سکتی۔ کیا وہ گناہ گار ہوگی؟ کیا اس کے لیے ضروری ہے کہ سال بھر تھوڑا تھوڑا پس انداز کرکے چھوٹے ہوئے روزوں کا فدیہ ادا کرے؟ کیا میں اسے فدیہ ادا کرنے کے لیے زکوٰۃ دے سکتی ہوں؟

جواب:

غریب فدیہ نہیں ادا کرسکتا تو اس سے معاف ہے، اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا ہے۔ وہ زکوٰۃ کی مستحق ہے تو آپ اسے زکوٰۃ دے سکتی ہیں، فدیہ ادا کرنے کے لیے نہیں، عام ضروریات کے لیے ۔

سوال نمبر 379

ایک خاتون ضعیف ہونے کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتیں۔ قضا بھی نہیں کرسکتیں۔ کیا وہ تمام روزوں کا فدیہ ادا کرسکتی ہیں؟

جواب:

جی ہاں، کر سکتی ہیں ۔

سوال نمبر 380

ایک خاتون کا حیض بند ہونے کے سات آٹھ سال کے بعد ہلکا سا خون آیا ہے۔ کیا وہ ناپاک ہو گئیں اور روزہ ٹوٹ گیا؟

جواب:

اس کا امکان زیادہ ہے کہ یہ مرضی کیفیت ہو۔ کسی ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ مرضی کیفیت ہو تو روزہ نماز کر سکتی ہیں ۔

سوال نمبر 381

روزوں کے کفارے کا پیسہ کیا مسجد میں دے سکتے ہیں؟ یا صرف ضرورت مند کو ہی دیا جا سکتا ہے؟

جواب:

فدیہ کا پیسہ مسجد میں دینا جائز نہیں، ضرورت مندوں کو دیں ۔

سوال نمبر 382

صدقۂ فطر کیا عید سے ایک روز پہلے ہی دینا ضروری ہے، یا کچھ اور پہلے بھی ادا کیا جا سکتا ہے؟

جواب:

نمازِ عید سے پہلے آخری حد ہے۔ اس سے پہلے کبھی بھی صدقۂ فطر ادا کیا جا سکتا ہے ۔

سوال نمبر 383

کیا زکوٰۃ کی رقم کسی غریب کے کفن دفن میں استعمال کر سکتے ہیں؟

جواب:

زکوٰۃ میت کے ورثہ کو دی جا سکتی ہے کہ وہ اس کے ذریعے کفن دفن کا انتظام کر لیں ۔

سوال نمبر 384

جمعہ کی نماز کے لیے مسجد میں خواتین کے لیے جگہ نہیں ہے۔ مسجد سے کچھ فاصلے پر ایک مدرسہ ہے، جس کا ہال استعمال کیا جا سکتا ہے۔ وہاں مائک لگا دیا جائے تو کیا مسجد کے امام کے پیچھے مدرسے کے ہال میں نماز پڑھنے والی خواتین کی نماز ہو جائے گی؟

جواب:

مسجد سے متصل کوئی جگہ ہو تو وہاں نماز ہو جائے گی۔ کافی فاصلہ ہونے کی وجہ سے ہال میں نماز نہیں ہو گی۔ خواتین ظہر کی نماز پڑھ لیں ۔

سوال نمبر 385

میں روزہ سے ہوں۔ کھانسی بہت زیادہ ہے۔ بھپارہ لینے سے کچھ سکون ملتا ہے۔ کیا روزہ کی حالت میں بھپارہ لے سکتی ہوں ؟

جواب:

روزہ کی حالت میں بھپارہ لینے کو فقہاء نے ناجائز کہا ہے۔ علاج کرائیں، ڈاکٹر کو دکھائیں، دوائیں لیں، بھپارہ استعمال کریں۔ جب طبیعت ٹھیک ہو جائے تو چھوٹے ہوئے روزوں کی قضا کریں ۔

سوال نمبر 386

ختم تراویح کے بعد عموماً ہماری مساجد میں شیرینی کی تقسیم کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ بعض علماء اسے بدعت کہتے ہیں۔ آپ کی کیا رائے ہے ؟

جواب:

ختم قرآن پر شیرینی تقسیم کرنا بدعت نہیں ہے۔ تقسیم کی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 387

ہم لوگ مکہ مکرمہ میں کام کرتے ہیں ۔ کیمپ سے عمرہ کرنے کے لیے جاتے ہوئے روم ہی پر غسل کر کے احرام باندھ کر مسجد عائشہ جاتے ہیں، تاکہ نارمل کپڑے ساتھ میں رکھنے کی ٹینشن نہ رہے۔ وہاں احرام اتار کر دوبارہ غسل کر کے پھر احرام باندھ لیتے ہیں اور عمرہ کی نیت کر لیتے ہیں۔ کچھ لوگ کہہ رہے ہیں کہ ایک بار احرام باندھنے کے بعد اسے کھولنا درست نہیں ہے۔ کیا ان کی بات صحیح ہے ؟

جواب:

ان کی بات صحیح نہیں ہے۔ احرام باندھنے کے بعد حسب ضرورت غسل کر کے دوبارہ احرام پہنا جاسکتا ہے ۔

سوال نمبر 388

گاؤں میں ایک لڑکی کا اِنتقال ہو گیا ہے۔ لڑکی کے والد مسجد میں اعتکاف میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ کیا وہ اپنی بیٹی کے جنازہ میں شریک ہو سکتے ہیں؟

جواب:

وہ جنازہ میں ضرور شرکت کریں، لیکن اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ بعد میں ایک دن ایک رات روزہ کے ساتھ بہ طور قضا اعتکاف کریں۔

سوال نمبر 389

کیا عورتیں عید کی نماز گھر پر باجماعت ادا کر سکتی ہیں؟

جواب:

عید کی نماز گھر پر پڑھنا جائز نہیں، عورتوں کے لیے بھی نہیں۔

سوال نمبر 390

کیا خوشبو والی اگر بتّی سے روزے پر فرق پڑتا ہے؟

جواب:

کوئی فرق نہیں پڑتا۔

سوال نمبر 391

میں ایک غریب شخص کو ہر ماہ دوا کے لیے کچھ رقم دیتا ہوں۔ کیا اس مہینے صدقۂ فطر کی نیت سے دے سکتا ہوں؟ یا صدقہ فطر الگ سے نکالنا پڑے گا؟

جواب:

صدقۂ فطر کی نیت سے دے سکتے ہیں۔

سوال نمبر 392

ایک لڑکی بیوہ ہو گئی ہے۔ اس کی کوئی اولاد نہیں ہے۔ سسرال میں عدت گزارنے میں کچھ پریشانی ہے۔ کیا وہ میکے آکر وہاں عدت گزار سکتی ہے؟

جواب:

اگر سسرال میں عدت گزارنے میں بیوہ کو کوئی عذر ہو تو وہ میکے میں عدت گزار سکتی ہے، لیکن جہاں منتقل ہو وہاں پوری عدت گزارے، ایسا نہ ہو کہ چند دن ایک جگہ رہے، چند دن دوسری جگہ۔

سوال نمبر 393

کیابیوی کے ماں باپ کوزکوٰۃ دی جاسکتی ہے؟

جواب:

جی ہاں، اگر ساس سسر غریب ہوں تو انہیں زکوٰۃ دی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 394

کیارمضان کی طاق راتوں میں سے کسی رات میں بیوی سے ہم بستری کرسکتے ہیں؟

جواب:

ماہِ رمضان میں کسی بھی دن غروبِ آفتاب سے لے کر ختمِ سحری تک کسی بھی وقت بیوی سے ہم بستری کرسکتے ہیں۔ قرآن مجید میں اس کی اجازت دی گئی ہے۔(البقرۃ:187) غروب آفتاب ہوتے ہی ہم بستری کے ذریعے روزہ کھول بھی سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 395

ایک مطلّقہ خاتون کے پاس 3 لاکھ روپے ہیں، جسے انہوں نے کسی کاروبار میں لگادیاہے۔ اس سے انہیں ماہانہ کبھی چار ہزار، کبھی ساڑھے چار ہزار اور کبھی پانچ ہزار روپے ملتے ہیں۔ آمدنی کا کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہے، گزر بسر بہت مشکل سے ہوتی ہے، علاوہ ازیں ان کے پاس تھوڑابہت زیور بھی ہے، مگر ظاہری حالات بہت خراب ہیں۔ وہ زکوٰۃ کیسے ادا کریں گی؟ وہ صاحبِ نصاب ہوں گی یا مستحقِ زکوٰۃ؟

جواب:

تھوڑا بہت زیور کیا مطلب؟ متعین طور سے بتانا چاہیے کہ کتنا زیور ہے؟ فقہاء نے چاندی کو اسٹینڈرڈ مانا ہے، اس حساب سے ان پر زکوٰۃ واجب ہوگی اور انہیں زکوٰۃ نہیں دی جاسکتی۔ بعض فقہاء کے نزدیک سونا اسٹینڈرڈ ہے، اس حساب سے اگر رقم اور زیور کی کل مالیت ساڑھے چار لاکھ روپے سے زائد ہے تو وہ صاحبِ نصاب ہوں گی، ان پر زکوٰۃ واجب ہوگی اور وہ مستحقِ زکوٰۃ نہیں ہوں گی ۔

سوال نمبر 396

کسی شخص کے پاس نصاب سے کم سونے کے زیورات اور نصاب سے کم چاندی کے زیورات ہیں اور وہ شخص پچاس ساٹھ ہزار روپے کا قرض دار بھی ہے تو کیا اسے زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی؟

جواب:

اس کے پاس جتنا مال ہے اس میں سے ایک سال میں قابل ادائیگی قرض کم کرے، باقی اگر نصاب کو پہنچے تو زکوٰۃ واجب ہوگی، ورنہ نہیں ۔

سوال نمبر 397

کیا لڑکیاں پارلر میں ہیئر کلر کرا سکتی ہیں، اگر ان کے بال سفید ہو رہے ہوں؟

جواب:

کرا سکتی ہیں، لیکن پارلر میں کسی عورت سے کام کروائیں ۔

سوال نمبر 398

کیا تراویح کے امام کو زکوٰۃ بنا بتائے دی جا سکتی ہے؟ ایک پندرہ سولہ سال کے بچے نے عورتوں کو تراویح پڑھائی ہے۔ کیا اس کو بنا بتائے زکوٰۃ دی جا سکتی ہے؟

جواب:

جس نے کوئی کام کیا اسے زکوٰۃ کے علاوہ دیگر مال سے اجرت دینی چاہیے۔ اس کے علاوہ اس کی غربت کے پیش نظر اسے زکوٰۃ دی جا سکتی ہے ۔

سوال نمبر 399

اگر تسلسل سے قرآن کی تلاوت کرتے ہوئے سورۂ کہف آجائے اور دن جمعہ کا ہو تو کیا اس شخص کو سورۂ کہف الگ سے پڑھنا ہوگا یا اسی تلاوت میں اُس کا ثواب مِل جائے گا؟

جواب:

سورۂ کہف کو دوبار پڑھنے کی ضرورت نہیں، ایک بار پڑھنا کافی ہے ۔

سوال نمبر 400

دورانِ تلاوت سجدہ کی آیت آجائے تو سجدہ اُسی وقت کرنا بہتر ہے، یا تلاوت مکمل ہونے کے بعد کر سکتے ہیں؟

جواب:

اُسی وقت سجدہ کرنا بہتر ہے۔ اگر کوئی عذر ہو تو بعد میں کر سکتے ہیں

سوال نمبر 401

اگر بیماری کی وجہ سے روزہ چھوٹ جائے تو کیا اس کی قضا کرنے کے ساتھ فدیہ بھی ادا کرنا پڑے گا؟

جواب:

اگر بیماری عارضی ہے، جلد شفا ملنے کی امید ہے تو صرف قضا کرنی ہوگی۔ اگر بیماری مستقل ہے تو فدیہ کافی ہے، قضا نہیں ہے ۔

سوال نمبر402

کیا اذان سے دس منٹ پہلے سحری کھانا بند کر دینا چاہیے؟

جواب:

طلوع فجر کا جو وقت ہے اس وقت تک سحری کھا سکتے ہیں۔ اذان کہیں فوراً ہو جاتی ہے، کہیں دیر میں ۔

سوال نمبر403

نماز پڑھی جارہی ہے۔ آگے جگہ باقی ہے تو کیا نمازی کے آگے سے گزر سکتے ہیں؟ مسجد میں جو والینٹیرز انتظامات کے لیے مختص ہیں، صفوں کو سیدھی کروانے یا کرسی وغیرہ اٹھانے کے لیے، کیا وہ نمازی کے آگے سے گزر سکتے ہیں؟

جواب:

نمازی کے آگے سے گزرنا جائز نہیں، البتہ اگر مسجد بڑی ہو تو نمازی کے آگے دو صف چھوڑ کر گزرا جا سکتا ہے۔ یہ حکم نمازیوں اور منتظمین سب کے لیے ہے ۔

سوال نمبر404

سجدۂ تلاوت کیا قرآن پڑھتے پڑھتے قرآن پر ہی جھک جانے سے ہو جائے گا، یا الگ سے جائے نماز بچھا کر کرنا ہو گا؟

جواب:

سجدۂ تلاوت الگ سے اس طرح کرنا چاہیے جس طرح نماز میں کیا جاتا ہے ۔

سوال نمبر405

تراویح کے دوران بعض عورتیں اپنے بچوں کو لے کر صفوں میں نماز پڑھتی ہیں، بچے نماز نہیں پڑھتے، مگر صفوں میں ہی لیٹے بیٹھے رہتے ہیں۔ کیا صف پوری مانی جائے گی، جب کہ دو تین نمازیوں کی جگہ خالی رہتی ہے، مطلب اتنا گیپ رہتا ہے ۔

جواب:

چھوٹے بچوں کو ساتھ لانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ کے زمانے میں خواتین اپنے چھوٹے بچوں کے ساتھ مسجدِ نبوی میں آیا کرتی تھیں اور جماعت میں شامل ہوتی تھیں۔ اس سے کچھ خلل ہوتا ہے تو اسے برداشت کرنا چاہیے ۔

سوال نمبر 406

بعض خواتین آٹھ رکعات تراویح پڑھ کر چلی جاتی ہیں۔ صفیں درمیان میں خالی رہ جاتی ہیں، مگر دوسری خواتین انہیں پُر نہیں کرتیں۔ ہر صف میں تین چار نمازی ہی رہتے ہیں، یا بعض دفعہ پوری ایک صف خالی رہتی ہے۔ کافی پیچھے عورتیں دوسری صف بناتی ہیں۔ کیا یہ درست ہے؟

جواب:

صفوں کے درمیان جگہ نہیں چھوڑنی چاہیے۔ جگہ چھوڑنے سے نماز تو ہو جاتی ہے، لیکن مکروہ ہوتی ہے ۔

سوال نمبر 407

اگر سحری کھا کر روزہ رکھ لیا، لیکن صبح 11 بجے حیض آنے لگا تو روزہ توڑ دینا چاہیے، یا جاری رکھنا چاہیے؟

جواب:

حیض آنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اس کے بعد عورت کھا پی سکتی ہے۔ اس روزہ کی بعد میں اسے قضا کرنی ہوگی ۔

سوال نمبر 408

کیا روزہ کی حالت میں خون چیک (Blood test) کروا سکتے ہیں؟

جواب:

جی ہاں، روزہ کی حالت میں خون چیک کروا سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 409

زیورات کی تقسیم اولاد میں کیسے کریں؟

جواب:

کوئی بھی چیز اولاد کے درمیان میں تقسیم کرنی ہو تو عام حالات میں برابر تقسیم کرنی چاہیے ۔

سوال نمبر 410

کیا بزنس کے لیے، یا گھر کے لیے، یا کار کے لیے، بینک سے لون لے سکتے ہیں؟

جواب:

جو لون انٹرسٹ پر مبنی ہو، عام حالات میں اسے لینا جائز نہیں ہے، چاہے جس کام کے لیے لیا جائے۔ ہاں، بہت مجبوری ہو تو گنجائش ہو گی، اتنی ہی جتنی سخت ضرورت ہو۔

سوال نمبر 411

کیا قبرستان میں ہمہ وقتی (Parmanent) روشنی کی جاسکتی ہے؟

جواب:

فضول خرچی کا کیوں شوق ہے؟ کیا مردوں کو روشنی کی ضرورت ہوتی ہے؟

سوال نمبر 412

ایک خاتون کے والد صاحب کا انتقال ہو گیا۔ اسے ان کی طرف سے وراثت میں ایک زمین ملی تھی۔ اس نے اس زمین کو بیچ کر دوسری زمین خرید لی۔ تو کیا اس خریدی ہوئی زمین پر اسے زکوۃ نکالنی ہو گی؟

جواب:

اگر اس دوسری زمین کو بھی بیچنے کا ارادہ ہے تو اس پر ہر سال زکوٰۃ ادا کرنی ہو گی، ورنہ نہیں۔

سوال نمبر 413

میرے بڑے ابّو کا انتقال اس رمضان کے چھٹے روزہ کو ہوا ہے۔ اس پر خاندان والوں کے لیے عید الفطر منانے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب:

مرحوم کے لیے دعا کریں اور عید نارمل طریقے سے منائیں۔

سوال نمبر 414

بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس سال امت مسلمہ کو عید کی خوشی نہیں منانی چاہیے، کیوں کہ غزہ کے مسلمان ظلم و ستم کا نشانہ بنائے جارہے ہیں۔ اگر ہم عید مناتے ہیں تو ان پر ظلم ہو گا۔ اس کے متعلق رہ نمائی فرمایئے۔

جواب:

سوچنے کا یہ انداز درست نہیں ہے۔ کیا غزوۂ احد، جس میں 70 مسلمان شہید اور بہت سے زخمی ہو گئے تھے، اس

کے بعد اللہ کے رسول ﷺ نے ایسا اعلان کیا تھا؟ عید رمضان المبارک کے بعد خوشی کا موقع ہے۔ اسے نارمل طریقے سے منانا چاہیے اور غزہ کے مسلمانوں کی جن طریقوں سے حمایت، تائید اور مدد کی جاسکتی ہو، اس میں ذرا بھی دریغ نہیں کرنی چاہیے۔

سوال نمبر 415

کوئی مرد اگر بیوی کو تنہائی میں طلاق دے تو کیا واقع ہو جائے گی؟ سورۂ طلاق میں طلاق دیتے وقت گواہ بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔

جواب:

طلاق تنہائی میں دینے پر بھی واقع ہو جائے گی۔ سورۂ طلاق میں گواہ بنانے کا حکم لازمی نہیں ہے، بہتر ہے۔

سوال نمبر 416

اگر کوئی خاتون صاحبِ نصاب نہیں ہے، تھوڑا زیور ہے، پانچ چھ تولہ۔ شوہر کے پاس کچھ پلاٹ ہیں۔ دونوں کو ملا کر نصاب پورا ہو جائے گا تو کیا انہیں زکوٰۃ دینی ہو گی؟ جب کہ عورت صاحبِ نصاب نہیں ہے، مرد کے پاس پلاٹ ہے، ساتھ میں کئی لاکھ کا قرض بھی ہے تو زکوٰۃ کی ادائیگی کی کیا صورت ہو گی؟

جواب:

بیوی اپنا الگ حساب کرے اور شوہر الگ۔ بیوی کے پاس زیور نصاب سے کم ہیں تو اس پر زکوٰۃ نہیں۔ شوہر کے پاس کتنا مال ہے: نقدی، شیئرز، مالِ تجارت، قابل فروخت پلاٹس وغیرہ، سب کا حساب کرے۔ اس پر جتنا قرض ہے اس میں سے کتنا ایک سال میں قابلِ ادائیگی ہے، اسے کم کرے، باقی مال اگر نصاب کو پہنچتا ہے تو اس کا 2.5٪ زکوٰۃ ادا کرے۔

سوال نمبر 417

کسی کے پاس کچھ سونا، کچھ چاندی ہے تو زکوٰۃ کس اعتبار سے نکالی جائے گی؟ جب کہ آج کے زمانے میں سونے چاندی کے ریٹ میں زمین آسمان کا فرق ہو گیا ہے۔ چالیس پچاس ہزار میں ساڑھے باون تولہ چاندی آسکتی ہے تو جس کے پاس ایک تولہ سونا ہو اس کو بھی زکوٰۃ دینی ہو گی؟

جواب:

فقہاء نے چاندی کو اسٹینڈرڈ مانا ہے، اس صورت میں اس کو بھی زکوٰۃ نکالنی ہو گی۔ البتہ بعض فقہاء کی رائے میں موجودہ دور میں سونا کو اسٹینڈرڈ ماننا چاہیے۔ یہ بات معقول معلوم ہوتی ہے۔ اس صورت میں جس کے پاس سونے کا نصاب (ساڑھے چار لاکھ روپے) پورا ہو اسی پر زکوٰۃ واجب ہو گی۔

سوال نمبر 418

بچوں کے لیے کچھ جانوروں کے کھلونے گھروں میں ہوتے ہیں، یا جانوروں کے اسٹیکر بچے لگاتے ہیں، کیا یہ جائز ہے؟

جواب: بچوں کی حد تک گنجائش ہے۔

سوال نمبر 419

ایک لڑکی کی شادی ابھی نہیں ہوئی ہے۔ اس کے لیے زیورات لیے گئے ہیں۔ کیا ان زیورات پر بھی زکوٰۃ ہے؟

جواب:

زیورات اگر نصاب کو پہنچتے ہیں تو ان پر زکوٰۃ ہے، چاہے ان کا مالک شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ۔

سوال نمبر 420

کیا زکوٰۃ کسی رشتے دار کو دی جا سکتی ہے، بغیر بتائے کہ یہ زکوٰۃ ہے؟

جواب:

زکوٰۃ غریب رشتے داروں کو دی جا سکتی ہے۔ انہیں بتانا ضروری نہیں، بلکہ نہ بتانا بہتر ہے کہ یہ زکوٰۃ ہے۔

سوال نمبر 421

کوئی عورت شوال کے چھ روزے مستقل رکھتی ہو اور ایام بیض (ہر قمری مہینے کی تیرہویں، چودھویں اور پندرہویں تاریخ) کے روزے بھی رکھتی ہو تو کیا وہ ایک ہی روزے میں شوال اور ایام بیض، دونوں طرح کے روزوں کی نیت کر سکتی ہے؟

جواب:

بعض علماء نے یہ رائے دی ہے کہ دو طرح کے روزوں کی ایک ساتھ نیت کی جا سکتی ہے۔ لیکن میری رائے ہے کہ کوئی ایک ہی نیت کرنی چاہیے۔ شوال کے چھ روزے عید کے بعد فوراً رکھے جا سکتے ہیں اور بعد میں بھی۔ مسلسل رکھے جا سکتے ہیں اور ناغہ کر کے بھی۔ ایام بیض کے روزے شوال کی تیرہ، چودہ پندرہ تاریخوں میں رکھنے چاہییے۔ دونوں طرح کے روزوں کو الگ الگ تاریخوں میں رکھنا چاہیے۔

سوال نمبر 422

قرآن ختم ہونے کے بعد کیا اس کا ثواب مرحومین کو پہنچا سکتے ہیں؟ اگر کر سکتے ہیں تو اس کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

جواب:

اس چکر میں نہ پڑیں۔ اپنی فکر کریں۔ مرحومین کے لیے بس دعا کریں۔

سوال نمبر 423

ایک خاتون ہے، جس کی 6 ماہ کی لڑکی ہے۔ اسے دوبارہ حمل ٹھہر گیا۔ اس نے حمل ختم کرنے والی گولی کھالی۔ یہ حرکت وہ تین بار کر چکی ہے۔ کیا یہ عمل گناہ میں شامل ہوگا؟

جواب:

جی ہاں، بالکل گناہ ہوگا۔ بغیر کسی عذر کے حمل گرانے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔

سوال نمبر 424

ایک عورت اعتکاف میں تھی۔ اسے حیض شروع ہو گیا۔ کیا اس کا اعتکاف ٹوٹ گیا؟ وہ اب کیا کرے؟

جواب:

اس کا اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ اب اسے اس کی قضا کرنی ہوگی۔ اعتکاف کی قضا بعد میں ایک دن ایک رات کا اعتکاف روزہ کے ساتھ ہے۔

سوال نمبر 425

کیا عید کی نماز کے فوراً بعد قبرستان جا سکتے ہیں؟

جواب:

جی ہاں، جا سکتے ہیں۔

سوال نمبر 426

کیا روزے میں سیلائن لگا سکتے ہیں؟

جواب:

جی ہاں، علاج کے لیے سلائن لگوانے کی اجازت ہے۔ محض کمزوری دوٗر کرنے اور طاقت حاصل کرنے کے لیے لگوانا جائز نہیں۔

سوال نمبر427

میں غیر شادی شدہ ہوں ۔ میرے پاس سونے کے کان کے بُندے ہیں ۔ اس کے علاوہ کچھ نہیں ۔ میرے والد صاحبِ نصاب ہیں۔ کیا میرے بُندوں پر بھی زکوٰۃ واجب ہے ؟

جواب:

آپ کے کان کے بُندوں پر زکوٰۃ نہیں، اس لیے کہ ان کی مالک آپ ہیں اور وہ نصاب کو نہیں پہنچتے۔ آپ کے والد صاحب نصاب کے مالک ہیں، انہیں زکوٰۃ نکالنی ہوگی ۔

سوال نمبر428

کیا کسی نو مسلم کی شادی پر زکوٰۃ کے پیسوں سے خرچ کیا جاسکتا ہے ؟

جواب:

وہ نو مسلم غریب ہو تو اس کی شادی کے مصارف زکوٰۃ سے برداشت کیے جاسکتے ہیں ۔

سوال نمبر429

کیا جو مال مارکیٹ میں ہے اس کی بھی زکوۃ دینی ہوگی ؟

جواب:

جی ہاں، اس پر بھی زکوٰۃ عائد ہوگی ۔

سوال نمبر 430

دو خاندانوں کے درمیان شادی کا رشتہ طے ہو گیا ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ لڑکے والے نہایت شریف لوگ ہیں، لیکن لڑکی والے اچھے نہیں ہیں۔ کیا میں لڑکے والوں کو لڑکی والوں کی کمزوریاں اور خامیاں بتا سکتا ہوں۔ لڑکی والوں نے مجھ سے مشورہ نہیں مانگا ہے۔

جواب:

جب لڑکی والوں نے مشورہ نہیں مانگا ہے تو آپ کو خاموش رہنا چاہیے ۔

سوال نمبر 431

ایک عورت کے پاس 20 تولہ چاندی اور 2 تولہ سونا ہے۔ کیا وہ دونوں کو جمع کرکے زکوٰۃ نکالے گی؟

جواب:

جی ہاں، وہ دونوں کو جمع کر کے کل پر زکوٰۃ نکالے گی ۔

سوال نمبر 432

اگر شوہر سیّد ہو، لیکن بیوی سیّد نہ ہو، تو کیا بیوی کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے ؟

جواب:

جن فقہا کے نزدیک سیّد کو زکوٰۃ دینی جائز نہیں، ان کے نزدیک غیر سیّد بیوی کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔ ویسے بعض فقہاء کے نزدیک آلِ رسول کو زکوٰۃ کی ممانعت صرف عہدِ نبوی میں تھی، جب مالِ غنیمت میں خُمس (پانچواں حصہ) آپ کے لیے خاص تھا۔ اب غریب سیّد کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے ۔

سوال نمبر 433

ایک صاحب آرمینیہ کام کے سلسلے میں گئے ہیں۔ وہاں انہیں کوئی کام نہیں ملا، جس سے وہ بہت پریشان ہیں۔ اب انہیں ایک کام یہ ملا ہے کہ سور کا گوشت (Pork) کہیں سے اٹھا کر ہوٹل کے کچن میں پہنچانا ہے۔ کیا ایک مسلمان کے لیے جب تک کوئی دوسرا کام نہیں ملتا، یہ کام کرنا درست ہے ؟

جواب:

آدمی خود فیصلہ کرے کہ کیا وہ سور کھانے کے درجے میں پہنچ گیا ہے ؟

سوال نمبر 434

کیا بیت المال سے کسی کو قرض حسن دینا جائز ہے یا نہیں ؟ ہمارے یہاں بیت المال میں زکوٰۃ کا ہی فنڈ ہے، قرضِ اسی فنڈ سے دیا جائے گا ۔

جواب:

زکوٰۃ کا کسی غریب کو مالک بنانا ضروری ہے۔ قرض حسن میں مالک نہیں بنایا جاتا، بلکہ حسبِ سہولت واپسی کے لیے کہا جاتا ہے، اس لیے عام حالات میں زکوٰۃ کی رقم کو قرض حسن کے طور پر نہیں دینا چاہیے۔ کوئی ایمر جنسی ہو تو مختصر مدت کے لیے دے سکتے ہیں۔ بہر حال پیسہ ڈوبنے نہ پائے ۔

سوال نمبر 435

میں نے اپنی بچی کے نام، جو ابھی نابالغ ہے، کچھ پیسے جمع کر رکھے ہیں۔ کیا ان پر زکوٰۃ دینی ہے ؟

جواب:

اس رقم کا بچی کو مالک بنادیں (اس میں تصرف نہ کریں، اسے بچی کے لیے خاص کر دیں) تو اس پر زکوٰۃ نہیں۔ نابالغ احکام کا مکلّف نہیں ہوتا۔

سوال نمبر 436

تحیّۃ الوضوء کی نماز کیا عصر کے وقت بھی پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

جی ہاں، پڑھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر 437

تراویح میں ہر چار رکعت کے بعد جو دعا پڑھی جاتی ہے، کیا وہ حدیث سے ثابت ہے؟

جواب:

اَحادیث سے ثابت نہیں ہے، پڑھنا ضروری نہیں، لیکن پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال نمبر 438

کیا صدقۂ فطر نقدی کی شکل میں دیا جاسکتا ہے؟

جواب:

جی ہاں، صدقۂ فطر نقدی کی شکل میں دیا جاسکتا ہے، بلکہ نقد دینا بہتر ہے، تاکہ غریب جس کام میں چاہے اسے استعمال کر سکے۔

سوال نمبر 439

کیا شبِ قدر میں پوری رات جاگنا ضروری ہے، یا کچھ دیر سو بھی سکتے ہیں؟ کیوں کہ نیند بہت آتی ہے۔

جواب:

شبِ قدر میں پوری رات جاگنا ضروری نہیں۔ جتنی دیر جاگ کر عبادت کر سکیں، اچھا ہے۔

سوال نمبر 440

کیا قرآن مجید ختم کرنے کے بعد اسے مرحومین کے لیے بخش دینا چاہیے؟

جواب:

قرآن مجید بخشنا بے بنیاد ہے۔ قرآن ختم ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ اس نے قرآن سننے اور پڑھنے کی توفیق دی ۔

سوال نمبر 441

میرے spinal cord کا disc slip ہو جانے کے وجہ سے lower back pain ہے،اس وجہ سے جھکنے میں دقّت ہو رہی ہے۔ کیا ایسی صورت میں کرسی پر بیٹھ کر نماز ادا کر سکتے ہیں،جب تک تکلیف دوٗر نہیں ہو جاتی؟

جواب:

جی ہاں،اس صورت میں نماز کرسی پر بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 442

عورت کے اعتکاف میں بیٹھنے سے پہلے رشتے داروں کو اطلاع کرنا کیسا ہے؟

جواب:

اعتکاف اللہ کے لیے کیا جارہا ہے تو رشتے داروں کو خبر کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ کیا آپ مثلاً ظہر کی نماز پڑھنے جاتی ہیں تو رشتے داروں کو اطلاع کرتی ہیں؟ !

سوال نمبر 443

کیا ایک سفر میں ایک سے زائد عمرے کیے جاسکتے ہیں؟

جواب:

اللہ کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ایک سفر میں ایک ہی عمرہ کیا ہے۔ لیکن آج کل لوگ عمرے پر عمرہ کرتے ہیں ۔.

سوال نمبر 444

کیا عورتیں گھر پر صلاۃ الکسوف (سورج گرہن کی نماز) پڑھ سکتی ہیں؟

جواب:

جی ہاں، پڑھ سکتی ہیں ۔

سوال نمبر 445

کیا احتلام سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:

احتلام سے روزہ نہیں ٹوٹتا، لیکن فوراً غسل کرلینا چاہیے۔ زیادہ دیر ناپاکی کی حالت میں نہیں رہنا چاہیے ۔

سوال نمبر 446

قضا روزے رکھنے سے پہلے کیا شوال یا دوسرے روزے رکھے جاسکتے ہیں؟

جواب:

رکھے جاسکتے ہیں ۔

سوال نمبر 447

رمضان المبارک کی آخری رات کو لیلۃ الجائزہ (انعام کی رات) کہا جاتا ہے۔ اس میں عبادات کرنے کی تلقین کی جاتی ہے۔ کیا یہ حدیث سے ثابت ہے؟ کیا اس کی بھی طاق راتوں جیسی اہمیت ہے؟ اگر حدیث سے ثابت ہے تو کیا پوری رات جاگنا ضروری ہے؟

جواب:

لیلۃ الجائزۃ کا ذکر بعض احادیث میں ہے، لیکن وہ سند کے لحاظ سے ضعیف ہیں ۔

سوال نمبر 448

نماز میں جب ہم جلسہ کی حالت میں ہوتے ہیں تب کیا تشہد اور درود ابراہیمی اور دعائے ماثور پڑھنا ضروری ہے؟ اصل میں تراویح کی نماز میں تشہد پڑھنے تک سلام پھیر دیا جاتا ہے تو باقی چیزیں چھوٹ جاتی ہے۔ کیا اگر ان تینوں میں سے کوئی چیز چھوڑ جائے تو نماز ہو گی یا نہیں؟

جواب:

قعدہ میں تشہد پڑھنا ضروری ہے، باقی چیزیں اختیاری ہیں۔ اگر چھوٹ جائیں تو بھی نماز ہو جائے گی ۔

سوال نمبر 449

کیا صدقۂ فطر کی ادائیگی کے لیے نصابِ زکوٰۃ کا مالک ہونا ضروری ہے؟

جواب:

فقہ حنفی میں کہا گیا ہے کہ صدقۂ فطر کی ادائیگی اس پر واجب ہے جو نصابِ زکوٰۃ کا مالک ہو۔ دیگر ائمہ کے نزدیک نصابِ زکوٰۃ کا مالک ہونا ضروری نہیں۔ ہر صاحبِ حیثیت کو صدقۂ فطر ادا کرنا چاہیے ۔

سوال نمبر 450

لڑکی کی شادی کے لیے کچھ رقم جمع کی گئی ہے۔ لڑکی کے والد معذور ہیں، کچھ کما نہیں سکتے۔ کیا ان پیسوں پر زکوۃ واجب ہو گی؟

جواب:

اگر رقم نصاب کو پہنچتی ہے تو اس پر زکوۃ واجب ہو گی؟

سوال نمبر 451

کیا جو لوگ مر چکے ہیں، مثلاً والدین، اولا دیا رشتے دار، ان کے لیے اگر ہم نفلی روزے رکھیں، یا کوئی اور نیک کام کریں تو اس کا ثواب ان کو پہنچتا ہے؟

جواب:

ایصالِ ثواب کا جو طریقہ مسلم سماج میں رائج ہو گیا ہے وہ قرآن و سنت سے ثابت نہیں ہے۔ ایک شخص نے زندگی بھر قرآن کو ہاتھ نہیں لگایا، اس کے مرنے کے بعد اگر کچھ لوگ جمع ہو کر 10 قرآن ختم کر کے اسے بخش دیں تو اس کا ثواب اسے پہنچے گا؟ ہر گز نہیں پہنچے گا۔ قرآن مجید میں صراحت ہے: ”کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔“ یعنی ہر شخص اپنے اعمال کا ذمے دار ہے۔ اس کے مرنے کے بعد دوسرے لوگ اس کے اعمال میں اضافہ نہیں کر سکتے۔ ہاں صحیح احادیث سے جتنا ثابت ہے، اتنا ممکن ہے۔ وہ یہ کہ کوئی شخص صدقۂ جاریہ کر جائے، یا کوئی علم چھوڑ جائے، یا اس کی نیک اولاد ہو، جو اس کے حق میں دعا کرتی رہے تو اس کا اجر اسے مرنے کے بعد بھی ملتا رہے گا۔

سوال نمبر 452

اگر کوئی شخص کھجور کے حساب سے صدقۂ فطر نکالنا چاہے تو کتنے روپے نکالے گا؟

جواب:

سوا تین کلو کھجور کی جو قیمت ہو۔

سوال نمبر 453

کیا نماز جنازہ عصر کے بعد پڑھ سکتے ہیں؟

جواب:

نماز عصر کے بعد سورج زرد پڑ جانے سے پہلے نمازِ جنازہ پڑھ لینی چاہیے۔ ویسے اگر اس کے بعد جنازہ تیار ہو کر آجائے تو اُس وقت بھی پڑھی جا سکتی ہے۔

سوال نمبر 454

میں ایک بیت المال کا ادنیٰ کارکن ہوں۔ ایک صاحب نے مجھے کھجوریں دیں، تاکہ اس سے مسجد میں لوگوں کو افطار کرادوں۔ اسے لے جاتے ہوئے راستے میں ہی افطار کا وقت ہو گیا۔ میں نے گاڑی میں سب لوگوں کو اسی سے افطار کرایا اور خود بھی دو کھجوریں کھائیں۔ کیا یہ عمل درست ہے؟ یا مجھے بیت المال کی طرف اس کی ادائیگی کرنی پڑے گی؟

جواب:

آپ کا عمل درست ہے۔ کھجوریں دینے والے کا مقصود بھی یہی تھا۔ اگر کچھ کھجوریں بچی ہیں تو انہیں اگلے دن مسجد میں نمازیوں کو کھلا دیں۔

سوال نمبر 455

کسوف (سورج گرہن) کی دو رکعت نفل یہاں پڑھائی گئی۔ ہر رکعت میں دو رکوع اور دو سجدے کیے گئے۔ کیا یہ طریقہ درست ہے، یا اسے نمازِ فجر کی طرح ادا کرنا چاہیے تھا؟

جواب:

درست طریقے سے نماز پڑھائی گئی۔ حدیث میں ہر رکعت میں دو رکوع کا ذکر ہے۔ دونوں رکوع کے درمیان بھی قرآن پڑھا جائے گا۔

سوال نمبر 456

کل ہمارے ہاں مسجد میں قرآن مجید ختم ہوا، مگر دعائے ختم القرآن نہیں پڑھائی گئی۔ اس کا کیا طریقہ ہے؟ کیا آج پڑھا سکتے ہیں؟

جواب:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے کہ وہ قرآن ختم کرتے وقت اپنے گھر والوں کو جمع کر کے دعا کرتے تھے۔ اس کی بنیاد پر ختم قرآن کے وقت دعا کا جواز ثابت کیا جاتا ہے۔ اُس وقت دعا نہیں کی گئی تو اب ضرورت نہیں۔

سوال نمبر 457

کیا عید کی نماز عید گاہ میں پڑھنا افضل ہے؟ مسجد میں پڑھنی مکروہ ہے؟

جواب:

اللہ کے رسول ﷺ کا معمول تھا کہ آپ عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی نمازیں آبادی سے باہر نکل کر عید گاہ میں ادا کرتے تھے، اس لیے اگر کسی بستی میں عید گاہ ہو اور وہاں پہنچنا آسان ہو تو وہیں جا کر نمازِ عید ادا کرنی چاہیے۔ لیکن اب آبادی بہت زیادہ بڑھ جانے کی وجہ سے مسجدوں میں بھی بلا کراہت جائز ہے، البتہ بہتر ہے کہ نماز عید بڑی مسجدوں میں ادا کی جائے۔ چھوٹی چھوٹی مسجدوں میں نہ ادا کی جائے۔

سوال نمبر 458

عید کے بعد شوال کے روزے مسلسل رکھنے ہیں، یا ناغہ کر کے بھی رکھے جا سکتے ہیں؟

جواب:

جس طریقے میں سہولت ہو اسے اختیار کیا جا سکتا ہے۔

سوال نمبر 459

اگر ایک ماہ کے اوپر چند دن ہو گیے۔ معلوم کرنے پر پتا لگا کہ حمل رہ گیا ہے تو کیا اس وقت حمل ختم کرنے کی گولی کھا سکتے ہیں؟ بہت سے لوگوں کا کہنا ہے کہ 50 دن کے اندر کھا سکتے ہیں، اس کا کوئی گناہ نہیں ہے۔ مولانا محترم رہنمائی کیجئے

جواب:

یہ بات درست نہیں ہے۔ دو میں سے ایک کوئی عذر ہو تو 120 دن کے اندر حمل ساقط کیا جا سکتا ہے۔ الٹرا ساؤنڈ سے معلوم ہو جائے کہ جنین ناقص ہے، یا حمل جاری رکھنے میں عورت کی جان یا صحت کو شدید خطرہ ہو۔

سوال نمبر 460

والد کا انتقال ہوئے ایک برس ہو گیا ہے۔ ابھی ترکہ تقسیم نہیں ہوا ہے۔ کیا ان پیسوں پر زکوۃ واجب ہو گی؟ اگر ہو گی تو کس پر ہو گی اور کون ادا کرے گا؟

جواب:

ترکہ جب تک تقسیم نہ ہو اس پر زکوۃ نہیں۔ لیکن ترکہ کو جلد از جلد تقسیم کر لینا چاہیے۔

سوال نمبر 461

جماعت کے بیت المالِ میں لوگ صدقۃ الفطر، فدیہ جمع کراتے ہیں۔ ان میں سے اکثر صدقۃ الفطر کو عید سے ایک دو دن پہلے جمع کرتے ہیں۔ ہم شروع رمضان میں ہی رمضان راشن کیٹس تقسیم کر دیتے ہیں، 10 رمضان تک۔ کیا صدقۃ الفطر اور فدیہ کی رقوم کو اُن کیٹس کی رقم میں شمار کیا جاسکتا ہے۔ فدیہ کی رقم کو عید سے پہلے ادا کرنا ضروری ہے، یا بعد میں بھی ادا ہو جائے گی؟

جواب:

جب کوئی رقم دی جائے تو اسے آئندہ شمار کریں، پہلے نہیں۔ افراد صدقۂ فطر کو عید سے پہلے ادا کریں، جماعت اسے عید کے بعد تقسیم کر سکتی ہے۔

سوال نمبر 462

عید الفطر کا چاند نکلنے کے بعد معتکف کتنی مدت تک اعتکاف میں رہ سکتا ہے؟

جواب:

معتکف عید کا چاند نکلنے کے بعد اعتکاف گاہ سے نکل سکتا ہے۔ چاہے تو رات بھی اعتکاف گاہ میں گزار لے۔

سوال نمبر 463

کیا مرحوم کی جانب سے بھی صدقۂ فطر ادا کیا جاسکتا ہے؟

جواب:

جن لوگوں کا انتقال ہو گیا وہ اپنے اعمال کا اجر پانے کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ ان کی فکر چھوڑیے اور زندوں کی فکر کیجیے، جو آپ کے زیر کفالت ہیں۔ عید کی نماز سے قبل تک اپنی اور ان کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کیجیے۔

سوال نمبر 464

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اس بار عید پر نئے کپڑے نہیں پہننا ہے، اہلِ غزہ کے غم میں شامل ہونے کے لیے۔ کیا یہ صحیح ہے؟

جواب:

یہ صحیح نہیں ہے۔ عید بھی منائیں، میسّر ہو تو نئے کپڑے پہنیں۔ ساتھ ہی اہلِ غزہ کے لیے دعا بھی کریں۔ غزوۂ احد میں 70 صحابہ شہید ہو گئے تھے، جن میں اللہ کے رسول ﷺ کے محبوب چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بھی

تھے، لیکن آپ نے اگلی عید کے موقع پر اعلان نہیں کیا کہ ہم یہ عید سادہ طریقے سے منائیں گے۔ اسلامی تاریخ میں بڑے بڑے حادثات ہوئے، مگر یہ بات نہیں کہی گئی۔

سوال نمبر 465

ایک ویڈیو دیکھی، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کے ہندو افسروں کو خانۂ کعبہ کے اندر لے جایا جارہا ہے۔ کیا یہ جائز ہے۔

جواب:

پریشان نہ ہوں۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک غیر مسلم کا داخلہ حرم میں جائز ہے۔

سوال نمبر 466

میرے کچھ پیسے لوگوں کے پاس ہیں، کچھ مل گئے ہیں اور کچھ ملنے ہیں، پکا یقین نہیں ہے کہ ملیں گے یا نہیں، کافی سال ہوگئے ہیں۔ ایسے میں زکوۃ کا کیا حکم ہے؟ کیا جو مال میرے پاس نہیں ہے اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی؟ اگر مل جائے تو کب سے کب تک کی زکوٰۃ دینی ہوگی؟ مجھ سے کچھ لوگوں نے قرض لیا ہے، کیا اس کی زکوۃ مجھے ادا کرنی ہے؟ اگر ملنے کی امید نہ ہو تو بھی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی؟ اگر پیسے تھوڑے تھوڑے مل رہے ہوں تو زکوٰۃ کس طرح ادا کرنی ہوگی؟

جواب:

جس قرض کے واپس ملنے کی قطعی امید ہو اس کی زکوۃ نکالنی ہے۔ جس کے ملنے کی امید نہ ہو یا کم ہو اس پر زکوٰۃ نہیں۔ اگر مل جائے تو آئندہ اس کی زکوۃ نکالنی ہے۔ تھوڑے تھوڑے مل رہے ہوں تو انہیں باقی مال میں شامل کر کے ان کی زکوٰۃ نکالنی ہوگی۔

سوال نمبر 467

آج سحری میں آنکھ نہیں کھلی۔ کیا بغیر سحری کھائے روزہ رکھ سکتا ہوں؟

جواب:

جی ہاں، بغیر سحری کھائے روزہ رکھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر 468

ایک صاحب عمرہ پر گئے ہیں اور وہیں عید کر رہے ہیں۔ وہ صدقۂ فطر کہاں کے حساب سے ادا کریں؟

جواب:

ان سے کہیے: عید سے پہلے صدقہ فطر نکال دیں، چاہے جہاں، چاہے جہاں کے اعتبار سے ۔

سوال نمبر 469

شوال کے روزوں کے بارے میں رہ نمائی فرمائیں۔ ان کی حقیقت، تعداد، فضیلت وغیرہ۔ کیا یہ روزے مسلسل رکھنا ضروری ہے، یا شوال میں کبھی بھی رکھ سکتے ہیں؟

جواب:

احادیث میں ان کا ذکر ہے:

''جس نے رمضان کے روزوں کے ساتھ شوال کے 6 روزے رکھے اس نے گویا ہمیشہ روزہ رکھا۔'' پورے شوال میں کبھی بھی رکھے جا سکتے ہیں، مسلسل یا گیپ کر کے ۔

سوال نمبر 470

کیا صدقہ فطر روپے کی شکل میں ادا کیا جا سکتا ہے، یا اناج ہی دینا ضروری ہے؟

جواب:

صدقۂ فطر نقدی کی شکل میں بھی ادا کیا جا سکتا ہے، بلکہ آج کے دور میں نقدی کی شکل میں ادا کرنا بہتر ہے۔ تاکہ جس کو رقم دی جائے وہ اپنے کسی بھی کام میں استعمال کر سکے۔

کلماتِ تشکّر

شعبان کی آخری تاریخوں میں ایک دن خیال آیا کہ کیوں نہ ماہ رمضان المبارک میں احباب کے جن سوال نمبرات کے جوابات انفرادی طور پر دوں انہیں جمع کرکے فیس بک پیج اور واٹس ایپ گروپس پر عام کردیا کروں، تاکہ دوسرے لوگوں کو بھی فائدہ ہو۔ اس کے لیے روزانہ کچھ وقت صرف کرنا پڑے گا، یہ سوچ کر ہمّت نہیں ہورہی تھی، لیکن پھر اللہ کا نام لے کر کام کا آغاز کردیا۔ الحمد للہ آج یہ سلسلہ اختتام کو پہنچا۔ صرف وہ سوال نمبرات اور ان کے جوابات جمع کیے جاسکے جو احباب لکھ کر دریافت کرتے تھے۔ اس سے کئی گنا زیادہ سوال نمبرات وہ تھے جو فون پر یا وائس میسیج کے ذریعے پوچھے جاتے تھے، ان کو ضبطِ تحریر میں لانے کی فرصت نہ تھی ۔ سوال نمبرات کرنے والوں میں بڑی تعداد خواتین اور لڑکیوں کی تھی۔ انھوں نے اپنے مخصوص مسائل بھی دریافت کیے۔ اس ضرورت کا احساس ہوا کہ کوئی ایسا پلیٹ فارم ہونا چاہیے جہاں سے خواتین اپنے مسائل کا حل معلوم کرسکیں ۔

اس عرصہ میں سوال نمبرات کرنے والوں کی طرف سے ڈھیر سی دعائیں مجھے ملیں۔ یہ دعائیں میرا قیمتی سرمایہ ہے ۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ انہیں شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ میں خدمت کے لیے آئندہ بھی حاضر رہوں گا۔ وقتِ ضرورت میرے واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کیا جاسکتا ہے:

+91-9582050234

مجلس میں شریک ہونے والوں کو عید الفطر کی ڈھیر سے مبارک باد

تقبّل اللہ منّا و منکم صالح الأعمال

الاحسان اکیڈمی بہرائچ

بہ یادگار: حضرت مولانا محمد احسان الحق قدس سرہ العزیز
مہتمم اول جامعہ مسعودیہ نور العلوم بہرائچ

الاحسان اکیڈمی بہرائچ ایک تحقیقی تصنیفی ادارہ ہے۔ جس کے اغراض و مقاصد یہ ہیں۔

۱: نسل کو اکابر و شخصیات بہرائچ سے متعارف کرانا۔

۲: شخصیات بہرائچ کی سوانح حیات پر علمی و تحقیقی کام انجام دینا۔

۳: اہم علمی نوادرات، مختلف موضوعات پر اکابر (خصوصا اکابرِ بہرائچ) کے ذریعے لکھی گئی قدیم کتب کی جدید اشاعت کرنا۔

۴: اکابر کی اہم علمی و تحقیقی کتابوں کا دوسری زبانوں میں ترجمہ کرانا۔

اکیڈمی اپنی خدمات اور سرگرمیاں انٹرنیٹ کی وساطت سے متعارف کرانے کا بھی نظم کرے گی۔

رفقائے اکیڈمی

جنید احمد نور ☆ کلیم احمد قاسمی ☆ وصی اللہ قاسمی

/ Alihsanbahraich
/ Alehsaanbahraich